الحمد للہ تعالیٰ

مجالس میلاد و محافل خیر بنیاد دین اکرم الکائنات اعظم الموجودات نور مجسم سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تشریف آوری کا اثبات دلائل قاطعہ و براہین لامعہ سے اس رسالہ متبرکہ میں کیا گیا ہے امر من آیات و احادیث و اقوال سلف و خلف کا حوالہ دیا گیا ہے مخالفین اگر بسر انصاف آئینگے تو ضرور اپنے خیالات باطلہ کی تصحیح فرمائینگے

مسمے باسم اعلے

تبشیر الوریٰ بحضور المصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

تصنیف لطیف

حامی سنت۔ ماحی بدعت۔ عالم نبیل۔ فاضل جلیل۔ جناب مولانا مولوی شاہ ابو الذکا سراج الدین محمد سلامت اللہ صاحب اعظم گڑھی امپوری دام اللہ فیضہ المعنوی و الصوری خلیفہ حضرت مولانا شاہ ارشاد حسین قدس سرہ

باہتمام ابو المساکین ضیاء الدین پیلی بھیتی عفا عنہ اللہ القوی

در مطبع حنفیہ جلیہ طبع پوشید

مخزن تحقیق

۱۳۱۵ھ

ملقب بہ

تحفۂ حنفیہ

سنہ ۱۳۲۲ھ	محرم	پرچہ ۱	جلد ۸

ہر تحفہ ایمان و سنت — عیاں ہیں اس سے انوار شریعت

الٰہی یہ رسالہ تا قیامت — رہے جاری بصد عز و کرامت

حضرات ناظرین آپ جانتے ہیں کہ یہ وہ رسالہ مبارکہ ہے جسکے مضامین ابھی بے بہای سنت سینوں کے تحفے ہیں سراسر حسنات دین و ایمان کی حفاظت کرنیوالے۔ بدمذہبی سے بچانیوالے یہی وہ مرد میدان ہے کہ اکیلا ہندوستان بھر کے بدمذہبوں کی خبر لیتا۔ اونکی جانوں پر قیامت برپا کرتا ہے جس بدمذہب نے سر اوٹھایا اُسنے اوسکو نیچا دکھایا۔ تائید سنت۔ رد کفر و بدعت اسکا منشا تحقیقات علمی کا حصہ ہے علم عقائد تفسیر حدیث فقہ کا چشمہ۔ تاریخی حالات بزرگان دین کا خزانہ ہے۔ جو کوئی گلستان سنت سنیہ و بوستان تحقیقات علمیہ کی سیر چاہے وہ ضرور یہ رسالہ ملاحظہ فرمائے۔

باہتمام ابو المساکین ضیاء الدین عفا عنہ اللہ المعین متوطن پیلی بھیت کے

مطبع حنفیہ بمقام پٹنہ محلہ مچھوا میں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سوال

کیا فرماتے ہین علماے دین اس مسئلے مین کہ حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تشریف آوری کی محافل متبرکہ مین خصوصاً محفل میلاد مبارک کیا مخالف ہے قواعد شرع شریف کے جیسا کہ زعم ہے مخالفین کا یا موافق قواعد شرعیہ کے تو اسکے ادلہ اور براہین کیا ہین بینوا توجروا ۔۔۔ ۲

الجواب واللہ سبحانہ الموفق للصدق والصواب

موافق ہے قواعد شرع شریف کے علے صاحبہا افضل الصلوات واکمل التحیات اور اسکے براہین واضحہ کثیرہ ہین ۔ مین چند برہان اس جگہ کتاب وسنت واجماع سے تحریر کرتا ہون اجمالاً وتفصیلاً **پہلی دلیل** آیت کریمہ والنازعات الی قولہ تعالیٰ فالمدبرات امرا **دوسری دلیل** قولہ تعالیٰ ولا تقولوا لمن یقتل فی سبیل اللہ اموات بل احیاء ولکن لا تشعرون **تیسری دلیل** قولہ عز وجل ۔ ولا تحسبن الذین قتلوا فی سبیل اللہ امواتا بل احیاء عند ربھم یرزقون فرحین الآیۃ **چوتھی دلیل** حدیث قدسی مشہور انا جلیس من ذکرنی **پانچوین دلیل** حدیث شریف ان الدنیا جنۃ الکافر وسجن المؤمن وانما مثل المؤمن حین تخرج نفسہ کمثل رجل کان فی سجن فاخرج منہ فجعل یتقلب فی الارض ویتفسح فیما جسکو روایت کیا

عبداللہ بن مبارک نے جو اساتذہ بخاری و شاگردان امام اعظم رضی اللہ تعالی عنہ سے ہین حضرت
عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ تعالی عنہما سے موقوفاً اور امام احمد حنبل رضی اللہ تعالی عنہ نے
اپنی مسند مین اور طبرانی نے معجم کبیر مین اور حاکم نے اپنی کتاب صحیح مستدرک مین اور ابو نعیم نے حلیہ
مین بسند صحیح مرفوعاً آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم سے اور ابو بکر بن ابی شیبہ نے اپنے مصنف مین
باین الفاظ الدنیا سجن المؤمن وجنة الکافر فاذا مات المؤمن یخلی سربه یسرح حیث شاء
چھٹی دلیل وہ حدیث جسکو روایت کیا ابن ابی الدنیا اور امام بیہقی نے حضرت سعید بن مسیب
رضی اللہ تعالی عنہ سے اون سلمان الفارسی وعبداللہ بن سلام التقیا فقال احدهما لصاحبه
ان لقیت ربك قبلی فاخبرنی ماذا لقیت فقال او تلقوا الاحیاء الاموات قال نعم اما المومنون
فان ارواحهم فی الجنة وهی تذهب حیث شاءت ساتوین دلیل حدیث ماکنت
تقول فی هذا الرجل آٹھوین دلیل اجماع امت اوپر افضلیت انبیا علیہم السلام کے شہدا اور
عامۂ مومنین پر خصوصاً افضلیت حضرت ختم رسالت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی کل پر مجمع علیہ اور
جب حیات شہدا قطعی ہوئی نص قطعی سے تو حیات انبیا بدرجۂ اولی اور جب جن حیات دنیوی مین
جہان چاہتے تھے جاتے تھے تو اب بعد موت کے جو حیات اخروی عطا ہوئی ہے تو وہ حیات
دنیوی سے بدرجہا افضل و بہتر اور باعث زیادت تجرد و آزادی اور پھر اونکی حضوری مین کیسا
شبہہ بعد تصریح آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے ساتھ اس بات کے کہ عوام مومنین کی روحین جہان
چاہتی ہین عالم مین پھرتی ہین کیا مومنین کو اختیار اور نبیین و مرسلین و خاتم النبیین کے لیے تجویز اخطر
معاذاللہ من هذه العقیدة نوین دلیل اقوال مفسرین دسوین دلیل اقوال محدثین و
شارحین احادیث گیارھوین دلیل اقوال عامۂ محققین جمہور سلف و خلف بارھوین
اقوال مقتدایان مخالفین - اب تفصیل انکی بقدر ضرورت ملاحظہ ہو پہلی آیات مسطورہ کی

تفسیر دیکھو۔ پھر نصوص محققین متقدمین و متاخرین آیت اولی کی تفسیر مین تحت آیۂ فالمدبرات
امرا کے صاحب روح البیان لکھتے ہین ثم ان النفوس الشریفة یظھر منھا آثار فی ھذا
العالم سواء کانت مفارقة عن الابدان او لا فتکون مدبرات الا تری ان الانسان قد
یری فی المنام ان بعض الاموات یرشده الی مطلوبه ویری استاذه فیسأله عن
مسألة فیحلھا له پھر اسپر چند بزرگون کی حکایت نقل کر کے لکھتے ہین ونظائره کثیرة لا تحصی
وقد یتخیل لبعض الاحیاء من جدار ونحوه علی بعض من له حاجة فیقضیھا وذلک
علی خرق العادة فاذا کان التدبیر بید الروح وھو فی ھذا الموطن فکذا اذا انتقل منه
الی البرزخ بل ھو بعد مفارقة البدن اشد تاثیرا وتدبیرا لان الجسد حجاب فی
الجملة الا تری ان الشمس اشد احراقا اذا لم یحجبھا غمام ونحوه انتھی تفسیر بیضاوی مین تحت
والنازعات کے مرقوم ہے او صفات النفوس الفاضلة حال المفارقة فانھا تنزع عن
الابدان غرقا ای نزعا شدیدا فتنشط الی عالم الملکوت وتسبح فیه فتسبق
الی حظائر القدس فتصیر لشرفھا وقوتھا من المدبرات نیز بیضاوی مین حیات
شہدا کے متعلق تحریر ہے وفی الآیة دلالة علی ان الارواح جواھر قائمة بانفسھا مغایرة
لما یحس به البدن فتبقی بعد الموت دراکة وعلیه جمھور الصحابة والتابعین
وبه نطقت الآیات والسنن ایسا ہی مولانا شاہ عبد العزیز صاحب آیت ثانیہ کی تفسیر
مین افادہ فرماتے ہین۔ چون آدمی میرد وروح او از بدن او جدا می شود روح را اصلا تغیرے
نمی شود چنانچہ حامل قوی بود حالا ہم ہست و شعورے و ادراکے کہ داشت حالا ہم دارد بلکہ صاف
تر و روشن تر زیرا کہ تدبیر بدن و توجہ بامور سفلانیہ او را از صفای ادراک مانع می شد چون از بدن
جدا شد آن مانع مرتفع گشت پس ارواح را مطلقاً خواہ روح شہید باشد یا روح عامۂ مومنین

باین معنی مرده نتوان گفت مردگی صفت بدن است که شعور وادراک وحرکات وتصرفات بسبب
تعلق روح باوی ازوی ظاهر می شدند وحالا نمی شوند۔ جب عام روحونکا یہ حال ہے کہ ادراک
وشعور وتصرف انکی بدستور ہیں تو کاملین متصرفین کا کیا کہنا ہے۔ تحت آیت ثالثہ روح البیان میں ہے
والذین اثبتوا هذه الحیوة للاجساد اختلفوا فقال بعضهم انه تعالی یصعد
اجساد هؤلاء الشهداء الی السموات الی قنادیل تحت العرش ولیوصل انواع
السعادات والکرامات الیها ومنهم من قال یترکها فی الارض ویحییها ولیوصل
هذه السعادات الیها کذا فی تفسیر الامام نیز اسی میں ہے والدلائل العقلیة والنقلیة
الدالة علی بقاء النفوس بعد موت الاجساد کثیرة متعاضدة فوجب المصیر الیه
نیز اسی میں ہے ارواح الشهداء وان کانت فی علیین الا انها تزور قبورها کل جمعة علی
الدوام ولذلک یستحب زیارة القبور لیلة الجمعة ویوم الجمعة۔ قال الجنید قدس سره ٥
من کانت حیاته بنفسه یکون مماته بذهاب روحه ومن کانت حیاته بربه فانه
ینتقل من حیاة الطبع الی حیاة الاصل وهی الحیاة الحقیقیة واذا کان القتیل بسیف
الشریعة حیا مرزوقا فکیف من قتل بسیف الصدق والحقیقة اه

هرگز نمیرد آنکه دلش زنده شد بعشق ‌‌ ‌ ‌ ثبت است بر جریدهٔ عالم دوام ما

قال القاشانی المقتول فی سبیل الله صنفان مقتول بالجهاد الاصغر وبذل النفس
طلبا لرضی الله کما هو الظاهر ومقتول بالجهاد الاکبر وکسر النفس وقتلها
بشفرة الحب وقمع الهوی کما روی عن رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم انه قال
عند رجوعه من بعض الغزو رجعنا من الجهاد الاصغر الی الجهاد الاکبر وکلا الصنفین
لیسوا باموات بل احیاء عند ربهم بالحیاة الحقیقیة مجردین من دنس الطبائع

مقربین فی حضرۃ القدس یرزقون وتفاوت درجاتہا بحسب تفاوت الاعمال
والتدریج فی مراتب عالم الملک من السموات العلی والجنات المحتویۃ علی جمیع
الطیبات انتہی جب شہدا کا یہ حال ہے کہ اونکو گشت عالم ملک وملکوت وسماوات وجنات
وغیرہا مین حاصل ہے تو انبیا علیہم السلام کا پوچھنا ہی کیا ہے جناب قاضی ثناء اللہ صاحب
تذکرۃ الموتی مین بل احیاء عند ربہم کے متعلق لکھتے ہین۔ این حکم مخصوص بشہدا نیست
انبیا وصدیقین از شہدا افضل اند واولیا ہم در حکم شہدا اند کہ جہاد بانفس کردہ اند ولہذا اولیا
گفتہ اند ارواحنا اجسادنا ارواح ایشان از زمین وآسمان وبہشت ہر جا کہ خواہند میروند
ودوستان ومعتقدان را در دنیا وآخرت مددگاری میفرمایند ودشمنان را ہلاک میسازند واز
ارواح بطریق اویسیت فیض باطنی میرسد۔ اور جبکہ حیات وشعور اور سماع اور ادراک اور سیر
فی العالم موتی کے لیے علی الاطلاق اور تصرف فی الکون اولیای امت کیواسطے خصوصا جن ٦
پھر انبیا علیہم السلام اور سلطان الانبیا صلے اللہ تعالی علیہ وسلم کے واسطے ان امور کا تحقق
بطریق اولی محقق پھر ایسے امر جلی مین تردد کا منشا سوای انکار قدرت حق تعالی یا کرامت
اولیا ومعجزات انبیا جو نصوص قطعیہ اور احادیث متواترہ سے ثابت ہین اور کیا چیز ہے
یہانتک کہ فتاوی جامع البرکات مین کہا۔ تمام اہل سنت وجماعت اعتقاد دارند بثبوت
ادراکات مثل علم وسمع سائر اموات را از آحاد بشر مولانا بحر العلوم مثنوی معنوی کی شرح
مین لکھتے ہین اعتقاد بسماع وادراک موتی فرض ہست علامہ قسطلانی مواہب مین افادہ
فرماتے ہین اما الادراکات کالعلم والسماع فلا شک ان ذلک ثابت لسائر الموتی
فکیف بالانبیاء ایضا شیخ شرح مشکوۃ مین لکھتے ہین قال حجۃ الاسلام محمد الغزالی
کل من یستمد بہ فی حیاتہ یستمد بہ بعد وفاتہ نیز اسی مین ہے قال سیدی احمد بن زروق

شارح کتاب الحکم وھو من اعاظم الفقھاء وعلماء الصوفیۃ من دیار المغرب قال الشیخ
ابو العباس الحضرمی یوما ھل امداد الحی اقوی ام امداد المیت قلت انھم یقولون
امداد الحی اقوی وانا اقول امداد المیت اقوی فقال نعم انہ فی بساط الحق والنقل
فی ذلک کثیر عن ھذہ الطائفۃ ولم یعرف فی الکتاب والسنۃ واقوال السلف ماینافی
ذلک ومایردہ کیف وقد ثبت فی الدین ان الروح باقیۃ ولھا علم وشعور بالزائرین
سیما لارواح الکمل قرب ومکان من جانب الحق تعالی کما کان فی الحیوۃ او اتم من ذلک
علامہ نابلسی حدیقۂ ندیہ شرح طریقۂ محمدیہ میں فرماتے ہیں کرامات الاولیاء باقیۃ بعد موتھم
ایضا ومن زعم خلاف ذلک فھو جاھل متعصب تفسیر فتح العزیز میں ہے۔ علاقہ
روح با بدن از راہ عنایت بحال میماند وتوجہ روح بزائرین ومشتاقین ومستفیدین بسولت
یشود واویسیاں تحصیل مطلب باطنی ازانہامی نمایند وارباب حاجات ومطالب حل مشکلات ٧
خود ازانہا می طلبند ومی یابند شرح سفر السعادۃ میں ہے متعلق حدیث شریف حرم
علی الارض ان تاکل اجساد الانبیاء عدم اکل ارض اجساد را کنایت است از
حیات والاسلامت بدن بے اعادۂ روح چہ فائدہ دارد واین مبنی ست بر مسئلۂ حیات
انبیا کہ بحیات حسی دنیاوی موصوف اند بالاتر از حیات شہید کہ این حیات معنوی اخروی ست
ودرین مسئلہ ہیچکس را از علمای امت خلاف نیست حضرت شیخ محی الدین بن اکبر قدس سرہ
فتوحات مکیہ میں تصرف حضرت غوث اعظم رضی اللہ تعالی عنہ کے باب میں لکھتے ہیں ان آیۃ
الشیخ عبد القادر الجیلانی قدس سرہ قولہ تعالی ھو القاھر فوق عبادہ شاہ
ولی اللہ صاحب ہمعات میں فرماتے ہیں در اولیای امت واصحاب طرق اقوی کسیکہ
بعد تمام راہ جذب باکد وجوہ باصل این نسبت میل کردہ ودرانجا بوجہ اتم قدم زدہ است

حضرت شیخ محی الدین عبد القادر جیلانی اند و لہذا گفتہ اند کہ ایشان در قبر خود مثل احیا تصرف می کنند
اور فتح المبین میں ہے فہو الآن القطب الاصیل و المتصرف باذن اللہ الجلیل رہا قرب و بُعد اس
تصرف اور افادہ میں سو وہ سب اونکی نسبت مساوی ہے۔ علامہ شیخ حسین مکی کشط الاہاب میں
فرماتے ہیں قد تقرر فی الکتب المعتبرۃ ان نفوس الاولیاء بعد مفارقۃ الابدان منزہۃ
عن الحیز و المکان ویستوی عندہا ما فوق السماء وما فی قعر البحر وما تحت الثرے
جب اولیا کا یہ حال ہے تو انبیا تو اونسے مرتبے میں قطعًا افضل اور ختم رسل کی نسبت کچھ کہنا تو چھوٹا منہ
بڑی بات معہذا مواہب لدنیہ کی عبارت مرضِ قصور فہم کا علاج کامل لا فرق بین موتہ و
حیاتہ صلے اللہ تعالی علیہ وسلم فی مشاہدتہ لامتہ ومعرفتہ باحوالہم
ونیاتہم وعزائمہم وخواطرہم وذالک جلی لا خفاء فیہ میں کہتا ہوں یہ مشاہدہ
اور حضوری حضور سرور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی صرف امت ہی کی نسبت نہیں مسلم ۸
ہے بلکہ سارے جہان اور جملہ عوالم ومافیہا کی نسبت آپ سے برابر ہے کہ سب حضور کے
سامنے حاضر ہے کوئی چیز کسی عالم کی کسی وقت میں حضور سے غائب نہیں۔ اس مدعا پر خود حضور پر نور صلی اللہ
تعالی علیہ وسلم کا فرمان واجب الاذعان فتجلے لی کل شئ اور علمت علم الاولین والآخرین اور فانکشف
لی ما کان وما سیکون اور قولہ تعالی نزلنا علیک الکتب تبیانًا لکل شئ اور سوا انکے بہت سی آیات
واحادیث شاہد ہیں جنکی تفصیل فقیر کے جوابات مفصلہ میں مرقوم ہے صاحب روح البیان تحت آیہ ویکون
الرسول علیکم شہیدا کے لکھتے ہیں ومعنے شہادۃ الرسول علیہم اطلاعہ علی رتبۃ کل
متدین بدینہ وحقیقتہ التی ہو علیہا من دینہ وحجابہ الذی ہو بہ محجوب عن کمال
دینہ فہو یعرف ذنوبہم وحقیقۃ ایمانہم واعمالہم وحسناتہم وسیئاتہم
واخلاصہم ونفاقہم وغیر ذلک بنور الحق وامتہ یعرفون ذلک من سائر الامم بنورہ علیہ الصلوۃ والسلام انتہی

(باقی آئندہ)

مخزن تحقیق

۱۳۱۵ھ

ملقب بہ

تحفۂ حنفیہ

جلد ۸ | پرچہ ۲ | صفر | سنہ ۱۳۲۶ھ

ہر تحفہ تحفۂ ایمان و سنت — عیاں ہیں اس سے انوار شریعت
الٰہی یہ رسالہ تا قیامت — رہے جاری بصد عز و کرامت

حضرات ناظرین آپ جانتے ہین کہ یہ وہ رسالہ مبارکہ ہے جسکے مضامین اہم بے بہای سنت سنیہ کے حق مین سراسر رحمت ہین دین و ایمان کی حفاظت کرنیوالے - بدمذہبی کو مٹانیوالے یہی وہ مرد میدان ہے کہ اکیلا ہندوستان بھر کے بدمذہبونکی خبر لیتا - اونکی جانون پر قیامت برپا کرتا ہے جس جس مذہب نے سر اوٹھایا اسنے اوسکو نیچا دکھایا - تائید سنت - رد کفر و بدعت اسکا منشا تحقیقات علمیہ کا حصہ ہے علم عقائد تفسیر حدیث فقہ کا چشمہ - تاریخی حالات بزرگان دین کا خزانہ ہے جو کوئی گلستان سنت سنیہ و بوستان تحقیقات علمیہ کی سیر چاہے وہ ضرور یہ رسالہ نافعہ ملاحظہ فرمائے -

باہتمام ابو المساکین ضیاء الدین عفا عنہ اللہ المعین متوطن پیلی بھیت

مطبع حنفیہ پٹنہ [illegible] محلہ مین چھپا

نیز اسمین ہے انہ علیہ السلام حی علی الدوام فلا ینفک الحس والشعور الکلی عن الروح المحمدی
ولیس لہ غیبۃ عن الحواس والاکوان لانہ روح العالم وسرہ الساری شیخ اول مدارج النبوۃ
مین لکھتے ہین وھو بکل شئی علیم وذی صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم داناست بہمہ چیز از شیونات ذات
الٰہی واحکام صفات حق واسما وافعال وآثار وبجمیع علوم ظاہر وباطن اول وآخر احاطہ نمودہ۔ نیز
آخر مدارج مین ہے۔ خلاف نیست نزد محققین در انکہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم متصف ومتحقق است
بجمیع اسمای حسنی انتہیٰ مین کہتا ہون جب حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام اسمای الٰہی کے ساتھ
متصف ہین اور اسمین کیسا خلاف نہین سب اہل تحقیق کے نزدیک یہ امر متفق علیہ ہے تو جملہ اسمای
الٰہیہ سے انہ بکل شئی محیط ہے اور اتصاف وتحقق جمیع اسمای حسنے کے آثار سے سب جگہ حاضر
ناظر رہتا ہے اور اپنے ذاکر کا ہمنشین ہوتا ہے۔ اب آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حضوری محافل
متبرکہ مین مانند محفل میلاد وغیرہ کے کیا شبہہ رہا باوجود ان سب کے مین آپکی تائید مین اور تحقیقات ۹
محققین پیش کرتا ہون علامہ مناوی کی شرح جامع صغیر مین ہے ان الروح اذا انخلعت من
ھذا الھیکل وانفکت من القیود بالموت تجول الی حیث شاءت یعنی بیشک روح جب
اس قالب سے جدا اور موت کے باعث قیدونسے رہا ہوتی ہے جہان چاہتی ہے جولان کرتی ہے۔
یہانتک کہ اہل اللہ بیداری مین بھی اپنے مخلصین سے ملتے ہین بعد رحلت کے اس عالم
سے اور فیض بخشتے ہین۔ ناتوان بیمارونکو پانی پلاتے ہین۔ کپڑے اوڑھاتے ہین۔ جہادونمین
شریک ہوتے ہین۔ دوستون کی مدد فرماتے ہین دشمنونکو ہلاک کرتے ہین جہازونکو بھنور کی تباہی
سے نکالتے ہین ڈوبتون کو اوچھالتے ہین اور مقامات سلوک کی تکمیل اور انذار وابشار کی تحصیل
اور سوا انکے جو امور زندگانی مین کرتے تھے وہ سب باحسن وجوہ عمل مین لاتے ہین اور قریب وبعید
سب کی نسبت اونسے برابر ہوتی ہے کہ ارواح طیبہ لامکانی اور بیچونی کے شیونات مین منصبغ ہوتے ہین

ومن احسن من اللہ صبغۃ قاضی ثناء اللہ صاحب حضرت مرزا جان جاناں قدس سرہ کے
خلیفہ معظم ومکرم شاہ ولی اللہ صاحب کے ممدوح مفخم باین کلمات ولایت مآب مروج شریعت
منور طریقت نور مجسم عزیز ترین موجودات شاہ عبد العزیز صاحب جنکو بیہقی ثانی کہتے تھے۔ مولوی
اسحاق نے اربعین مین جسسے استناد کیا وہ قاضی صاحب رحمہ اللہ تعالی اپنے رسالہ
تذکرۃ الموتی مین فرماتے ہین۔ اولیا گفتہ اند ارواحنا اجسادنا یعنی ارواح ایشان کار
اجساد میکنند و گاہے اجساد از غایت لطافت برنگ ارواح می برآید میگویند رسول خدا را
سایہ نبود صلی اللہ تعالی علیہ وسلم ارواح ایشان از زمین و آسمان و بہشت ہر جا کہ خواہند میروند وبسبب
ہمین حیات اجساد آنہا را در قبر خاک نمی خورد بلکہ کفن ہم میماند۔ ابن ابی الدنیا از مالک روایت نمود
ارواح مومنین ہر جا کہ خواہد سیر کنند مراد از مومنین کاملین اند حق تعالی اجساد ایشان را قوت ارواح
میدہد کہ در قبور نماز میخوانند و ذکر میکنند و قرآن میخوانند۔ مولانا شاہ عبد العزیز صاحب اپنی تفسیر
مین بعد تفصیل ارواح انبیاء واولیاء وعام صلی علی نبینا وعلیہم الصلاۃ والسلام کہ بعضے کا مقام علیین
اور بعض کا آسمان ہے اور بعض درمیان آسمان و زمین کے اور بعض چاہ زمزم مین ہین۔ اسطرح لکھتے
ہین۔ تعلقے بقبر نیز این ارواح را می باشد کہ بحضور زیارت کنندگان واقارب و دیگر دوستان
بر قبر مطلع ومستانس می شوند زیرا کہ روح را قرب وبعد مکانی مانع این دریافت نمی شود ومثال
آن در وجود انسان روح بصری است کہ ستارہاے ہفت آسمان را درون چاہ می تواند دید
دوسری جگہ تفسیر عزیزی مین ہے۔ بعض خواص اولیا را کہ جارحہ تکمیل وارشاد بنی نوع خود گردانند
درین حالت تصرف در دنیا دادہ واستغراق آنہا بجہت کمال وسعت مدارک آنہا مانع توجہ باین
یعنی برزخ
سمت نمی گردد تیسری جگہ اسمین ہے۔ از اولیاے مدفونین انتفاع جاری است۔ حجۃ اللہ البالغہ
مین شاہ ولی اللہ صاحب اہل برزخ کی چار قسمیں لکھکر فرماتے ہین اذا ماتت انقطعت العلاقات

فلحق بالملائكة وصار منهم وأُلهم كالهامهم وسعىٰ فيما يسعون فيه وربما اشتغل
هؤلاء باعلاء كلمة الله ونصر حزب الله وربما كان لهم لمة خير بابن آدم ترجمہ
جب اہل اللہ مرتے ہین علائق بدنیہ منقطع ہوکر فرشتون سے ملجاتے ہین اور اونھین مین سے
ہو جاتے ہین جسطرح فرشتے آدمیون کے دلمین نیک بات کا القا کرتے ہین وہ بھی کرتے ہین اور جن
کامون مین ملائکہ سعی کرتے ہین یہ لوگ بھی اون کامون مین کوشش کرتے ہین اور کبھی یہ پاک روحین
خدا کا بول بالا کرنے اور اوسکی لشکر کو مدد دینے مین مشغول ہوتی ہین یعنی تعلیم وتلقین ارشاد جذب
وسلوک اور جہاد اور قتل کفار اور امداد مسلمین انسے ظہور مین آتا ہے اور کبھی بنی آدم سے اسلیے نزدیک
وقریب ہوتی ہین کہ اون پر افاضۂ خیر فرمائین۔ حضرت مرزا مظہر جان جانان قدس اللہ سرہم
وافاض اللہ علینا برکاتہم اپنے مکتوبات مین فرماتے ہین۔ بعض ارواح کاملان بعد ترک تعلق
11 اجساد آنہا را درین نشأت تصرفے باقی است انتہی۔ نیز انھین حضرت روحی وقلبی فداہ کے ملفوظات
مین ہے التفات غوث الثقلین بحال متوسلان طریقۂ علیہ ایشان بسیار معلوم شد بایچکس از اہل این
طریقہ ملاقات نشدہ کہ توجہ مبارک آنحضرت بحالش مبذول نیست انتہی نیز اسی ملفوظات شریفہ
مین فرماتے ہین عنایت حضرت خواجہ نقشبند بحال معتقدان خود مصروف است مغلان در صحرا وقت
خواب اسباب واسپان خود بحمایت حضرت می سپارند وتائیدات از غیب ہمراہ ایشان می شود۔ درین
باب حکایات بسیار است تحریر آن باطالت میرساند نیز اسی مین ہے سلطان المشائخ نظام الدین اولیا
رحمۃ اللہ تعالی علیہ بحال زائران مزار خود عنایت بسیار میفرمایند۔ نیز اسی مین ہے حضرت شیخ جلال پانی پتی
التفاتہا می نمایند۔ تذکرہ قاضی صاحب سے مین لکہ چکا اولیا اللہ دوستان ومعتقدان را در دنیا وآخرت
مددگاری میفرمایند ودشمنان را ہلاک می نمایند الخ شاہ ولی اللہ صاحب انفاس العارفین مین اپنے
نانا صاحب سے ناقل ہین میفرمودند یکبار حضرت غوث الاعظم رضی اللہ تعالی عنہ را در یقظہ دیدم

اسرار عظیم دران محل تعلیم فرمودند نیز اسی کتاب مین انھین بزرگوار کے حالات شریفہ مین لکھتے ہین
عجوزۂ را از مخلصان بعد وفات ایشان تپ و لرزہ گرفت بغایت زار گشت شبے بنوشیدن
آب و پوشیدن لحاف محتاج شد و طاقت آن نداشت و کسے حاضر نبود ایشان متمثل شدند
و آب دادند و لحاف پوشانیدند آنگاہ غائب شدند انتہی نیز شاہ صاحب فیوض الحرمین مین
لکھتے ہین اذا انتقلوا الی البرزخ کانت تلک الاوضاع والعادات والعلوم معھم لا
تفارقھم جب برزخ کیطرف انتقال کرتے ہین وہ وضعین اور عادتین جو اونکی تھین اور وہ
اونکے علوم سب اونکے ساتھ ہوتے ہین جدا نہین ہوتے۔ نیز اسی مین ہے اذا مات ھذا
البارع لا یفقد ھو ولا براعتہ بل ذلک بحالہ جب یہ بندۂ کامل انتقال فرماتا ہے تو
گمتا نہین نہ اوسکا کمال گمتا ہے بلکہ سب بدستور اوسی حال پر رہتے ہین جیسے کہ تھے ابن الحاج
مدخل مین لکھتے ہین تحقق ان برکۃ الصالحین جاریۃ بعد مماتھم کما کانت فی حیاتھم 12
انتہی ملخصا یعنی یہ امر محقق ہے کہ اولیا کا فیض جاری ہے بعد اونکی رحلت کے جیسا کہ زندگی
مین تھا۔ جامع البرکات مین ہے اولیارا کرامات و تصرفات در اکوان حاصل ست و آن نیست مگر ارواح
ایشان را چون ارواح باقی ست تصرف بعد از ممات نیز باشد کشف الغطا مین ہے ارواح کمل کہ در
حین حیات ایشان بسبب قرب مکانت و منزلت از رب العزۃ کرامات و تصرفات و امداد داشتند
بعد از ممات چون ہمان قرب باقیند نیز تصرفات دارند چنانکہ در حین تعلق بجسد داشتند یا بیشتر از ان
شرح مشکوۃ مین ہے یکے از مشائخ عظام گفتہ است دیدم چہار کس را از مشائخ تصرف میکنند
در قبور خود مانند تصرفہاے شان در حیات خود یا بیشتر شیخ معروف و عبد القادر جیلانی رضی اللہ
تعالی عنہما و دو کس دیگر را از اولیا شمرد و مقصود حصر نیست انچہ خود دیدہ و یافتہ ست گفتہ
امام عارف ربانی عبد الوہاب شعرانی میزان کبری مین فرماتے ہین جمیع الایمۃ المجتھدین

يشفعون فی اتباعهم ويلاحظونهم فی شدائدهم فی الدنيا والبرزخ ويوم
القيامة حتی يجاوزوا الصراط ترجمہ تمام ائمہ مجتہدین اپنے پیروونکی شفاعت کرتے ہین اور
دنیا وبرزخ وقیامت ہر جگہ کی سختیون مین اون پر نگاہ رکھتے ہین یہانتک کہ پل صراط سے پار ہوجائین
نیز اسی میزان مین ہے وقد ذكرنا فی كتاب الاجوبة عن ايمة الفقهاء والصوفية ان ايمة
الفقهاء والصوفية كلهم يشفعون فی مقلديهم ويلاحظون احدهم عند
طلوع روحه وعند سوال منكر ونكير له وعند النشر والحشر والحساب والميزان
والصراط ولا يغفلون عنهم فی موقف من المواقف ولما مات شيخنا شيخ الاسلام
ناصر الدين اللقانی راٰه بعض الصالحين فی المنام فقال له ما فعل الله بك فقال لما
اجلسنی الملكان فی القبر ليسئلانی اتاهم الامام مالك فقال مثل هذا يحتاج الی سوال
۱۳ فی ايمانه بالله ورسوله تنحيا عنه فتنحيا عنی واذا كان مشايخ الصوفية يلاحظون اتباعهم
ومريديهم فی جميع الاهوال والشدائد فی الدنيا والآخرة فكيف بايمة المذاهب الذين هم
اوتاد الارض واركان الدين وامناء الشارع صلی الله تعالی عليه وسلم علی امته رضی الله تعالی
عنهم اجمعين ترجمہ۔ تمام ائمہ فقہا اور صوفیہ اپنے اپنے مقلدون اور تابعدارون کی شفاعت
کرتے ہین اور جب اونکے مقلدونکی روح نکلتی ہے جب منکر نکیر اوس سے سوال کو آتے ہین جب اوسکا حشر ہوگا جب
نامۂ اعمال کھلینگے جب حساب لیا جائیگا جب عمل تلین گے جب صراط پر چلینگے غرض ہر حال مین اوسکی نگہبانی
فرماتے ہین اور کسی جگہ اوس سے غافل نہین ہوتے ہمارے استاد شیخ الاسلام امام ناصر الدین لقانی
مالکی رحمۃ اللہ تعالی علیہ کا جب انتقال ہوا بعضے صالحین نے اونھین خواب مین دیکھا پوچھا کہ
اللہ تعالی نے آپ کے ساتھ کیا کیا فرمایا جب منکر نکیر نے مجھے سوال کیلیے بٹھایا امام مالک قدس سرہ
تشریف لائے اور اونسے فرمایا ایسا شخص بھی اسکی حاجت رکھتا ہے کہ اوس سے خدا و رسول
پر ایمان کے بارے مین سوال کیا جائے الگ ہوہٹ جاؤ اسکے پاس سے یہ فرماتے ہی نکیرین مجھسے علیحدہ ہوگئے

اور جب مشایخ کرام صوفیہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم ہر ہول و سختیون کیوقت دنیا و آخرت مین اپنے
مریدون اور مخلصون پر نگاہ کرم رکھتے ہین نگھبانی کرتے ہین ہر مصیبت و بلا مین اونکا لحاظ رکھتے
ہین مدد کرتے ہین تو اون پیشوایان مذہب کا کیا کہنا ہے جو زمین کی میخین ہین اور دین کے ستون
اور شارع صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی امت پر اونکے امین ہین یعنی ائمۂ مجتہدین جیسے ائمہ اربعہ
امام اعظم ابو حنیفہ اور امام مالک اور امام شافعی اور امام احمد حنبل رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین
فقیر راقم الحروف ابو الذکا کہتا ہے اذا کان ھذا حال المشایخ الکرماء والایمة الامناء فی
الامداد وللملاحظة لمریدیھم ومقلدیھم عند جمیع الاھوال والشدائد
والبلاء فکیف بالانبیاء والمرسلین الذین ھم خیار الخلق اجمعین لاسیما سید
الانبیاء وامام الاصفیاء وسلطان المرسلین وخاتم النبیین الذی ھو محبوب
رب العلمین وباعث السموات والارضین ومنشأ الخلائق کلھا واصل جملة العوالم ۱۴
جلّھا وقلّھا یعنی جب خاص و عام اولیا اللہ کی امداد کا یہ حال ہے کہ اپنے مریدون اور مقلدونکی
ہر مصیبت دنیا و آخرت مین خبر رکھتے ہین اور دستگیری فرماتے ہین تو وہ خاص الخاص جنکی تابعداری
کے طفیل ہین اولیا نے یہ مرتبہ پایا ہے یعنی انبیا علیہم السلام اونکی نگھبانی اور عنایت و مہربانی کا
پوچھنا ہی کیا ہے پھر جو سب نبیون کے بادشاہ اور تمام عالم کے ہر امر مین پناہ اور حبیب الٰہ مین صلی اللہ
تعالیٰ علیہ وعلیہم اونکی شان عالی اور کمال متعالی کا اندازہ و قیاس جو قیاس و اندازہ سے باہر ہے روشن
اور باہر ہے سیرت محمدیہ مین ہے الانبیاء احیاء غیر اموات ترد علیھم احوال یشاھدون
فیھا احوال ملکوت السموٰت والارض وینظرون کما ینظر النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
وقد تقرر ان ما جاز للانبیاء معجزة جاز للاولیاء کرامة ولا ینکر ذلک الا جاھل
نیز اسمین ہے بعد ذکر احوال شہدا کے رزق و فرحت و استبشار سے وھذہ صفة الاحیاء

فی الدنیا واذا کان ھذا فی الشھداء فالانبیاء احق بذلک واولی اور تفسیر مظہری
مین قاضی صاحب لکھتے ہین بل حیاۃ الانبیاء اقوی منھم واشد ظھور اٰثارھا فی
الخارج ولذلک قال الصوفیۃ العلیۃ ارواحنا اجسادنا اجسادنا ارواحنا وقد تواتر
عن کثیر من الاولیاء انھم ینصرون اولیاءھم ویدمرون اعداءھم ویھدون
الی اللہ تعالی من یشاء اللہ تعالی وقد ذکر المجدد رحمہ اللہ ان ارباب کمالات النبوۃ
بالوراثۃ ھم الصد یقون المقربون فی لسان الشرع فیعطی لھم اللہ وجودا موھوبا
اب رہا ایک وقت مین ایک ہی شخص کا چند جگہ موجود ہونا۔ اسکے بھی بہت سے دلائل پیش نظر ہین
جنمین سے چند براہین ہدیۂ ناظرین منصفین بابصرین سے واضح ہو کہ جو دلیلیں ہم آیندہ لکھینگے اونسے حضور کی
حضور سرور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی پانچ چھ قسموں سے کوئی قسم فرادی یا مجتمعاً ثابت ہوگی صراحتاً
۱۵ یا ضمناً عبارۃً یا دلالۃً خواہ اشارۃً اور وہ اقسام یہ ہین۔ حضور روح مع الجسد۔ حضور روح مجرد
حضور بتمثل صور۔ حضور بارتفاع حجاب۔ حضور بانزوای ارض۔ حضور بتوسع جسم مطہر۔
دلیل اول و دوم یہی دونون روایتین میزان کی اسلیے کہ جب ائمۂ مجتہدین اور صوفیۂ
کاملین اپنے اپنے مقلدون اور مریدون مین سے ہر ایک ایک کے ہر وقت ہر حال دنیا و آخرت مین
خبرگیر اور نگہبان و دستگیر ہین تو مثلاً جب ایک مخلص یا مقلد مشرق مین ہو اور ایک مغرب مین اسیطرح
سو مرید و مخلص سو جگہ پر موجود ہون اور ہر ایک پر کوئی مصیبت و بلا و آفت آئے تو اونکے پیر
و دستگیر و امام ہمام سب کے پاس موجود ہونگے۔ ایسا ہی متعدد مخلصون نے مختلف جگہونمین
انتقال کیا تو یہ کامل و مقتدا ہر ایک کی نزع کے وقت اوسکے پاس موجود ہین اور اوسکی شدت
اور سکرات مین شفاعت کرنے والے اور سختی کے ٹالنے والے اور مصیبت کے ہٹانیوالے علی ہذا القیاس
قبر مین اور عالم برزخ مین **تیسری دلیل** آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کیلیے اس کمال پر

بالذات اور اولیاے امت کیلیے بالتبع آیت کریمہ انا ارسلناک شاھدا وقد مروجہ الاستدلال
بہا سابقا فتذکر وقال الامام العارف الربانی الشیخ الشعرانی فی المیزان کل مقام
کان لرسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم یجوز ان یکون لخواص امتہ مالم یرد
نص بخلافہ **چوتھی** دلیل قولہ تعالی ورحمتی وسعت کل شئ کہ رحمت کا اطلاق
آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی ذات مطہر پر قرآن شریف اور احادیث مین وارد ہو بیانتک
کہ آپ کے اسماے مبارکہ مین گنا گیا ہو اور محققین اولیاے کرام کا یہ مقولہ متفق علیہا ہو حقیقتہ
النوریة ساریة فی کل شئ **پانچوین** دلیل اجماع واتفاق محققین کا اوپر متصف اور متخلق
اور متحقق ہونے حضور پر نور سرور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے جملہ اسمای الٰہیہ کے ساتھ
جسکو حق تعالی کے عطیہ سے آپ کا ہر جگہ حاضر وناظر ہونا لازم ہے کما لا یخفے علے من لہ ادنی
مسکة بالفہم **چھٹی** دلیل انہ ای اللہ سبحانہ وتعالی بکل شئ محیط بالذات ۱۶
وبغیر واسطة وھو صلی اللہ تعالی علیہ وسلم بکل شئ محیط باعطائہ تعالی ایاہ
فلا یلزم المساواة والاشتراک علا ان صفات اللہ سبحانہ قدیمة مصونة
عن الزوال ازلیة ابدیة وصفات الرسول صلی اللہ تعالی علیہ وسلم لیست
کذلک لکونہا ممکنة غیر مستقلة فلا مجال للانکار عند اولی الابصار **ساتوین** دلیل
حدیث قدسی انا جلیس من ذکرنی کیونکہ جب حضور سرور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم حضرت
حق سبحانہ کی ذات وجملہ صفات کاملہ کے مظہر اتم واکمل ہوئے بالاجماع وباتفاق بہترین امت
حضرات صوفیہ کرام رضوان اللہ تعالی علیہم تو یہ وصف بھی بالضرور سید عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم
مین متحقق **آٹھوین** دلیل حدیث صحیح ماکنت تقول فی ھذا الرجل مراد اس سے آنحضرت صلی اللہ
تعالی علیہ وسلم ہین اور ظاہر بات ہو کہ ایک وقت مین ہزارون لاکھون جگہ پر ہزارہا لاکھوکھا آدمی

(باقی آیندہ)

مخزن تحقیق ۱۳۱۵ھ

ملقب به

تحفہ حنفیہ

سنہ ۱۳۲۲ھ	ربیع الاول	پرچہ ۳	جلد ۸

ہر تحفہ تحفۂ ایمان و سنت — عیاں ہیں اس سے انوار شریعت

الٰہی یہ رسالہ تا قیامت — رہے جاری بصد عز و کرامت

[illegible] ناظرین [illegible] جانتے ہیں کہ یہ وہ رسالہ مبارکہ ہے جسکے مضامین ہمارے بھائی سنت سے سچے [illegible] ہیں سر [illegible] ایمان کی حفاظت کرنیوالے۔ بدمذہبی کچلانیوالے یہی وہ مرد میدان ہے کہ اکیلا ہندوستان بھر کے بدمذہبوں کی خبر لیتا۔ اونکی جانوں پر قیامت برپا کر رہا ہے جس مذہب نے سر اوٹھایا اسنے اوسکو نیچا دکھایا۔ تائید سنت۔ رد کفر و بدعت اسکا منشا تحقیقات علمی اسکا مصدر [illegible] تفسیر حدیث فقہ کا چشمہ۔ تاریخی حالات بزرگان دین کا خزانہ ہے۔ جو کوئی گلستان سنت [illegible] و بوستان [illegible] تحقیقات علمیہ کی سیر چاہے وہ ضرور یہ رسالہ نافعہ ملاحظہ فرمائے۔

باہتمام ابو المساکین ضیاء الدین عفا اللہ عنہ متوطن پیلی بھیت کے

مطبع حنفیہ [illegible] محلہ [illegible] میں چھپا

ہین وتکفیر کرتے ہین اور آنحضرت صلے اللہ تعالی علیہ وسلم کی تشریف آوری اس ایک آن مین ہزارون
لاکھون بلکہ کروڑون جگہ پر ہوتی ہے پھر محافل میلاد مین تشریف آوری حضور کی کیون مستبعد آخر کوئی
مابہ الفارق یا محض اپنا خیال اور وہم غیر مطابق - آئندہ ہم تصریح سب جگہ پر حضور کے تشریف
رکھنے کی محققین کے کلام اور نصوص صریحہ سے دکھائینگے انشاء اللہ تعالی جب سے تشریف آوری حضور
کی ہر وقت ثبوت اہل اسلام مین مصرح عموماً پھر خصوص مجالس میلاد اوسی عموم کے افراد سے
قطعاً ویقیناً یہ حدیث متفق علیہ صحیحین اور ابو داود اور ابن ماجہ وغیرہا مین حضرت انس رضی اللہ
تعالی عنہ سے اسطرح منقول ہے ان رسول اللہ صلے اللہ تعالی علیہ وسلم قال ان العبد اذا
وضع فی قبرہ وتولی عنہ اصحابہ انہ لیسمع قرع نعالھم اتاہ ملکان فیقعدانہ فیقولان
ماکنت تقول فی ھذا الرجل لمحمد صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فاما المومن فیقول اشھد انہ
عبد اللہ ورسولہ الحدیث شارحین اسپر لکھتے ہین یکشف للمیت حتی یری النبی صلے اللہ تعالی ١٧
علیہ وسلم وھی بشری عظیمۃ للمؤمنین نوین دلیل شیخ محمد یحییٰ مکہ معظمہ کے
مفتی حنابلہ کے فتوے مین مرقوم عند ذکر ولادتہ صلے اللہ تعالی علیہ وسلم یحضر روحانیتہ
صلے اللہ تعالی علیہ وسلم دسوین دلیل اخرج المسلم عن ابی قتادۃ رضی اللہ
تعالی عنہ قال قال رسول اللہ صلے اللہ تعالی علیہ وسلم من رانی فقد رای
الحق وکذا اخرجہ البخاری ومسلم عن ابی ھریرۃ اور آنحضرت صلی اللہ تعالی
علیہ وسلم کی رویت یقظہ اور منام مین جو جزء من ستۃ واربعین جزءً من النبوۃ ہے بارشاد حضور صلی اللہ
علیہ وسلم عموماً مومنین کیلیے ثابت ومحقق وسیاتی التصریح والمزید فی العموم فی رویتہ صلے اللہ
علیہ وسلم فی الیقظۃ والمنام امام نووی شرح صحیح مسلم مین لکھتے ہین قد یراہ شخصان
فی زمن واحد احدھما فی المشرق والاخر فی المغرب یراہ کل منھما فی مکانہ

علے ظاهره والمراد من راه فقد ادركه ولا مانع يمنع من ذلك والعقل لا يحيله حتى
يضطر الى صرفه عن ظاهره الى قوله بل الصحيح انه يراه حقيقة سواء كان على صفته
المعروفة او غيرها گیارھوین دلیل شیخ مدارج مین لکھتے ہین بسیارے از محدثین تصحیح احادیث
کہ مرویست از حضرت وی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نمودہ وعرض کردہ کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیک
فلان این حدیث از حضرت تو روایت کردہ است پس فرمود آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نعم اوال
و در رویت کہ در یقظہ ہست بعض مشائخ نیز ہمچنین استفادہ علوم نمودہ اند بارھوین دلیل امام
جلال الدین سیوطی رسالہ انتباہ الاذکیا فی حیوۃ الانبیا مین فرماتے ہین کہ نظر کرنا اعمال
امت مین اور امت کی برائیون کے واسطے استغفار کرنا اور بلیات دور ہونیکی دعا کرنی اور اطراف
زمین مین آمد و رفت اور گشت اور جو کوئی نیک بندہ مرجائے اوسکے جنازے پر آنا یہ سب امور آنحضرت
١٨ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے اشغال عالم برزخ مین سے بعضے اشغال ہین منجملہ اور بہت سے اشغال کے
اور اسمین احادیث اور آثار وارد ہین تیرھوین دلیل نیز مدارج مین ہے در توثیق عبری مازری و
بہجۃ النفوس ابن ابی حمزہ و روض الریاحین عفیف یافعی و دیگر تصنیفات و در شیخ صفی الدین بن منصور
در رسالہ خود وہم در مواہب نقل کردہ است کہ گفت بتحقیق ذکر کردہ است از سلف و خلف از جماعہ
کہ تصدیق کردہ اند باین حدیث یعنی قولہ صلے اللہ تعالی علیہ وسلم من رانی فی المنام
فسیرانی فی الیقظۃ کہ دیدند آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم را در منام پس از ان دیدند در یقظہ
و پرسیدند از حضرت وی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم از اشیا کہ مشوش بودند پس خبر داد آنحضرت صلی اللہ
تعالی علیہ وسلم ایشانرا بکشادہ نمود طریقہا را کہ از ان کشادہ حاصل شد انتہی اور معلوم ہے کہ امت مرحومہ
مین ایسے اشخاص ہزارون لاکھون جگہ موجود ہین اور اتحاد زمان رویت و استفسار ممکن بلکہ واقع
و ما من دافع چودھوین دلیل نیز اسمین ہی وہم صاحب مواہب گفتہ از شیخ ابو مسعود

که گفت زیارت میکردم شیخ مرا که ابو العباس است و مشایخ دیگر از صلحای عصر پس مشغول شدم
و منقطع گشتم از همه و فتح کرده شد بر من پس نبود مرا شیخ مگر حضرت پیغمبر علیه الصلوة و السلام و مصافحه
میکردم آنحضرت صلی اللہ تعالی علیه وسلم بعد از هر کار پندرهوین دلیل نیز اسمین هر امام حجة الاسلام
در کتاب منقذ من الضلال میگوید که ارباب قلوب مشاهده میکنند در بیداری ملائکه و ارواح انبیا
را و میشنوند از ایشان آوازها و اقتباس میکنند از ایشان انوار و استفاده میکنند فوائد سولهوین
دلیل ایضا فیه بدانکه صاحب مواهب بعد از نقل اقوال مشایخ در رویت شریف آنحضرت صلی اللہ
تعالی علیه وسلم در یقظه بر قاعدهٔ علم و اقوال علما رفته از شیخ بدر الدین حسن نقل کرده که وقوع رویت
شریف در یقظه مر او را متواتر شده بدان اخبار و حاصل آن علم قوی است و منتفی است از آن شک
و شبهه انتهی سترهوین دلیل مکتوبات حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی قدس سره السامی کی
مجلد ثانی مین هر هر گاه که جنیان را بتقدیر اللہ سبحانه این قدرت بود که متشکل باشکال گشته اعمال 19
غریبه بوقوع آرند ارواح کمل را اگر این قدرت عطا فرمایند چه محل تعجب است و چه احتیاج به بدن دیگر
ازین قبیل است آنچه از بعضے اولیاء اللہ نقل میکنند که در یک آن در امکنهٔ متعدده حاضر میگردند و افعال
متباینه بوقوع می آرند و همچنین عزیزیکه مثلا در هندوستان توطن دارد و از ان دیار نه بر آمده است
جمعے از حضرت مکه معظمه می آیند میگویند که آن عزیز را در حرم کعبه دیده ایم و چنین در میان ما و عزیز
گذشته است و جمعے دیگر نقل میکنند که ما او را در روم دیده ایم و جمعے دیگر از بغداد دیده اند
اینهمه تشکل لطائف آن عزیز است باشکال مختلفه و همچنین ارباب حاجات از اعزه احیا
و اموات در آن مخاوف و مهالک مدد ها طلب می نمایند و می بینند که آن صور اعزه حاضر
شده دفع بلیه ازینها نموده است ع از ما و شما بهانهٔ بر ساخته اند * و این تشکل گاه در عالم شهادت
بود گاه در عالم مثال چنانچه در یک شب هزار کس آن سرور را علیه و علی آله الصلوات و التسلیمات

بصور مختلفہ در خواب می بینند و استفادہا می نمایند این ہمہ تشکل صفات و لطائف اوست علیہ و
علی آلہ الصلوات والتسلیمات بصور تہای مثالی و ہمچنین مریدان از صور مثالی پیران استفادہ
می نمایند و حل مشکلات میفرمایند اٹھارھوین دلیل در خواب کے لفظ سے اگر کسیکو شبہ ہو کہ
روایت اور امداد اور تشریف آوری اکثر متعددان واحد مین حضور سرور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم
کی اور نائبین اولیای کاملین کی مختص ہے خواب کے ساتھ بیداری مین ایسا ممکن نہیں اور شان
یہی ہو نہ اول تو اسکا جواب یہ ہے کہ خواب اور بیداری دونون حالتون مین یہ تشریف آوری ثابت اور واقع
اور متحقق ہے اور کلام اکابرین مثبت اور محرر و محقق اور یہ کلام مبارک اثر حضرت امام ربانی رضی اللہ
تعالی عنہ کا عوام کی نسبت ہے نہ خواص کی نسبت چنانچہ اس سے سابق کی عبارت مین اسی مضمون
کی تصدیق موجود ہے اور شیخ مدارج مین فرماتے ہین بالجملہ دیدن آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم بعد
۲۰ ازموت مثال ہست چنانکہ در نوم مرئی می شود در یقظہ نیز می نماید و آن شخص شریف کہ در
مدینہ منورہ در قبر شریف آسودہ وحی است ہمان متمثل بیگردد و در یک آن متصور بصور متعددہ
عوام را در منام می نماید و خواص را در یقظہ انتہی اونیسوین دلیل میزان عارف شعرانی مین ہے
قد بلغنا عن ابی الحسن الشاذلی وتلمیذہ ابی العباس المرسی وغیرہما انہم کانوا یقولون
لو احتجبت رویۃ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم طرفۃ عین ما عددت نفسی
من جملۃ المسلمین بیسوین دلیل رسالۃ تنویر الحلک فی رویۃ النبی والملک
مین علامہ محقق سیوطی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہین والقطب القسطلانی کان یذکر انہ یری
النبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم ویجتمع بہ وکان یخبر انہ یری النبی صلی اللہ تعالی
علیہ وسلم فی کل ساعۃ ویخبر عنہ وکان الشیخ ابو العباس المرسی وصلۃ بالنبی
صلی اللہ تعالی علیہ وسلم اذا سلم علی النبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم رد علیہ السلام

اکیسوین دلیل اسی رسالے مین ہے قال رجل للشیخ ابی العباس المرسی یا سیدی صافحنی
بکفک ہذہ فانک لقیت رجالا وبلادا فقال واللہ ما صافحت بکفی ہذہ الا رسول اللہ
صلے اللہ تعالی علیہ وسلم اس سے متعدد اماکن مین تشریف لانا اور مصافحہ بادنی لحاظ کثرت اہل کمال
امت مرحومہ بہت واضح ہے بائیسوین دلیل نیز اسی مین ہے السماء والارض والعرش والکرسی
مملوۃ من رسول اللہ صلے اللہ تعالی علیہ وسلم تئیسوین دلیل نیز اسی مین ہے روی سفیان
الثوری فی الجامع عن سعید بن المسیب قال ما مکث نبی فی قبرہ اکثر من اربعین یوما حتی یرفع
قال البیہقی یصیرون کسائر الاحیاء یکونون حیث ینزلہم اللہ تعالی چوبیسوین دلیل اسی
رسالے مین ہے روی ابو نعیم فی الحلیۃ عن انس رضی اللہ تعالی عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالی
علیہ وسلم ما من نبی یموت فیقیم فی قبرہ الا اربعین صباحا وقال ان اللہ لا یترک نبیا فی قبرہ اکثر
۲۱ من نصف یوم وان النبی صلی اللہ علیہ وسلم حی بجسدہ وروحہ وانہ یتصرف ویسیر حیث شاء
فی اقطار الارض وفی الملکوت وہو بہیئتہ التی کان علیہا قبل وفاتہ لم یتبدل منہ شئی وانہ
غیب عن الابصار کما غیبت الملائکۃ مع کونہم احیاء باجسادہم فاذا اراد
اللہ رفع الحجاب عمن اراد اکرامہ برویتہ راٰہ علی ہیئتہ التی ہو علیہا لا مانع من ذلک

کالشمس فی کبد السماء وضوءہا	یغشی البلاد مشارقا ومغاربا

انتہی مین کہتا ہون ایک نحو تشریف آوری حضور صلے اللہ تعالی علیہ وسلم کا یہ بھی ہے اور
مقصود حصر نہین ہے جیسا کہ بیان شیخ محدث دہلوی اور کلام امام ربانی وغیرہما سے اسکے
علاوہ اور نحو کا ذکر گذر چکا کہ وہ تمثیل وتشکل وتصور ہے بصورت مثالی واشکال مختلف
متعددہ فعلیک بالامعان والانصاف پچیسوین دلیل حضرت فاروق اعظم
رضی اللہ تعالی عنہ کا مدینہ منورہ مین خطبہ پڑھنا اور باوجود یہان موجود ہونے کے

حضرت ساریہ رضی اللہ تعالی عنہ اور اونکے یارونکو جو ملک نہاوند[۱] مین تھے دیکھنا اور تدبیر جنگ
کا بتانا اور اونکا اوس بتانے پر عمل کرکے فتح پانا عن عمرو بن الحارث قال بینما عمر یخطب
یوم الجمعة اذ ترک الخطبة ونادی یا ساریة الجبل مرتین او ثلثا ثم اقبل علی خطبته
فقال ناس من اصحاب رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم انہ لمجنون ترک
خطبته ونادی یا ساریة الجبل فدخل علیہ عبد الرحمن بن عوف وکان ینبسط
علیہ فقال یا امیر المومنین تجعل للناس علیک مقالا بینما انت فی خطبتک
اذ نادیت یا ساریة الجبل ای شیء ہذا قال واللہ ما ملکت ذلک حین رأیت
ساریة واصحابہ یقاتلون عند جبل ویؤتون منہ من بین ایدیہم ومن
خلفہم فلم املک ان قلت یا ساریة الجبل لیلحقوا بالجبل فلم تمض الایام
حتی جاء رسول ساریة بکتابہ ان القوم لقونا یوم الجمعة فقاتلناہم من حین صلینا ۲۲
الصبح الی ان حضرت الجمعة وذر حاجب الشمس فسمعنا صوت منادینادی
الجبل مرتین فلحقنا بالجبل فلم نزل ظاہرین لعدونا حتی ہزمہم اللہ تعالی کذا فی ازالة الخفاء

۱ بعضون نے کہا ملک نہاوند مدینہ شریف سے سال بھر کی مسافت پر واقع ہے بعضون نے کہا چھ مہینے کی راہ درمیان ہے مولانا جامی
علیہ الرحمہ نے شواہد النبوة مین لکھا ہے کہ ملک نہاوند جہان لشکر حضرت ساریہ رضی اللہ عنہ کا تھا مدینہ منورہ سے مہینے بھر کے راستے پر
واقع ہے بہرحال قرب وبعد مسافت اہل اللہ کے نزدیک مساوی ہے خبر گیری اور تصرف کے باب مین [illegible] مولانا
جامی رحمة اللہ تعالی علیہ شواہد النبوة ذکر حضرت فاروق اعظم مین اس قصے کو اسطرح تحریر فرماتے ہین روزی در مدینہ بالای منبر
برآمدہ بود وخطبہ می خواند ترک خطبہ کرد ودو سہ بار گفت یا ساریة الجبل وباز بخطبہ مشغول شد وتمام ساخت مردمان گفتند ہمانا کہ
عمر بن الخطاب دیوانہ شدہ است عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ بعد از نماز بر وی درآمد وگفت ای عمر (رضی اللہ تعالی عنہ) چہ بود ترا
کہ در میان خطبہ آن سخن گفتی وزبان مردم را بر خود دراز کردی گفت در آن وقت دیدم کہ ساریہ وقوم وی نزدیک کوہی با کافران محاربہ
میکنند وکافران از پیش وپس ایشان در می آیند چون آن را دیدم بی طاقت شدم وآن سخن گفتم تا پشت بکوہ باز نہند واز شر کافران
باز رہند وگویند کہ از مدینہ تا لشکرگاہ ساریہ یک ماہہ راہ بود چون یکچند برآمد وساریہ از آن سفر مراجعت کرد گفت کہ روز جمعہ
با کافران محاربہ می کردیم از وقت صبح تا وقت نماز جمعہ ناگاہ شنیدیم کہ منادی ندا میکند کہ یا ساریة الجبل پشت بکوہ باز نہادیم وچندان
محاربہ کردیم کہ بسیاری از ایشان کشتہ شدند ودیگران بگریختند آنانکہ بر عمر رضی اللہ عنہ طعن جنون زدہ بودند این سخن را شنیدند گفتند بگذارید
عمر را کہ از برای وی این کار ساختہ شدہ است ۱۲ منہ

چھبیسوین دلیل نفحات الانفس جامی مین حضرت شیخ ابن فارض حموی قدس سرہ کے
احوال مین مسطور حضرت ابراہیم جعبری رحمۃ اللہ تعالی علیہ سے نقل مذکور ہے من در عمر خود جنازہ ازان
بزرگوار تر ندیدہ بودم روح مقدس حضرت رسالت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم حاضر آمدہ بود و بر وی
نماز میگزارد و ارواح انبیا و اولیا و انس و جن طائفہ بعد از طائفہ اقتدا باآنحضرت صلی اللہ تعالی
علیہ وسلم کردہ نماز میکردند و بدین سبب در دفن وی تاخیر یافت و تا آخر روز کشید فقیر اقم الحروف
کان اللہ لہ ولوالدیہ کہتا ہے کہ حضور پرنور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کا تشریف فرما ہونا جنازہ
حضرت ابن فارض رضی اللہ تعالی عنہ پر باثبات موجودگی حضور کا قبر منور مدینہ شریف مین نہین ہے
اسیطرح حضور انبیا و اولیا علیہم السلام کا باوجود اپنے مقام عالی اور منازل متعالی مین ہونیکے
مخلصین کے جنازون مین شرکت فرمانا اور ایک آن مین چند جگہ ہونا مبرہن ہے وقد مضی منا
۲۳ فیما مضی وسیاتی المزید ان شاء اللہ تعالی تفسیر روح البیان مین ہے قال الامام السیوطی للروح
بالبدن اتصال بحیث یسمع ویشعر ویرد السلام فتکون فی الرفیق الاعلی ہی متصلۃ بالبدن بحیث اذا
سلم المسلم علی صاحبہا رد علیہ السلام ہو و مکانہا ہناک وانما یاتی الغلط ہنا
من قیاس الغائب علی الشاہد فیعتقد ان الروح من جنس ما یعہد من الاجسام
التی اذا شغلت مکانا لم یمکن ان تکون فی غیرہ وہذا غلط محض وقد رأی النبی صلی اللہ
تعالی علیہ وسلم موسی علیہ السلام لیلۃ المعراج فی قبرہ قائما یصلی فیہ وہو فی
الرفیق الاعلی ولا تنافی بین الامرین فان شان الارواح غیر شان الابدان ترجمہ امام جلال الدین
سیوطی فرماتے ہین کہ روح کو بدن سے ایسا اتصال ہے کہ باوجود مفارقت فیمابین کے مردہ سنتا ہے
اور ادراک کرتا ہے اور سلام کا جواب دیتا ہے تو روح رفیق اعلی مین بھی ہے اور بدن کے ساتھ بھی متصل
ہے کہ جب سلام کرنیوالا اوسپر سلام کرتا ہے تو وہ شخص روح والا اوسکا جواب دیتا ہے حالانکہ روح

اوسکی دہین ہے یعنی رفیق اعلی مین اور ملأ اعلی مین اور جو لوگ اس بات کو سمجھے نہین اور غلطی مین پڑے
تو اونکے اس غلطی مین پڑنے اور دہوکا کہانیکا منشا یہ امر ہوا کہ اونہون نے بے دیکھی ہوئی چیز
کو دیکھی ہوئی پر قیاس کیا تو یون سمجھ گئے کہ روح کا حال جسمونکا سا ہے کہ جب ایک مکان مین ہو تو
دوسری جگہ اوسیوقت مین اوسکا ہونا ممکن نہین حالانکہ یہ محض غلط ہے۔ جناب سرور عالم صلی اللہ
تعالی علیہ وسلم نے معراج کی رات حضرت موسی علیہ السلام کو قبر مین کھڑے نماز پڑھتے دیکھا
حالانکہ وہ رفیق اعلی اور ملأ اعلی مین ہین لیکن باوجود وہان ہونے کے یہان بھی موجود ہین اور دونون
جگہ ہونے مین کوئی منافات نہین اسلیئے کہ روح کی شان اور ہے جسم کی شان اور اور ایک کا قیاس دوسرے
پر مع الفارق ہے لہذا صحیح نہین بلکہ سراسر غلط ہے انتہی ترجمتہ مع توضیح مین کہتا ہون ایک جسم کا تو ایک وقت
مین دو جگہ ہونا محال ہے اور روح کا ایک آن مین کروڑ جگہ پر ہونا ممکن اور واقع اور مشاہد بغیر دافع اسلیئے کہ
جسم مکانی شئ اور روح لامکانی پھر کاملین کے جسم کو روح کا حکم اور روحی کمالات کے ساتھ مشرف
کیا ہے تو جسطرح روح ایک آن مین کروڑ جگہ موجود اسیطرح اونکا جسم مبارک ایک آن مین کروڑ جگہ موجود
پھر تفقد احوال مخلصین آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی شان رحمت ورافت اور کرم وشفقت
کا مقتضائے ذاتی۔ اب حضور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی تشریف آوری محفل میلاد و مجمع
آپ کے ذاکرین مخلصین کی ہر مجلسون مین گو ایک آن مین کروڑ جگہ پر منعقد ہون کیون مستبعد
صحیح بات کو چھوڑ حق سے منہ موڑ غلط کا پیچھا باطل پر مبتلا ہونیکی آخر کوئی وجہ۔ کیون نہین
بڑی وجہ تو محرومی اور بدنصیبی ہے مولانائے روم قدس سرہ

ہر کسے را بہر کارے ساختند		میل اور اندر دلش انداختند	

ستائیسوین دلیل کشف الالہاب مین لکہا ہون قد تقرر فی الکتب المعتبرة ان نفوس الاولیاء بعد مفارقة
الابدان منزہة عن الحیز والمکان ولیس تری عندھا ما فوق السماء وما فوق البحار وما تحت الثری

(باقی آئندہ)

مخزن تحقیق

١٣١٥

ملقب بہ

تحفۂ حنفیہ

سنہ ١٣٢٢ھ	ربیع الآخر	نوچندی	جلد ٨

ہے تحفہ تحفۂ ایمان و سنت ۔ عیاں ہیں اس سے انوار شریعت
الٰہی یہ رسالہ تا قیامت ۔ رہے جاری بصد عز و کرامت

حضرات ناظرین آپ جانتے ہیں کہ یہ وہ رسالہ مبارکہ ہے جسکے مضامین تمام اہل سنت سنیوں کے حق میں سراسر سود مند دین و ایمان کی حفاظت کرنیوالے۔ بدمذہبوں کو بچانیوالے یعنی مرد میدان ہوکر اکیلا ہندوستان بھر کے بدمذہبوں کی خبر لیتا۔ اونکی جانوں پر قیامت برپا کرتا ہے جسنے مذہب سر اوٹھایا اسنے اوسکو نیچا دکھایا۔ تائید سنت۔ رد کفر و بدعت اسکا منشا تحقیقات علمی اسکا حصہ علم عقائد تفسیر حدیث فقہ کا چشمہ۔ تاریخی حالات بزرگان دین کا خزانہ ہے۔ جو کوئی گلستان سنت سنیہ و بوستان تحقیقات علمیہ کی سیر چاہے وہ ضرور یہ رسالہ نافعہ ملاحظہ فرمائے۔

اہتمام سے ابو المساکین ضیاء الدین عفا عنہ اللہ الصمد متوطن پیلی بھیت کے

مطبع حنفیہ پٹنہ بخشی محلہ میں چھپا

نفحات الانس مین حضرت شیخ بایزید بسطامی قدس سرہ السامی کے احوال مین مسطور ہی
گفت حق تعالی مرا بجائے رسانید کہ خلائق بجملگی در میان دو انگشت خود دیدم یکے گفت چرا
شب نماز نمیکنی گفت مرا فراغت نماز نیست من گرد ملکوت میگردم و ہر کجا افتادہ ہست دست
وے میگیرم - ظاہر ہی کہ تمام جہان علوی و سفلی مین پھرنا اور ہر عاجز و مستغیث کی فریاد رسی اور
دستگیری کرنا بغیر ایک آن مین چند جگہ موجود ہونیکے ممکن نہین - علاوہ اسکے جب اولیائے
کاملین کے نزدیک تمام عالم اور جملہ اکوان یعنی موجودات بمنزلہ کف دست بلکہ ناخن بلکہ
سر ناخن کے ہی تو پھر آنِ واحد مین چند جگہ ہونا کیا بعید وہان حجابات مرتفع مین قرب
و بعد مکانی و جسمی سے وہ پاک ہین پھر ہر جگہ موجود ہونا کیا بڑی بات ہی - نیز نفحات مین
حضرت خواجہ خواجگان پیر پیران واقفِ حقیقت مروج شریعت مجدد طریقت حضرت
خواجہ بہاء الدین نقشبند مشکلکشا رضی اللہ تعالی عنہ کے احوال مین مذکور ہی میفرمودند 25
کہ حضرت عزیزان علیہ الرحمۃ والرضوان گفتہ اند کہ زمین در نظر این طائفہ چون سفرہ ہست
و ما میگوئیم چون روئے ناخنے ہست ہیچ چیز از نظر ایشان غائب نیست اور شواہد النبوۃ مین
مرقوم ہی حضرت آمنہ والدہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم گفتہ ہست کہ در وقت
ولادت حجاب از چشم من برداشتند تا مشارق و مغارب روے زمین را دیدم اقول جبکے
عکس و پرتو سے دوسرون پر سب کچھ مکشوف اونکے علم غیب کے منکر پر زوف اور سو زوف
ایسا ہی مواہب اور سیرت شامی اور طریقۂ محمدیہ اور ما ثبت بالسنۃ اور مدارج وغیرہا مین
مرقوم ہی روی ابن نعیم من حدیث ابن عباس قال کانت آمنۃ تحدث لما اخذنی
ما یاخذ النساء کشف اللہ عن بصری فرأیت مشارق الارض و مغاربہا انتہا یسوءن
دلیل نفحات الانس مین ہی چون شیخ عبد القادر گفت رضی اللہ تعالی عنہ قدمی ہذہ علی

رقبۂ کل ولی اللہ حضرت حق سبحانہ بردلِ وے تجلی کرد و رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ
وسلم بر دست طائفہ از ملائکۂ مقربین بمحضر اولیاے متقدمین ومتاخرین کہ آنجا حاضر
یعنی ہمراہ ۱۲
بودند احیا باجساد و اموات بارواح خود خلعتی در وے پوشانیدند و ملائکہ در حال غیب
مجلس وے را در میان گرفتہ بودند وصفہا در ہوا ایستادہ بودند بروے زمین ہیچ ولی نماند
مگر کہ گردن خود را پست کرد و بعضے گفتہ اند کہ یک کس از عجم تواضع نکرد حال وی از وی
متواری شد۔ کیا جناب سرور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی تشریف آوری اس واقعہ
مین اسطرح تھی کہ مدینۂ منورہ مین جو روضہ محسود جنان رشک رضوان عرش رحمن ہے
وہ اوسوقت مین خالی تھا حاشا وکلا یا اور کہین عالم مین حضور اقدس سرور مقدس
صلے اللہ تعالی علیہ وسلم کسی شغل مین اشغال برزخیہ متذکرۂ بالا سے مشغول نہ تھے ہرگز نہین
۲۶ بلکہ جملہ اشغال مین حضرت سرور علیہ الصلاۃ والسلام الازہر کی مشغولی بدستور
تھی اور اس جلسے مین تشریف آوری حضور کی ایک فرد اون افراد اشغال مین سے تھی
اسیطرح تمام اولیای متقدمین ومتاخرین ساری روے زمین اور تحت الثری اور فوق
السماء والارضین کے جوایک آن جلسۂ مبارکہ حضوری سرور مین واسطے خلعت پہنانے حضرت
قطب عالم غوث اعظم رضی اللہ تعالی عنہ کے تشریف لائے تھے کیا اپنے اپنے محال ومقامات و
مواطن کو (مثلاً کوئی حجاز مین کوئی ملک شام مین کوئی ملک مغرب مین کوئی ہندوستان مین
رہنے والے ہین) خالی کر کے تشریف لائے تھے نہین ہرگز نہین بلکہ وہان بھی موجود اور
یہان بھی رونق افزا تھے بلکہ اسکے علاوہ اور بھی سو جگہ ہزار جگہ پر تشریف فرما تھے اور جو جو خدمتین
اونکو عالم غیب وشہادت ملک وملکوت ناسوت وجبروت مین سپرد تھین وہ سب اوس
آن حضوری مین سب جگہ موجود ہو کر بجا لاتے تھے اور بجا لاتے ہین کہ اونکی شان عالم ظاہر کی

شان و شیونات سے بہرہ ور ہوا اونکے نام لیوونکا ادنی حال یا ہیہ اور بے ہمہ ہمہ ہیہ کہ وہ حضرت
قدس اللہ اسرارہم وافاض علینا فیضانہم وانوارہم **اونتیسوین** دلیل اسی کتاب مین ہیہ
روضے شیخ مجلس میگفت و شیخ علی ہیتی در برابر شیخ نشستہ بود و ویرا خواب آمد شیخ اہل مجلس
را گفت خاموش باشید و از منبر فرود آمد و پیش شیخ علی ہیتی بادب بایستاد و روی می نگریست
شیخ علی بیدار شد شیخ گفت حضرت نبی را صلی اللہ تعالی علیہ وسلم در خواب ویدی گفت آرے
شیخ گفت من برائے وے بادب بایستادہ بودم بچہ چیز وصیت کرد ترا گفت بملازمت تو
بعد ازان ازین شیخ علی پرسیدند از معنی آنچہ شیخ فرمودہ بود کہ من از برائے وے بادب
بایستادہ بودم شیخ علی گفت آنچہ من بخواب می دیدم وے بہ بیداری می دید **تیسوین** دلیل
فتادی عزیزیہ کمالات عزیزیہ مین مرقوم ہے از انجملہ آنکہ سال اول بود کہ مولانا ختم قرآن شریف
٢٧ در تراویح کردہ بودند کہ ناگاہ شخصے از زین بکتر آراستہ و علم بدست گرفتہ بعد تراویح آمدہ گفت
کہ حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالی علیہ وسلم کدام جا تشریف میدارند جملہ مردمان بخدمت
آمدند و سخت متغیر شدند کہ معاملہ چیست تاش پرسیدند گفت ابوہریرہ (رضی اللہ تعالی عنہ) ہو گفت
کہ آنحضرت صلے اللہ تعالی علیہ وسلم فرمودہ بودند کہ امروز ختم قرآن عبد العزیز است ما
خواہیم رفت و مرا در جای دیگر بکارے فرستادہ بودند ازین جہت تاخیرے واقع شد این گفتہ غائب
شدند **اقول** کیا جس دن اول ختم قرآن شریف مولانا شاہ عبد العزیز صاحب کا دہلی مین
واقع ہوا عالم مین سے اور کسیکا اوس دن تراویح مین ختم نہین ہوا یا اور کوئی عالم مین اوس
عصر کے اولیا مین مولانا سے بڑھکر یا ہمسر اونکا نہ تھا جنکے ختم مین بھی حضور شریک یا اس
شرکت سے افضل اور بہتر اور کوئی کام جملہ کاموں مین سے جو حضور کے متعلق ہین اوس دن
نہ تھا حاشا وکلا ایسی بات جسکو ایک ذرہ بھر عقل و فہم ہوگی ہرگز نہین کہہ سکتا **اکتیسوین** دلیل

شرح مشکوٰۃ ... آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نصب العین مومنان وقرۃ العین عابدان
است در جمیع احوال و اوقات خصوصا در حالت عبادت انتہی بتیسوین دلیل مدارج مین ہے
حیات انبیا حیات حسی دنیوی است نہ مجرد بقای ارواح چنانکہ شہدا را عود روح بجسد ثابت
است مر جمیع اموات را چنانکہ در قبر لیکن بحث در استقرار و استمرار روح است در بدن بحیثیتے کہ
بوے زندہ گردد بدن چنانکہ در دنیا بود و ادلہ کہ بر حیات انبیا دلالت میکنند مقتضائے آن حیات
بدان است چنانکہ در دنیا بود۔ بدانکہ در حیات انبیا علیہم السلام و ترتب احکام و آثار
بران بعکس دیگران از علما اختلافی نیست ما اعتقاد داریم بحیات ایشان نزد پروردگار جل جلالہ
بحیاتے کہ اشرف و اکمل است ازین حیات متعارف و اعتقاد داریم کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ
علیہ وسلم با رفیق اعلیٰ است در سموات علی نزد سدرۃ المنتہی عندہا جنۃ الماوی الی
ان قال اصل مدعا کہ ثبوت حیات حقیقی است مسلم و مقرر است گمان می برند کہ التفات
ایشان بہ قبور و تعلق ایشان بدان مرتفع گشتہ است بلکہ میان ایشان و قبور علاقہ
خاصہ مستمرہ و غیر منقطعہ ثابت است کہ نسبت با دیگر ثبوت ندارد الی قولہ جمیع این احادیث
دلالت دارد بر آنکہ اہل قبور را ادراک و سماع حاصل است کہ بدان زائران را می شناسند
پس ہمہ حی اند و لیکن حیات ایشان در مرتبہ کمتر است از حیات شہدا و حیات انبیا کامل تر
از حیات شہدا است تینتیسوین دلیل اسی کتاب مین ہے پوشیدہ نماند کہ بعد از اثبات حیات
حقیقی حسی دنیاوی اگر گویند کہ حق تعالیٰ جسد شریف را حالتے و قدرتے بخشیدہ است کہ در
ہر مکانے کہ خواہد تشریف بجسد خواہ بعینہ یا بامثال خواہ بر آسمان یا بر زمین و خواہ در قبر
شریف یا غیر وے صورتے دارد با وجود ثبوت نسبت خاص بقبر در ہمہ حال و قصہ سماع
سعید بن المسیب اذان از درون حجرۂ شریفہ تا سہ روز کہ مردم مفارقت مسجد نبوی

کردہ بودند مشہور است و آنچہ دلالت دارد بر وجود سرور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم
در قبر مکرم واقعہ سلطان سعید نور الدین شہید است در سنۃ سبع وخمسین وخمسمائۃ
در باب رویت آنحضرت در منام در یک شب تا سہ بار و خبر دادن او را بشر دو نصرانی
کہ نسبت بقبر شریف تصور خبیثے کردہ بودند و رسیدن با ہزار کس بمدینہ مطیبہ و دریافتن
او آن دو ملعون را و احراق نمودن و حفر خندق حوالی حجرہ شریفہ و مملو ساختن آن برصاص
و این قصہ را جمیع مورخان مدینہ منورہ ذکر کردہ و تصریح نمودہ اند و قبر آحاد مومنین
روضہ است از ریاض جنت قبر شریف وے افضل ریاض جنت باشد و تواند بود کہ ویرا
صلے اللہ علیہ وسلم ہم در قبر از تصرف و نفوذ حالتے بود کہ از سماوات و ارض و جنان حجاب
مرتفع شدہ باشد بے تجاوز و انتقال زیرا کہ امور آخرت و احوال برزخ بر احوال کہ مقید
٢٩ تضییق حدود و جہات است قیاس نتوان کرد و امام تاج الدین سبکی رحمہ اللہ گفتہ است
کدام جنت است کہ بر قبر شریف آنرا افضل نہند قبر شریف افضل است از تمامہ اماکن بہشت
وجہ جز آن و اگر آنرا بر عرش عظیم فضل نہند نمید انم ہیچ مومن را کہ توقف کند دران کہ ہمہ
طفیل شریف اوست انتہی ملخصاً بقدر الضرورۃ چونتیسوین دلیل زہر الربی شرح
سنن نسائی مین امام جلال الدین سیوطی لکھتے ہین ان للروح شاناً آخر فتکون فی الرفیق
الاعلی وھی متصلۃ بالبدن بحیث اذا سلم المسلم علی صاحبھا رد علیہ السلام وھی
فی مکانھا ھناک انما یاتی الغلط ھھنا من قیاس الغائب علی الشاھد فیعتقد ان الروح
من جنس ما یعھد من الاجسام التی اذا شغلت مکاناً لم یمکن ان تکون فی غیرہ وھذا
غلط محض حاصل یہ کہ روح کی شان جدا ہی اوسکا حال ہی اور ہر بدن پر قیاس صحیح نہین
کیونکہ جسم ایک وقت مین دو جگہ نہین ہو سکتا اور روح کا ایسا حال نہین اور جو کوئی ایسا سمجھے

[illegible]

اور قیاس کرے تو محض غلط ہو مین کہتا ہون جب عام ارواح کا یہ حال ہو تو خواص کا کیا حال
ہوگا پھر اخص الخواص کا تو کچھ کہنا ہی نہین **مثنوی شریف**

برتر اند از عرش و کرسی و سما	ساکنان محفل صدق خدا
بہر این فرمودہ است آن ذوفنون	رمز نحن الآخرون السابقون
من بظاہر گرچہ آدم زادہ ام	من بمعنی جد جد افتادہ ام

پینتیسوین دلیل مولانا جامی صاحب شیخ علاء الدولہ سمنانی سے ناقل ہین۔ درویشے از شیخ سوال کرد کہ چون بدن را در خاک ادراک نیست و در عالم ارواح حجاب نیست چہ احتیاج است بسر خاک رفتن چہ در ہر مقامیکہ توجہ کند بروح بزرگے ہمان باشد کہ بسر خاک شیخ فرمود فائدہ بسیار دارد یکے آنکہ چون بزیارت کسے میرود چندانکہ میرود توجہ او زیادہ می شود چون بسر خاک رسد بحس مشاہدہ کند خاک او را حس او نیز مشغول او شود و بکلی متوجہ گردد و فائدہ بیشتر بود ٤٠
و دیگر آنکہ ہر چند ارواح را حجاب نیست و ہمہ جہان او را یکے ہست اما با نموضع تعلق بیشتر بود

چھتیسوین دلیل حضرت مرزا مظہر جان جانان قدس سرہ فرماتے ہین از حضرت شیخ عبدالاحد رحمۃ اللہ تعالی علیہ دو کس طریقہ گرفتند یکے طریقۂ قادری اخذ کرد و دیگرے طریقۂ نقشبندیہ اختیار نمود ایشان فرمودند کہ روح مبارک حضرت غوث الاعظم تشریف آوردہ صورت مثالی مرید خاندان خود را ہمراہ بردند و حضرت خواجہ نقشبند تشریف فرما شدہ صورت مثالی معتقد خود را با خود بردند رحمۃ اللہ تعالی علیہم اور یہ بات معلوم ہو چکی کہ ارواح اکابر کو قبر سے بھی تعلق خاص ہو اور قبر مین بھی ہین اور حق کے پاس بھی ہین اور ملأ اعلی مین بھی شامل ہین اور باینہمہ جہان چاہتی ہین جاتی ہین پس ایک آن مین یہان بھی ہوتین اور وہان بھی یہ نہین کہ کبھی عالم غیب مین کبھی عالم شہادت مین باری باری سے بلکہ ایک ہی وقت دونون

عالم مین موجود اور فرشتونکے ساتھ بھی ہم مجلس اور ہمنشین اور مستغیثین کی فریادرسی مین بھی
بکمال قوت وتمکین۔ حجۃ اللہ مین ہے قد استفاض من الشرع ان للہ تعالی عبادا ھم
افاضل الملائکۃ وانھم یکونون سفراء بین اللہ وبین عبادہ وانھم یلھمون
فی قلوب بنی ادم خیرا وان لھم اجتماعات کیف یشاء اللہ وحیث شاء اللہ یعبر عنھم
باعتبار ذلک بالملأ الاعلی وان للارواح افاضل الادمیین دخولا فیھم ولحوقا بھم کما
قال اللہ تعالی یا ایتھا النفس المطمئنۃ ارجعی الی ربک راضیۃ مرضیۃ فادخلی فی
عبادی وادخلی جنتی والملأ الاعلی ثلثۃ اقسام قسم ھم نفوس انسانیۃ مازالت
تعمل اعمالا منجیۃ تفید اللحوق بھم حتی طرحت عنھا جلابیب ابدانھا فانسلکت
فی سلکھم وعدت منھم ترجمہ بیشک شرع سے بدرجہ شہرت ثبوت کو پہونچا کہ مقرب
فرشتے خدا اور اوسکے بندونمین واسطہ ہوتے ہین اور آدمیونکے دلونمین نیک بات کا القا ٣١
کرتے ہین اور اونکے لیے اجتماع کرتے ہین جسطرح خدا چاہے اور جہان چاہے اسی لحاظ
سے اونکو ملأ اعلی کہتے ہین اور یہ بھی شرع سے اوسیطرح بشہرت ثابت کہ بزرگان دین کی
روحین بھی اونمین داخل ہوتی ہین اور اونسے ملتی ہین جیسا کہ اللہ تعالی نے فرمایا ہے۔ اے
اطمینان والی جان پلٹ چل اپنے رب کیطرف اس حال مین کہ تو اوس سے راضی اور وہ تجھسے
خوش پس داخل ہو میرے بندونمین اور آ میری جنت مین اور ملأ اعلی کی ایک قسم وہ ارواح
انسانی ہین کہ ہمیشہ رستگاری کے کام کرتی ہین جنکے باعث اون ملائکہ سے ملین یہانتک
کہ بدن کی نقابین پھینکین اور ملأ اعلی مین داخل ہوئین اور اونھین سے شمار کی گئین۔
سینتیسوین دلیل اور تو اور لیجیے وہابیہ کے پیشوا مولوی اسمعیل بھی صراط مستقیم مین اپنے
پیر کا حال یون لکھتے ہین۔ روح مقدس جناب حضرت غوث الثقلین وجناب حضرت

خواجہ بہاء الدین نقشبند متوجہ حال حضرت ایشان گردیدہ وتا قریب یکماہ فی الجملہ
تنازعے درمابین روحین مقدسین درحق حضرت ایشان ماندہ زیراکہ ہر واحد ازین
ہر دو امام تقاضای جذب حضرت ایشان تمامہ بسوئے خود میفرمود تا اینکہ بعد انقرانی
زمانہ تنازع وقوع مصالحت بشرکت رونمے ہر دو روح مقدس بر حضرت ایشان جلوہ گر
شدند وتا قریب یک پاس ہر دو امام بر نفس نفیس حضرت ایشان توجہ قوی وتاثیر زور آور
میفرمودند تا اینکہ درہمان یک پاس حصول نسبت ہر دو طریقہ نصیبہ حضرت ایشان
گردید۔ مین کہتا ہون حضرت خواجہ خواجگان قدس سرہ بخارا مین تشریف رکھتے ہین
اور حضرت غوث الثقلین رضی اللہ تعالی عنہ بغداد شریف مین اور سرگروہ وہابیہ کے حضرت
دہلی مین مثلا اب روحین مقدسین کی جلوہ گری حضرت ایشان کے نفس پر بخارا
شریف و بغداد شریف کو یا جنت یا علیین یا رفیق اعلی کو چھوڑ کریا وہین سے یا وہان بھی ۳۲
یہان بھی موجود۔ شق اول باطل کہ ع دعوی بلا دلیل قبول خرد نہین ۔ شقین اخیرین پر
مقصود خصم حاصل۔ مخالفین کو یاد رہے کہ اس سے شخص واحد کا چند جگہ موجود ہونا اور اولیا
کیلیے علم غیب کا ثبوت دونون ثابت ہے

سنگ در سے ترے نکالی آگ		ہمنے دشمن کا گھر جلانیکو	

اٹھتیسوین دلیل ایضا مولوی مذکور کی کتاب مذکور مین مسطور حضرت مولی علی مشکلکشا
کرم اللہ تعالی وجہہ کی نسبت ایمان موفور پیچور در سلطنت سلاطین و امارت امرا ہمت ایشان را
دخلی ہست کہ بر سیاحان عالم ملکوت مخفی نیست اقول اسمین بھی وہی تحقیقین اور وہی
تقسیمین سلطنتین اور امارتین کس شہر اور کس ملک مین نہین ہوتین پھر اون سب مین
حضرت مولی مشکلکشا کا توسط اور دخل کیونکر ہو سکتا ہے خود بتاؤ یا ہماری بتائی ہوئی کو مانو

محب التحقیق

۱۳۱۵ھ

ملقب بہ

تحفۂ حنفیہ

سنہ ۱۳۲۲ھ	جمادی الاولیٰ	پرچہ ۵	جلد ۸

ہر تحفہ تحفۂ ایمان و سنت ۔ عیاں ہیں جس سے انوار شریعت

الٰہی یہ رسالہ تا قیامت ۔ رہے جاری بصد عز و کرامت

حضرات ناظرین کب جانتے ہیں کہ یہ وہ رسالہ مبارکہ ہے جسکے مضامین تمام ہے بھائی سنت سینہ کے حق میں سراسر رحمت ہیں دین و ایمان کی حفاظت کرنیوالے۔ بدمذہبی مٹانیوالے یہی وہ مرد میدان ہیکہ اکیلا ہندوستان بھر کے بدمذہبوں کی خبر لیتا۔ اونکی جانوں پر قیامت برپا کرتا ہے جس نے مذہب کے سر اوٹھایا اسے لاجواب کو نیچا دکھایا۔ تائید سنت۔ رد کفر و بدعت اسکا منشا تحقیقات علمی کا حصہ علم عقائد تفسیر حدیث فقہ کا چشمہ۔ تاریخی حالات بزرگانِ دین کا خزانہ ہے۔ جو کوئی گلستان سنت سنیہ و بوستان تحقیقات علمیہ کی سیر چاہے وہ ضرور یہ رسالہ ملاحظہ فرمائے۔

اہتمام سے ابو المساکین ضیاء الدین عفا اللہ عنہ متوطن پیلی بھیت کے

مطبع حنفیہ بخشی محلہ میں چھپا

اوںتالیسوین دلیل سیف المسلول قاضی صاحب مین بہ بیان مرتبہ قطبیت ارشاد مین
فرماتے ہین کہ فیوض وبرکات کارخانۂ ولایت کہ از جناب الٰہی بر اولیا راللہ نازل میشود اول بریک شخص
نازل میشود و از ان شخص قسمت شدہ بہر یک از اولیای عصر موافق مرتبہ وبحسب استعداد او میرسد
و ہیچکس را از اولیا اللہ بے توسط او فیضے نمیرسد وکسے از مردان خدا بے وسیلۂ او در جۂ ولایت
نمی یابد اقطاب جزئی و اوتاد و ابدال ونجبا ونقبا وجمیع اقسام اولیای خدا بوی محتاج باشند
صاحب این منصب عالی را امام وقطب الارشاد بالاصالۃ نیز خوانند و این منصب عالی از
وقت ظہور آدم علیہ السلام بروح پاک علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ مقرر بود۔ اسکے بعد ائمۂ اطہار
اہلبیت کو بہ ترتیب اس منصب عظیم کا ملنا بیان کرکے فرماتے ہین بعد وفات عسکری علیہ السلام تا
ظہور سید الشرفا غوث الثقلین محی الدین عبد القادر گیلی این منصب بروح حسن عسکری علیہ السلام
متعلق بود چون حضرت غوث الثقلین پیدا شد این منصب مبارک بوی متعلق شد وتا ظہور ۳۳
امام مہدی این منصب بروح مبارک غوث الثقلین متعلق باشد چون امام محمد مہدی ظاہر شود
این منصب عالی تا انقراض زمان بوی مفوض باشد استنباط این مدعا از کتاب از حدیث
میتوانم کرد انتہی۔ ایساہی جلد سوم مکتوبات شریف مکتوب ۱۲۳ مین حضرت امام ربانی
مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہین۔ بعد از ایشان (یعنی حضرت مرتضیٰ رضی اللہ عنہ) بہر یکے
از ائمہ اثنا عشر علی الترتیب والتفصیل قرار گرفت ودر اعصار این بزرگواران وہمچنین بعد از
ارتحال ایشان ہر کرا فیض وہدایت میرسید بتوسط این بزرگواران بود و ملاذ وملجای ہمہ ایشان
بودہ اند تا آنکہ نوبت بحضرت شیخ عبد القادر جیلانی رسید قدس سرہ انتہی۔ خوب ظاہر ہو کہ
جب سارے جہان مین ایک ہی قطب ہین جنکے واسطے سے دنیا بھر کے جتنے اولیا ہین خواہ
انکے تحت کے قطب ہون یا ابدال یا نقبا یا نجبا یا ابرار یا صالحین غرض سب اہل ولایت کو

اونھین کا فیض ولی بناتا ہو اور معلوم ہو کہ یہ اہل مناصب متعدد مختلف بلاد ہای مشرق و
مغرب مین موجود پھر ہر شہر مین ہر ایک کو ان اولیا مین سے وہ فیض قطب ارشاد مثلاً حضرت
علی مرتضی کرم اللہ تعالی وجہہ یا حضرت غوث اعظم رضی اللہ تعالی عنہ کا کیونکر پہونچتا ہو کیا
اونکی مختلف مثالی صورتین سب جگہ پہونچکر سب کو فیض پہونچاتی ہین یا خود آپ بعینہ بجسمہ
و روحہ یا باجد ہا سب کے مربی اور فیاض ہین یا اونکے لطائف متشکل باشکال مختلفہ و متمثل بصور
متعددہ ہو کر سب جگہ پہونچے یا مثال نور آفتاب اونکا فیضان ہر ایک کو محیط ہو اور سبالغ یا حجاب
اکوان روح مبارک سے مرتفع ہین اسوجہ سے آپ سب کے پاس اور سب آپ کے پاس ہین۔
ان شقون مین سے جونسی شق چاہو اختیار کرو مدعا بہر حال ثابت یعنی جو حال قطب کے افاضہ
اور تشریف آوری کا ہو وہ حال بھی حضرت سرور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی تشریف آوری
۳۳ کا نہین محافل متبرکہ اور مجالس میلاد متعددہ مین اگر منکر الفیض کہین کہ ہم قاضی صاحب اور حضرت
مجدد صاحب کو نہین مانتے اور انکے اقوال قابل استناد نہین جانتے تو اس مضمون کو ہم مخالفین
کے پیشوا و سرتاج مولوی اسمٰعیل کے کلام سے ثبوت کو پہونچا دینگے آپ اپنے امام کا قول بھی نہ مانین
تو وہ جانین۔ لو دیکھو اونکی صراط مستقیم مین ہو حضرت مرتضوی را ایک نوع تفضیل بر حضرت
شیخین ہم ثابت ہست و آن تفضیل بجہت کثرت اتباع ایشان و وساطت مقامات ولایت بل سائر
خدمات ہست مثل قطبیت و غوثیت و ابدالیت و غیرہا ہمہ از عہد کرامت مہد حضرت مرتضی تا
انقراض دنیا ہمہ بواسطۂ ایشان ہست انتہی۔ پس اس توسط کی جو صورت حضرت مرتضی کرم اللہ
تعالی وجہہ مین مانی جائیگی کیا ویسی تشریف آوری بھی حضور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم مین تسلیم
کرنی ضرور نہوگی و لات حین مناص جب ایک قطب ارشاد تمام عالم کے اولیا کو فیض پہونچائین
سب جگہ موجود ہون تو پھر وہ رسول کریم ام الموجودات جو قطب کی اصل اور عالم کے منشا ہین کیونکر

ہر جگہ موجود ہو سکتے جنکی شان اللہ ہی کو معلوم ہے مواہب مین ہے فهو صلے اللہ تعالے
علیہ وسلم خزانۃ السر فلا ینفذ امر الا منہ ولا ینقل خیر الا عنہ چالیسوین دلیل
تفسیر عزیزی مین ہے مقام علیین بالای ہفت آسمان است و پائین آن متصل بسدرۃ المنتہی و بالای
متصل بپایۂ عرش مجید و ارواح نیکان بعد از قبض در انجا میرسند و مقربان یعنی انبیا و اولیا
دران مستقر میمانند و عوام صلحا را بعد نوسیانیدن و رسیدن منتہای اعمال بر حسب مراتب
در آسمان دنیا و درمیان آسمان و زمین یا در چاه زمزم قرار میدہند و تعلقے بقبر نیز این ارواح
را میباشد کہ بحضور زیارت کنندگان و اقارب و دیگر دوستان بر قبر مطلع و مستانس میشوند
زیرا کہ روح را قرب و بعد مکانی مانع این دریافت نمی شود الخ اور سابقًا اسکے ادلہ گذر چکے کہ
آنحضرت صلے اللہ تعالی علیہ وسلم قبر شریف مین تشریف فرما ہین اور اسیطرح اور اولیا و انبیا
علیہم السلام جیسا کہ حدیث معراج مین قصہ نماز موسیٰ علیہ السلام وغیرہا سے مبرہن قال فی ٣٥
المواهب انہ صلے اللہ تعالی علیہ وسلم فی قبرہ ویصلے فیہ باذان واقامۃ وکذلک الانبیاء
اور سوا اسکے بہت سے ادلہ سے ثابت پس کاملین کا وجود بالای آسمان بھی ہے کہ وہ مقام علیین
مین اور عند ملیک مقتدر مستقر ہین اور زمین و آسمان اور دیگر مقامات مین بھی جہان چاہتے
ہین موجود ہوتے ہین اور جسکو چاہتے ہین نوازتے ہین اسیواسطے حضرت امام حسن مثنی ابن سیدنا
حسن مجتبی اور سیدنا امام زین العابدین علی بن حسین شہید کربلا رضوان اللہ تعالی علیہم کا یہ قول ہے جو زائرین
مزار اقدس کی نسبت فرمایا ہے کما فی جذب القلوب انتم ومن فی الاندلس سواء تم یعنی حاضرین
اور جو اندلس مین ہین یعنی غائبین سب برابر ہین میری حضوری کے حق مین مثنوی شریف

اولیا اطفال حق اند اے پسر	غائبان و حاضران اس باخبر

جب روح اولیا و انبیا کا ایک وقت مین چند جگہ ہونا مطلقًا ثابت ہوا تو نبی الانبیا اور روح الارواح

صلے اللہ تعالی علیہ وسلم کی نسبت یہ خیال فاسد اور وسوسہ کاسد کہ اگر محفل مولد یا اور کسی
مجلس خیر مین تشریف لائین تو پیش از قیامت مرقد اطہر سے خروج لازم ہوا اور چاہیے
کہ اوسوقت روضۂ اقدس خالی رہجاے کما توہمہ المتوھمون المتوھبون سراسر جہالت
اور منشا اس جہالت کا سوا اسکے نہین کہ روح کا جسم پر طفلانہ قیاس یا اتباع وسواس خناس
اکتالیسوین دلیل اولیاء اللہ کو سب جگہ دور ہون یا نزدیک اسیواسطے ندا اور اونسے
استغاثہ جائز ہو کہ وہ سب جگہ سے امداد فرماتے ہین اونسے استمداد کیلیے حضور مزار شرط نہین
اگرچہ حضوری مین نفع زائد اور امداد اوفر لیکن اونکی خبر گیری اونکی مشکلکشائی ہر شخص کیلیے
ہر مشکل مین ہر آفت مین بروقت استغاثہ خواہ مشرق مین ہو یا مغرب مین یکسان ہو جسطرح ائمۂ
مجتہدین کے مقلدین تمام ملکون مین ہر جگہ موجود اور وہ اپنے اپنے مقلدونکی نگہبانی خبرگیری
۳۲ ہر وقت ہر آفت ہر مشکل مین ہر جا فرماتے ہین اسیطرح اولیای کاملین اپنے مخلصین کی امداد سب جگہ
سے فرماتے ہین اور مصیبت کے وقت پکارنیوالے کے پاس دفع مشکل و آفت کے واسطے آن موجود
ہوتے ہین۔ حضرت سیدی شیخ احمد زروق رضی اللہ تعالی عنہ جو اکابر علمای عصر و اولیای دیار
مغرب سے ہین جنکی مدح شاہ عبد العزیز صاحب بستان المحدثین مین یون لکھتے ہین او از ابدال سبعہ
است و باوصف علو حال باطن تصانیف او در علوم ظاہرہ نیز نافع شدہ و مفید و کثیر افتادہ
پھر شمار تصانیف کے بعد لکھا بالجملہ مردی جلیل القدر یست کہ مرتبۂ کمالش فوق الذکر یست واو
از محققان صوفیہ است کہ بین الحقیقۃ و الشریعۃ جامع بودہ اند و او را قصیدہ ایست بر طور قصیدۂ
جیلانیہ کہ بعضے ابیات او اینست ؎

انا لمریدی جامع لشتاته	اذا ما سطا جور الزمان بنکبته
وان کنت فی ضیق وکرب ووحشة	فناد بیا زروق ات بسرعته

فرماتے ہین مین اپنے مرید کی پریشانیون مین جمعیت بخشنے والا ہون جب ستم زمانہ اپنی نحوست سے
اوسپر تعدی کرے اور اگر تو تنگی اور تکلیف اور وحشت مین ہو تو اسطرح پکار یا زرّوق مین فوراً
تیری مدد کو آموجود ہونگا پ یا العیسوین ذیل روح البیان مین ہے ولَلاٰخرۃ خیر لک من الاولی
لانها باقیة صافیة عن الشوائب علی الاطلاق وفی التاویلات احوال نهایتک افضل
واکمل من احوال بدایتک لانه صلی اللّٰه تعالی علیه وسلم لایزال یطیر بجناحی الشریعة
والطریقة فی جو السماء ویسیر ویترقی فی مقامات القرب والکرامة مواہب لدنیہ مین ہے وقد
ذکر عن السلف والخلف الی هلم جرا عن جماعة کانوا یصدقون بهذا الحدیث یعنی من
رأنی فی المنام فسیرانی فی الیقظة انهم رأوه صلی اللّٰه تعالی علیه وسلم فی النوم فرأوه
فی الیقظة وسئلوه عن اشیاء کانوا منها متشوشین فاخبرهم بتفریجها ونص
لهم علی الوجوه التی بها یکون فرجها فجاء الامر کذلک بلا زیادة ونقص ۳۷

ــــــــــــــــــــ

لہ اور آپ کے واسطے دنیا سے آخرت بہتر ہے کیونکہ آخرت باقی ہے بالکل آلودگیون سے صاف ہے اور آپ کیواسطے انتہائی
حال ابتدائی حال سے افضل اور اکمل ہے کیونکہ آنحضرت صلے اللہ تعالی علیہ وسلم دونون بازوی شریعت اور طریقت
سے آسمانونکے اندر سیر فرماتے ہین اور مقامات ومراتب قرب وکرامت مین ترقی پاتے ہین ۱۲ مولانا مولوی علیم الدین
صاحب سلمہ اللہ الواہب لہ اور تحقیق سلف اور خلف کی جماعت سے مذکور ہے کہ وہ لوگ اس حدیث شریف کی تصدیق
کرتے تھے یعنی آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص نے مجکو خواب مین دیکھا عنقریب وہ مجکو بیداری مین
دیکھیگا بیشک اون لوگون نے آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو خواب مین دیکھا پھر اون لوگون نے آنحضور
پر نور کو بیداری مین دیکھا اور آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم سے اون چیزونکا سوال کیا جن چیزون مین یہ لوگ
حیران پریشان تھے پس آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اونکو خوب کھولکر خبر دی اور اونکے لیے اسطرح تصریح فرمادی
کہ اونکو تسکین ہو گئی پس آنحضور پرنور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے جیسا فرمایا تھا ویسا ہوا بغیر زیادتی
وکمی کے ۱۲ مولانا مولوی محمد علیم الدین صاحب زید فیضہ۔

تینتالیسویں دلیل نیز مواہب میں ہے و رأیت[۱] فی کتاب المنح الالهیة فی مناقب السادات الوفائیة عن
سیدی علی بن سیدی محمد وفا انه قال فی بعض مشاهده کنت و انا ابن خمس سنین اقرأ القرآن فرأیت النبی
صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یقظة لا مناما و علیه قمیص ابیض فقال اقرأ فقرأت علیه سورة والضحیٰ و الم نشرح ثم غاب
فلما بلغت احدی و عشرین سنة احرمت لصلاة الصبح بالقراءة فرأیت النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم
قبالة وجهی فعانقنی فقال لی و اما بنعمة ربک فحدث فاوتیت لسانه من ذلک الوقت ۔
چوالیسویں دلیل شرح الصدور میں ابن قیم کا مقولہ یوں طور مسطور ہے[۲] لا منافاة بین کون الروح
فی علیین او الجنة او السماء و ان لها بالبدن اتصالا بحیث تدرک و تسمع و تصلی و تقرأ
و انما یستغرب هذا لکون الشاهد الدنیوی لیس فیه ما شانه هذا و امور البرزخ والاخرة
علی نمط غیر المألوف فی الدنیا پینتالیسویں دلیل مرقاة میں معتقد شیخ کبیر امام ابو عبد اللہ[۳]
سے منقول ہے و نعتقد ان العبد فی الاحوال یصیر الی نعت الروحانیة فیعلم الغیب و یطوی
له الارض و یمشی علی الماء و یغیب عن الابصار الی ان قال اذا اتنور الروح القدسیة و ازداد ۳۸
نورانیتها و اشراقها بالاعراض عن ظلمة عالم الحس و تجلیة ذات القلب عن صداء الطبیعة

---

[۱] میں نے کتاب منح الٰہیہ میں دیکھا کہ مروی ہے میرے آقا علی بن سیدی محمد وفا سے کہ انہوں نے فرمایا اپنے بعض مشاہد میں کہ میں پانچ برس کی عمر میں قرآن شریف پڑھتا تھا تو میں نے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بیداری میں دیکھا نہ خواب میں اور آنحضرت پر نور کے جسم مبارک پر سپید کرتا تھا پس فرمایا حضور نے کہ پڑھو تو میں نے آپکو سورہ والضحیٰ اور سورہ الم نشرح پڑھکر سنائی پھر آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میرے سامنے سے غائب ہو گئے پھر جب میں اکیس برس کا ہوا تو صبح کی نماز کا تحریمہ باندھکر میں نے قراءت شروع کی پس آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو میں نے اپنے سامنے دیکھا تو حضور پر نور نے مجھے معانقہ کیا اور مجھے فرمایا واما بنعمة ربک فحدث یعنی اللہ تعالیٰ کی نعمت کا بیان کیجیے تو اوسی وقت مجکو آپکی زبان مبارک دی گئی مولانا مولوی محمد علیم الدین اسلام آبادی زید فیضہ [۲] ہمیں کچھ منافات نہیں ہے کہ روح علیین میں ہو یا جنت میں یا آسمان میں اور جسم کے ساتھ بھی ایسا تعلق ہے کہ وہ جانے اور سنے اور نماز پڑھے اور قرآن کی تلاوت کرے ہمیں تعجب کا منشا یہ ہے کہ حیات دنیوی کی یہ شان نہیں ہے لیکن عالم برزخ و آخرۃ کے امور دنیا کے دستور پر واقع نہیں ہیں ۔ مولوی علیم الدین زید فیضہ [۳] ہم اعتقاد کرتے ہیں کہ بیشک بندہ اپنے حالات میں روحانیوں کی صفت پر ہوجاتا ہے تو جانتا ہے غیب کو اور اوس کے لیے (باقی در صفحہ آیندہ)

والمواظبة على العمل وفيضان الانوار الالهية حتے يقوى النور وينبسط فى فضاء
قلبه فينعكس فيه النقوش المرتسمة فى اللوح المحفوظ ويطلع علے المغيبات ويتصرف
فى اجسام العالم السفلے بل يتجلى حينئذ الفياض الاقدس بمعرفته التى هى اشرف العطايا
فكيف بغيره چهيالیسوین دلیل تذکرة الموتی مین قاضی صاحب متعلق احیاء عند ربهم
کے لکھتے ہین - این حکم مخصوص بہ شهدا نیست انبیا و صدیقین از شهدا افضل اند و اولیا ہم در حکم شهدا
اند کہ جہاد با نفس کردہ اند ارواح ایشان از زمین و آسمان و بهشت ہر جا کہ خواہند سیر و ند و دوستان
و معتقدان را در دنیا و آخرت مددگاری میفرمایند و دشمنان را ہلاک می سازند سینتالیسوین
دلیل علامہ محقق ملا علی قاری شرح شفا جلد ثانی ص۱۱۸ مین فرماتے ہین قال عمرو بن دینار فی قوله
تعالیٰ فاذا دخلتم بیوتا فسلموا علی انفسکم ای علے اهلیکم تحیة من عند الله
٣٩ مبارکة طیبة قال ابن دینار رحمه الله وهو من کبار التابعین المکیین وفقهائهم ان لم یکن فی البیت احد
فقل السلام علے النبی ورحمة الله وبرکاته لان روحه صلے الله تعالیٰ علیه وسلم
حاضر فی بیوت اهل الاسلام مین کہتا ہون تمام مسلمانون کے گھرون مین جو روح اقدس حضرت مقدس

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) زمین طے ہو جاتی ہے اور وہ پانی پر چلتا ہے اور آنکھون سے غائب ہو جاتا ہے جب روشن ہوتی ہے روح
قدسی اور زیادہ ہوتی ہے نورانیت اور چمک اوسکی بوجہ روگردانی کے کدورات ظلمانی عالم حواس سے اور بوجہ پاک
ہو جانے قلب طبعی کے تعلقات سے اور بوجہ ہمیشگی کے عمل نیک پر اور بوجہ فیضان انوار الٰہیہ کے یہان تک کہ قوی ہو جاتا ہے نور
اور پھیل جاتا ہے اوسکے قلب مین پس منقش ہوتے ہین اوسمین وہ نقوش جو منقوش ہین لوح محفوظ مین اور جانتا ہے غیبون کو
اور تصرف کرتا ہے اجسام عالم سفلی مین بلکہ تجلی فرماتا ہے اسوقت فیاض قدس اپنی معرفت سے کہ وہ معرفت اشرف عطایا ہے
پس اور چیزون کے مکشوف ہونیکا کیا تعجب ہے ۱۲ مولانا مولوی محمد علیم الدین صاحب اسلام آبادی زید فیضہ لہ جب تم اپنے گھرون مین
داخل ہو تو اپنی جانون پر سلام کرو یعنی اپنے گھر کے لوگون پر سلام کرو سلام مبارک طیب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ابن دینار
نے کہا کہ وہ کبار تابعین مکی مین اور اونکے فقہا سے ہین اگر گھر مین داخل ہو اور گھر مین کوئی نہو تو اسطرح سے سلام کرو سلام ہو اوپر
نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اور رحمت اللہ تعالیٰ کی اور برکت اوسکی کیونکہ روح پر فتوح آنحضرت علیہ الصلاۃ والتحیہ کی
تمام اہل اسلام کے گھرون مین رونق افروز ہے ۱۲ مولانا مولوی علیم الدین صاحب زید فیضہ ومد ظلہ

صلی اللہ تعالی علیہ وسلم سوافق فرمانے تابعی کے کہ اونکا قول بھی جمہور محدثین کے نزدیک حدیث ہو جیسا کہ
شیخ عبد الحق محدث دہلوی نے اسکی تصریح کی ہو مقدمۂ مشکوۃ شریف مین تشریف فرما اور رونق افزا
ہو تو غور کرکے دیکھو تعداد عالم بھر کے بیوت اہل اسلام کی اور آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم سب
مکانون مین موجود۔ پھر مجلس خیر مین شرکت کو کونسا امر مانع اور کونسی دلیل اسکی دافع ہو ومن ادعی
خلافه فعلیه البیان اڑتالیسوین دلیل بہجۃ الاسرار مین ہو کہ سید الاولیا محبوب سبحانی
حضرت غوث الثقلین رضی اللہ تعالی عنہ کو متعدد اشخاص نے ایک دن اور ایک ہی وقت مین دعوت
دی ہر ایک سے آپنے آنیکا وعدہ فرمایا لیکن پھر کہین نہ گئے مکان ہی مین بیٹھے رہے اور ہر ایک
کہتا تھا کہ آپ ہمارے مکان پر تشریف لائے علامہ جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ تعالی کا اس مقدمہ
مین ایک رسالہ خاص ہو وہ کہتے ہین یتوھم ان وجود الشخص الواحد فی مکانین فی وقت
۴۰ واحد غیر ممکن بل ھو مستحیل ولیس کما توھمه ھذا المتوھم من الاستحالة فقد نص
الائمة الاعلام علی ان ذلک من قسم الجائز الممکن فاقول قد نص علی امکان ذلک ائمة
اعلام منھم العلامة علاء الدین القونوی شارح الحاوی والشیخ تاج الدین السبکی
وکریم الدین الرھطی شیخ الخانقاہ الصلاحیة وصفی الدین وعبد الغفار ابن صاحب
الوحید والعفیف الیافعی والتاج بن عطاء اللہ والسراج بن الملقن والبرھان الابناسی
والشیخ عبد اللہ المتوفی وتلمیذہ الشیخ خلیل المالکی صاحب المختصر ومحمد بن ابراھیم
تلمسانی المالکی وخلق اٰخرون وحاصل ما ذکروہ فی توجیه ذلک ثلثة امور الخ یعنی وجود
شخص واحد کا دو مکانون مین ممکن ہو بڑے بڑے علمانے اسکا امکان ثابت کیا ہو اور ایک عالم اسکا قائل ہو اوسکی توجیہ
کی تین صورتین ہین پہلی صورت تشکل ہین صور متعدد ہون دوسری صورت طی ارض یعنی زمین ایسی پیچیدہ
ہو جس سے مکان واحد سمجھا جائے۔ تیسری صورت جثہ ولی کا ایسا عظیم ہو جو دنیا کو
گھیر لے اور ہر چیز کو اوسکے مکان مین پائے جیسے ملک الموت اور منکر نکیر کا حال ہو حاصل کلام علامہ جو

(باقی آیندہ)

مخزن تحقیق ۱۳۱۵ھ

ملقب بہ

تحفۂ حنفیہ

جلد ۸ | پرچہ ۶ | جمادی الاخری | سنہ ۱۳۲۶ھ

ہے تحفہ تحفۂ ایمان وسنت — عیاں ہیں اس سے انوار شریعت
الٰہی یہ رسالہ تا قیامت — رہے جاری بصد عز و کرامت

حضرات ناظرین آپ جانتے ہیں کہ یہ وہ رسالہ مبارکہ ہے جسکے مضامین جواہر بے بہا ہیں۔ سنیوں کے تو ہیں سراسر رحمت ہیں دین و ایمان کی حفاظت کرنیوالے۔ بد مذہبی کو مٹانیوالے۔ یہی وہ مرد میدان ہے کہ اکیلا ہندوستان بھر کے بدمذہبوں کی خبر لیتا۔ انکی جانوں پر قیامت برپا کرتا ہے جس بدمذہب نے سر اٹھایا اسنے اسکو نیچا دکھایا۔ تائید سنت۔ رد کفر و بدعت اسکا منشا تحقیقات علمی اسکا حصہ ہے علم عقائد تفسیر حدیث فقہ کا چشمہ۔ تاریخی حالات بزرگان دین کا خزانہ ہے۔ جو کوئی گلستان سنت سنیہ و بوستان تحقیقات علمیہ کی سیر چاہے وہ ضرور یہ رسالہ نافعہ ملاحظہ فرمائے۔

باہتمام ابو المساکین ضیاء الدین عفا عنہ اللہ المعین متوطن پیلی بھیت کے

مطبع حنفیہ پٹنہ بخشی محلہ مین چھپا

اونچاسوین دلیل اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ مین ہو تفسیر کردہ است بیضاوی آیہ کریمہ
والنازعات غرقا الآیہ را بصفات نفوس فاضلہ در حال مفارقت از بدن کہ کشیدہ می شوند
از ابدان ونشاط می کنند بسوی عالم الملکوت وسیاحت میکنند دران پس سبقت میکنند بحظائر قدس
پس میگردند بشرف وقوت از مدبرات واضح ہو کہ یہ سیاحت اور تدبیر عالم جو نفوس فاضلۂ اولیائے
کاملین کے متعلق ہو وہ کمل ہین جنکو خلافت سے حصہ وافر ملا اور اکہ جارحہ تکمیل بنی آدم وغیرہم کے ہین
اسمین کسیکا محققین اہل اللہ سے خلاف نہین ہو اور خلافت حق تعالیٰ کی یعنی نیابت جو انی جاعل
فی الارض خلیفۃ مین مذکور ہو وہ عبارت ہو تصرف فی العالم سے کما فی التفسیر العزیزی
خلافت عبارت از تصرف در اشیاست وچون منظور از پیدا کردن حضرت آدم علیہ السلام
خلافت روے زمین بود وخلافت را دو چیز لازم است اول دانستن صفات وافعال کسے کہ اورا
خلیفہ کند تا موافق آن صفات وافعال از طرف خود سرانجام تواند کرد دوم دانستن چیزہا یکہ ۴۱
زیر فرمان خلافت او داخل اند تا با ہر چیز آن معاملہ نماید کہ با او بایستی کرد و کلاہ را در پا وکفش
را در سر نہند ازدپس حضرت آدم علیہ السلام را تعلیم اسماے الٰہی وخلقی ضرور افتاد تا با اسماے
الٰہی در حقائق کونی تصرف نماید الی ان قال واین را علم بجمیع اسماے الٰہی وجمیع اسمای کونی
وجمیع کمالات ونعتہاے او تعالیٰ درکارست وبدون معرفت حقائق عالم تفصیلاً این علم صورت
نمی بندد انتہی مختصراً پس جملہ کمالات الٰہیہ مین سے ایک ہر جگہ حاضر وناظر رہنا ہو اور ہر ایک
فرد کو افراد عالم سے جو ہر خلیفہ کی تحت خلافت مین مندرج ہو اوسکی تدبیر وتکمیل مین متصرف
اور مشغول ہونا ہو تو بالضرور یہ کمال الٰہی بھی خلیفہ مین ثابت اور متحقق ہوگا اور جب کہ خلافت
ہر خلیفہ کی افراد کاملین سے اونکے مرتبے اور منصب کے موافق اور متعلقین معینین کے مناصب کے
مناسب ہو تو اسپر قیاس کر لینا چاہیے حضرت سید العالمین اور نبی الانبیا اور سلطان المرسلین کی

خلافت مطلقہ کو جو تمام عالم کے خلیفۃ اللہ ہین جب آدم علیہ السلام کو تمام کمالات الٰہیہ
بجہت عطاے خلافت فی الارض عطا کیے گئے تو آنحضرت صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے
اس آیت سے موافق بیان مفسرین محققین کے اتصاف بجمیع کمالات حق حضور پر نور صلی اللہ
تعالیٰ علیہ وسلم کیواسطے جو سب خلیفون پر خلیفۃ اللہ ہین سمجھ لینا چاہیے اور جب حق تعالے کی
داد سے اوسکے خلفا کو یہ کمالات حق ثابت ہوئے تو اب آنحضرت صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ایک آیت
مین چند جگہ کی موجودگی اور تشریف فرمائی مین کیا شک وشبہہ رہا۔ ہان اسمین شک وشبہ کرینگے
مگر وہی جنکو معنی خلافت کے معلوم نہونگے اور بعد وضوح حق کے آیت وحدیث سے بھی کوئی
نہ مانے تو اوسکا جواب وہ ہیجو حضرت شیخ سعدی فرماتے ہین ؎

آنکس کہ بقرآن وخبر زو نرہی
آنست جوابش کہ جوابش ندہی

قال فی روح البیان تحت ید اللّٰہ فوق ایدیھم[لف] والحاصل ان اللّٰہ تعالیٰ جعل نبیہ ۴۲
صلے اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم مظہر الکمالاتہ ومرأت التجلیاتہ ولذا قال علیہ السلام من
رآنی فقد رأی الحق ولما فنی علیہ السلام عن ذاتہ وصفاتہ وافعالہ کان نائبًا عن
الحق فی ذاتہ وصفاتہ وافعالہ ع نائب است ودست او دست خداست **پچاسوین**
دلیل فتوحات مکیہ مین حضرت شیخ اکبر فرماتے ہین قدس اللہ سرہ وافاض علینا فیضہ وبرہ
والذی اعطاہ الکشف الصحیح ان اجسام اھل الجنۃ تنطوی فی ارواحھم فتکون
الارواح ظروفًا للاجسام عکس ما کانت فی الدنیا فیکون الظہور والحکم فی الدار الاخرۃ

[لف] اللہ تعالیٰ کا دست قدرت اونکے ہاتھون پر ہے خلاصہ یہ کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کریم علیہ الصلاۃ والتسلیم
کو اپنے کمالات کا مظہر بنایا اور اپنی تجلیات کا آئینہ بنایا اسیوجہ سے آنحضور پر نور علیہ الصلاۃ والسلام نے
فرمایا کہ جسنے مجھکو دیکھا بیشک اوسنے حق کو دیکھا اور آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب اپنی ذات اور اپنی صفات
اور اپنے افعال سے فنا ہوچکے تو وہ حق کیطرف سے اوسکی ذات اور اوسکی صفات اور اوسکے افعال مین نائب ہین ۱۲ مولانا علیم[illegible]

للجسم لاللروح ولهذا يتحولون في اى صورة شاؤا كما هو اليوم عندنا للملائكة وعالم الارواح یعنی ارواح مقدس کاملین کی جس صورت مین چاہتی ہین ظہور کرتی ہین جیسے ملائکہ یہی تو وجہ ہے کہ ایک رات مین ہزار شخص مثلاً آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو ہزار صورت اور تعین کے رنگ مین دیکھتے ہین اور وہ سب صورتین حضور ہی کی ہوتی ہین حقیقۃً صور مثالیہ اور دیکھنا ہر ایک کا حق ہوتا ہے حسب فرمان واجب الاذعان من رأنی فقد رأی الحق اسیطرح ہزار جگہ ہزار شخص ایک دن ایک وقت مین مثلاً حضور کو بیداری مین دیکھتے ہین اور فیوض وعنایات سے مشرف ہوتے ہین اور ہر ایک کے ساتھ معاملات وخصوصیات خاصہ اور تشریفات علحدہ ہوتے ہین ؎

لے ترا با ہر کسے رازے دگر | ہر گدا را بر درت نازے دگر

اسی کو اصطلاح ارباب تصوف مین کبھی تحول بولتے ہین کبھی تطور سے تعبیر کرتے ہین کبھی تصور بصور مثالیہ کبھی تشکل باشکال مختلفہ کبھی تمثل بامثال متعددہ کہتے ہین یہ سب تعبیرات ہین اور معبر کمال واحد ہے وستعرف فیما نتلو علیک عن قریب لهذا مزید تحقیق وتوضیح انشاء اللہ تعالی **اکاونوین دلیل** روی الامام الاحمد فی مسندہ عن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلے اللہ تعالی علیہ وسلم ان روحی المؤمنین یلتقیان علی مسیرۃ یوم یعنی دو مسلمانون کی روحین ایک منزل سے ملاقات کرتے ہین جب مومنین کی روحین دور دراز سے باہم ملاقات کرتی ہین تو کیا تعجب ہے اگر حضور سرور عالم صلے اللہ تعالی علیہ وسلم جنکا بدن مبارک روح الارواح ہے ہندوستان کے خواص مخلصین کو شرف لقا بخشین خصوصاً اپنی ولادت شریف کے ذکر منیف کی محفل مقدس مین رونق افروز ہون اور اونکے اہل محفل خصوصاً ارباب بصیرت شرف اندوز ہون اور بیشک ہوتے ہین اسمین کوئی تردد نہین ومن لم یجعل اللہ لہ نوراً فما لہ من نور

این سعادت بزور بازو نیست	تا نہ بخشد خدائے بخشندہ
سکندر را نمی بخشند آبے	بزور و زر میسر نیست این کار

باونوین دلیل حدیث شریف انا جلیس من ذکرنی رواہ البیہقی سے شیخ محدث دہلوی نے اسطرح استدلال کیا ہے چونکہ آنحضرت صلے اللہ تعالی علیہ وسلم متصف باخلاق اللہ ہین تو جہان آپ کا ذکر مبارک ہوگا وہان آپ تشریف فرما ہونگے و تصہ چونکہ آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم متصف باخلاق اللہ ہستند پس درجائیکہ ذکر مبارک آنحضور پر نور شود درانجا تشریف آوری آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نیز شود۔ اب غور کر لینا چاہیے کہ حضور سرور عالم صلی اللہ تعالے علیہ وسلم کے یاد کرنیوالے تمام جہان مین کتنے اور کتنی جگہو نمین ہین اور ہر جگہ حضور تشریف فرما اور رونق افروز ہوتے ہین تو آن واحد مین حضور کی تشریف آوری کرورون جگہ پر ثابت ہوئی واللہ سبحانہ الموفق **ترپنوین دلیل** نیز شرح شفا مین ہے یروی عن ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما فی قولہ تعالی فاذا دخلتم بیوتا فسلموا علی انفسکم قال فان لم یکن فی البیت احد فقل السلام علی النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ای لان روحہ علیہ السلام حاضر فی بیوت اہل الاسلام یعنی جب مکان خالی مین جائے تو السلام علی النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کہے مطلب یہ کہ آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی روح مبارک ہر مسلمان کے مکان مین موجود ہے تو جب ایسے گھر مین گھسے کہ وہان اور کوئی نہو تو حضور اقدس کی خدمت مین سلام علیک عرض کرے **چوونوین دلیل** علامہ محقق ابن حجر عسقلانی اپنے فتاوی مین فرماتے ہین ارواح المؤمنین فی علیین وارواح الکفار فی سجین ولکل روح بجسدھا اتصال معنوی لا یشبہ الاتصال فی الحیوۃ الدنیا واشبہ شئ حال النائم وان کان ہو

لعین اور کے ہمراہ ہوتی ہے جو کچھ ذکر کرتا ہے روایت کیا اسکو بیہقی نے ۱۲ مومنونکی ارواح علیین مین ہین کافرونکی ارواح سجین مین اور ہر روح کو

اشد من حال النائم اتصالا و بهذا یجمع بین ما ورد ان مقرها علیین او سجین و بین ماںقلہ ابن عبد البر عن الجمھور انھا عند افنیۃ قبورھا و مع ذلک فھی ماذون لھا فی التصرف وتاوی الی محلھا من علیین او سجین قال واذا نقل المیت من قبر الی قبر فالاتصال المذکور مستمر وکذا لو تفرقت الاجزاء کذا فی المرقاۃ للعلے القاری جب مطلقا ارواح کا یہ حال تو وہ ذات مبارک جنکا جسم مطہر روح الارواح ہو اونکی نسبت مخالفین کا معاذ اللہ کیا خیال اللھم اعوذ بک من ھمزات الشیاطین واعوذ بک رب ان یحضرون **چھپنوین دلیل** امام یافعیؒ فرماتے ہین انما سمے الابدال لانھم اذا غابوا تبدل فی مکانھم صور روحانیۃ یعنی ابدال کی وجہ تسمیہ یہ ہو کہ جب وہ دوسرے مقام کو جاتے ہین تو اپنی جگہ روحانی صورتون کو چھوڑ جاتے ہین۔ جب ابدال کا یہ حال کہ ایک صورت کی کئی صورتین ہو جا ئیگی مجال اور اسی وجہ سے وہ مسمّٰی با بدال تو مبدأ الکمال و مجمع الجمال والجلال صلی اللہ تعالی علیہ وسلم سے اس ابدال صور روحانیہ کی نفی کا خیال بے شبہہ قصور ایمان اور ضعف ایقان پر دال **چھپنوین دلیل** علامہ زرقانی شرح مواہب لدنیہ مین لکھتے ہین ان موت الانبیاء انما ھو راجع الی ان غیبوا عنا بحیث لا ندرکھم وان کانوا موجودین احیاء ولا یراھم احد منا الا من خصہ اللہ تعالی بکرامۃ من اولیائہ۔ اقول مخصوص باین کرامت صرف ایک ہی دو اولیا نہین ہین

(بقیہ صفحہ گذشتہ) ساتھ اتصال تعلق معنوی ہو اور اس اتصال کو اتصال حیات دنیا کے ساتھ کچھ مشابہت نہین بلکہ سونیوالے کے ساتھ بہت مشابہ ہو اگرچہ یہ اتصال سونیوالے کے اتصال سے بہت زیادہ ہو اس سے تطبیق ہوگئی اون حدیثون مین جنمین وارد ہو کہ روح کی جگہ علیین ہو یا سجین اور اون حدیثون مین جو ابن عبد البر نے جمہور سے نقل کی ہین کہ روحین اپنے اپنے قبور کے پاس رہتی ہین اور باوجود اسکے اونکو تصرف کرنیکی اجازت ہو اور پناہ لیتی ہین اپنے اپنے محل مین یعنی علیین مین یا سجین مین اور فرمایا کہ جب میت ایک قبر سے دوسری قبر کیطرف نقل ہوتی ہو تو تعلق مذکور ہمیشہ رہتا ہو اور اسیطرح جب

بلکہ ہر عصر مین صدہا ہوتے ہین اور قیامت تک ہونگے اور نیز وہ مخصوص ایک جگہ کے رہنے والے نہین
نہ ایک مقام کے مقیم بلکہ اونمین سے کوئی مشرق مین کوئی مغرب مین کوئی جنوب مین کوئی شمال مین اور نیز
بہت سے اون مخصوصین مین سے ایسے بھی ہوتے ہین کہ حضور سرور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم سے
کسیوقت اونکو غیبت نہین ہوتی یہانتک کہ اونکا یہ قول ہوتا ہے عقیدۃً ومحبۃً لو احتجبت رویۃ رسول
اللہ صلے اللہ تعالی علیہ وسلم طرفۃ عین ما اعددنا انفسنا من جملۃ المسلمین کما نقلہ
السیوطی فی التنویر والقسطلانی فی المواہب والشیخ الدلہلوی فی المدارج وغیرہم وغیرہم
عن الشیخ ابی العباس المرسی یعنی اگر ایک پلک مارنے کو بھی حضور کے دیدار اور شرف رویت
سے حجاب واقع ہو تو ہم اپنی جانونکو مسلمانون مین نہ گنین اور ایسے مخصوصین مشاہدین سرور بھی بلاد
مختلفہ اور اماکن متعددہ کے ساکنین اکثر ہوتے ہین۔ پس ایک وقت مین حضور کی جلوہ افروزی
۴۶ امکنۂ متعددہ اور بلاد مختلفہ مین بانحاء مختلفہ اور شیونات وخصوصیات شتی کے ساتھ واقع اور متحقق
ستاونوین دلیل نیز اسی کتاب مین ہے ان نبینا بالرفیق الاعلی وبدنہ فی قبرہ یرد[1]
السلام علی من یسلم علیہ اس سے ظاہر کہ شخص واحد حضور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم ایک وقت
مین دو جگہ مین اعلی علیین اور قبر شریف مین اور بقول شیخ بحسب نقل نزد سدرۃ المنتہی عندہا
جنۃ الماوی اور روضہ اقدس اور بقول دیگر محققین عند ملیک مقتدر وفی الروضۃ
الشریفۃ والمرقد المنیفۃ بہر حال آن واحد مین جلوہ افروز ہونا امکنۂ متعددہ مین متحقق ورنہ
بغیر تشریف فرمائی سرور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم جواب مسلّمین کے کوئی معنی نہین اور اگر
ہین تو اوسی صورت سے محفل میلاد اور مجالس خیر مین شرکت کی تسلیم کیون نہین یا نہین بلا وجہ
ولکل وجہۃ ہو مولیہا فاستبقو الخیرات ایک لطف یہان اور ہے کہ آن واحد مین کروڑ

[1] بیشک ہمارے نبی کریم علیہ الصلاۃ والتسلیم رفیق اعلی کے ساتھ ہین اور بدن مبارک آپکا قبر شریف مین ہے جو آپ پر سلام
کرتا ہے اوسکا آپ جواب دیتے ہین ۱۲ مولانا مولوی علیم الدین صاحب اسلام آبادی زید فیضہ القوی۔

سلام و درود بھیجنے والے ہین رات اور دن مین اگر حضور عالم ایک ہی زبان مبارک سے سب کا جواب
فرماتے ہین تو مدعا ثابت کہ نشأت برزخ اس عالم کے نشأت سے احکام مین مغایر ہے پس یہ اعتراض
کہ اگر حضور محفل میلاد مین شرکت فرماوین تو قبر خالی رہجائیگی تمہارے اپنے قول سے باطل اور غلط
ہوگیا اور اگر کہو کہ جتنے سلام ہین اوتنی ہی زبانین حضور کو عطا ہوئی ہین تو بھی عاسجون ہین جسطرح
ایک زبان سے آنِ واحد مین چند شخصونکا جواب حالت حیات مین معہود نہ تھا اور بعد وفات ایسا
ہونا دلیل مغایرت نشأتین ٹھہرا احکاما اسیطرح اس نشأت مین متعدد زبانین نہتھین اب اوس نشأۃ
عالم برزخ مین تعدد السنہ کا قول برہان قاطع ہے افتراق احکام دنیا اور برزخ کا **اٹھاونوین**
دلیل شرح مواہب مین ہے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تشریف فرمائی کے بیان مین کہ جیسے
آفتاب بلندی کمال پر ہے اور عالم کو منور کرنیوالا مشرق سے مغرب تک جملہ بلاد کو اوسکا
۴۷ نور پہونچنے والا ہے اور وہ آفتاب ہر شہر ہر گانوٗن ہر صحن ہر مکان ہر شی کی نسبت حاضر اور
سامنے اور ہر ایک کے روبرو ہے اور جیسے چاند کہ ہر شخص کا اوس سے مواجہہ ہر جگہ شرقًا و
غربًا و جنوبًا و شمالًا صحیح اور ترتب اثر شمس و قمر ہر جگہ موافق استعداد ہر بشر و شجر و حجر مسلم
و جابرا اسیطرح مہر سپہر رسالت بدر آسمان اُبہّت و جلالت خورشید فلک کمال ماہ کامل چرخ
جمال و جلال کا نور نور علیٰ نور ہر شخص کو ہر جگہ واصل عالم کی ہر ہر فرد کو آپ سے اور آپکو ہر ہر فرد سے حضوری حاصل

کالشمس فی وسط السماء ونورہا	یغشی البلاد مشارقا ومغاربا
کالبدر من حیث التفت رأیتہ	یہدی الی عینیک نورًا ثاقبا

انتہی **اونسٹھوین دلیل** ایضًا اسی میں ہے لا یمتنع رؤیۃ ذاتہ علیہ السلام بجسدہ
وبروحہ وذلک لانہ وسائر الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہم وسلم ردت الیہم
ارواحہم بعد ماقبضوا واذن لہم فی الخروج من قبورہم للتصرف فی

الملکوت العلوی والسفلی انتھی ترجمہ۔ آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے دیدار سے
مشرف ہونا یا حضور کی تشریف آوری کسی خاص جگہ یا چند جگہ آنِ واحد مین کچھ ممنوع نہین
اسلیے کہ حضور صلے اللہ تعالی علیہ وسلم اور تمام انبیا علیہم السلام دوبارہ زندہ کردیے گئے
ہین بعد وفات کے اور اونکو اپنی اپنی قبرونسے باہر جانے اور عالم مین پھرنیکی اجازت ہے
حق تعالی کیطرف سے تاکہ وہ اپنے منصب کے مناسب تصرف کرین عالم علوی اور سفلی مین
مثلاً ہر شخص مستغیث کی فریادرسی کرین ہر مستعد کمال کو کامل فرمائین مستحق تربیت کی تربیت
کرین حاجتمند ونکی حاجتین برلائین مصیبت والونکی مشکلین آسان کرین جو اونکو کسی مشکل کے
وقت مدد کیواسطے پکارین اوسکی مدد کرین اہل مناصب کے عزل ونصب کی تدبیر نظم ونسق
عالم زمین سے آسمان تک ملک سے ملکوت تک ظاہر سے باطن تک کا انتظام وسرانجام بہ اپنا مین
سب عمل مین لائین غرض ہر شی کے ساتھ جیسی مرضی الٰہی اور مشیت ایزدی ازل سے ابد ۴۸
تک متعلق ہو اوسکو اوسیطرح انجام دین اپنی روح وجسد مبارک سے خلافت ونیابت حق اونکے
کا کام لین ساٹھوین دلیل علامہ محقق جلال الدین سیوطی رسالہ انتباہ الاذکیا مین اِفادہ
فرماتے ہین النظر فی اعمال امتہ والاستغفار لھم من السیئات والدعاء بکشف
البلاء عنھم والتردد فی اقطار الارض لحلول البرکۃ فیھا وحضور جنازۃ من
مات من صالحی امتہ فان ھذہ الامور من اشغالہ صلے اللہ تعالی علیہ وسلم کما
وردت بذلک الاحادیث والآثار ترجمہ اپنی امت کے اعمال کا ملاحظہ کرنا ہونیسے اونکے لیے
بخشش کا مانگنا اونسے بلا دور ہونے کے لیے دعا کرنا تمام اطراف زمین مین برکت اور فیض رسانی
کے لیے گشت کرنا جو نیک بخت لوگ امت کے مرین اونکے جنازے مین تشریف آوری یہ سب
کام حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اون اشغال مین سے ہین جو عالم برزخ مین آپ سے متعلق ہین اسپر احادیث اور آثار ناطق ہین

(باقی آئندہ)

تحقیق

تحفۂ حنفیہ

جلد ۸	پرچہ ۷	رجب	سنہ ۱۳۲۳ھ

ہر تحفۂ ایمان و سنت — عیاں ہیں اس سے انوار شریعت

الٰہی یہ رسالہ تا قیامت — رہے جاری بصد عز و کرامت

حضرات ناظرین آپ جانتے ہیں کہ یہ وہ رسالہ مبارکہ ہے جسکے مضامین ابھی بے بہا ہی سنت سینوں کے حق میں سراسر رحمت ہیں دین و ایمان کی حفاظت کرنیوالے۔ بدمذہبی کچلانیوالے یہی وہ مرد میدان ہیکہ اکیلا ہندوستان بھر کے بدمذہبوں کی خبر لیتا۔ اونکی جانوں پر قیامت برپا کرتا ہے جس جس مذہب نے سر اوٹھایا اسنے اوسکو نیچا دکھایا۔ تائید سنت۔ رد کفر و بدعت اسکا منشا تحقیقات علمی اسکا مصدر علم عقائد تفسیر حدیث فقہ کا چشمہ۔ تاریخی حالات بزرگان دین کا خزانہ ہے۔ جو کوئی گلستان سنت سنیہ و بوستان تحقیقات علمیہ کی سیر چاہے وہ ضرور یہ رسالہ نافعہ ملاحظہ فرمائے۔

اہتمام سے ابو المساکین ضیاء الدین عفا عنہ اللہ المعین متوطن پیلی بھیت کے

مطبع حنفیہ پٹنہ بخشی محلہ میں چھپا

مین کہتا ہون ایک روز ایک وقت مین کیا ایک ہی صالح کا جنازہ ایک ہی شہر مین تمام عالم مین سے ہوتا ہو کہ حضرت سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک ہی صالح کے جنازے مین شرکت فرماتے ہین لاحول ولا قوۃ الا باللہ جب ابدالان خدا ایک وقت مین چند جا ہوتے ہین پھر آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جنکو تمام روے زمین مین برکت وفیض رسانی کے لیے گشت کی اجازت خدا کیطرف سے ملی ہو اور سارے جہان کی خبر گیری اور عالم کے بیمارونکی چارہ گری اونکے قبضۂ قدرت مین دی گئی کونسی عقل مجوز ہوگی کہ اونسے صرف ایک کی فریادرسی اور دستگیری وقوع مین آئے اور باقی بیچارے بے چارے رہجائین اور حضور سوا ایک کے کسی کی فریادرسی نہ فرمائین اور سوای ایک صالح کے کسی اور کے جنازے کے شریک نہون اور معلوم ہو کہ ایک وقت مین سارے عالم سے کتنے مستغیث اور کتنے صالحین بلاد مختلفہ مین مرتے ہین اس قیاس پر اور روایات کے معانی اور مطلب سمجھ لینا چاہیے کہ بوجہ خوف تطویل ہمنے سب جگہ تفصیل و ۴۹
تفریق نہین کی ہو **اکسٹھوین دلیل** یہی علامہ محقق اپنی تفسیر مین امام غزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے ناقل والرسول علیہ السلام لہ الخیار فی طواف العوالم مع ارواح الصحابۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہم لقد راٰہ کثیر من الاولیاء **ترجمہ** آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مع صحابہ تمام عالم مین پھرنیکا اختیار ہو اس امر کے دیکھنے ولے بہت سے اولیاء اللہ ہین **باسٹھوین دلیل** شاہ ولی اللہ صاحب فیوض الحرمین مین لکھتے ہین ورأیتہ[ا] صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی اکثر الامور مرۃ بعد مرۃ فتفطنت انہ الذی اشار الیہ بقولہ ان الانبیاء لا یموتون وانہم یصلون فی قبورہم ویحجون وانہم احیاء

[ا] مین نے آنحضرت صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بارہا دیکھا پس سمجھا مین نے کہ یہ اشارہ ہو اونکے قول کیطرف کہ بیشک انبیا نہین مرتے ہین وہ اپنی قبرون مین نماز پڑھتے ہین اور حج کرتے ہین اور وہ لوگ زندہ ہین ۱۲ مولانا علیم الدین فقیہ

تریسٹھوین دلیل حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ تعالی علیہ مکتوبات کی مجلد
اول مکتوب دوصد وہشتاد و دوم مین فرماتے ہین۔ امروز در حلقۂ بامدادی بودیم کہ حضرت الیاس
وحضرت خضر علی نبینا وعلیہما الصلاۃ والتسلیمات بصورت روحانیان حاضر شدند وبہ تلقی
روحانی حضرت خضر فرمودند کہ ما از عالم ارواحیم حضرت حق سبحانہ وتعالی ارواح ما را قدرتے
کاملہ عطا فرمودہ است کہ بصورت اجسام متمثل شدہ کارہائے کہ از اجسام بوقوع می آید
ازان ارواح صدور می یابد از حرکات وسکنات جسمانی وطاعات وعبادات جسدی انتہی جب
حضرت خضر علیہ السلام زندگی کی حالت مین متمثل بصورت روحانی ہوکر جسمونکا کام کرتے ہین
تو وہ ارواح مقدس جو اجسام سے مفارق ہوچکی ہین کیونکر متمثل بصور نہونگی اور جب اولیا
کا یہ حال ہو تو انبیا کا مرتبہ تو اونسے بالاجماع بڑھکر ہے پھر امام الانبیا کا کیا پوچھنا اور بیان ہو چکا
گزر چکا کہ ابدالان الٰہی کو ابدال اسوجہ سے کہتے ہین کہ جب وہ اپنے مقام کو چھوڑکر دوسری 50
جگہ تشریف فرما ہوتے ہین اپنی جگہ صورت مثالیہ چھوڑ جاتے ہین یعنی ایک کے چند ہو جاتے ہین
اور ایک وقت مین چند جگہ موجود ہوتے ہین اور حضرت خضر علیہ السلام تو ابدالونکے افسر
ہین اور اولیا کا یہ مقولہ متفق علیہا الواحد یتکثر والمعانی تتجسد مشہور ہے چونسٹھوین
دلیل نیز مکتوبات شریفہ مین ہے درین اثنا عنایت خداوندی در رسید وحقیقت معاملہ را کما ینبغی
وانمود روحانیت حضرت خاتمیت علیہ وعلی آلہ الصلاۃ والسلام کہ رحمت عالمیانست درینوقت
حضور ارزانی فرمود وتسلی خاطر حزین نمود پینسٹھوین دلیل شیخ محدث دہلوی اشعۃ اللمعات کتاب الرویا مین
فرماتے ہین امام غزالی گفتہ کہ ارباب قلوب مشاہدہ میکنند در یقظہ ملائکہ وارواح انبیا را انتہی یہ ارباب قلوب
کیا حضور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی تمام امت مین ایک ہی شخص ہین کہ صرف وہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے
مشاہدہ ومعاینہ سے مشرف ہوئے بس سبحان اللہ وما قدروا اللہ حق قدرہ نہین نہین بہت کثیر ہین اور کثیر از کثیر ہین

آن واحد مین حضور کی لقای روحانی اور تشریف ارزانی سے بہرہ یاب اور فیض اندوز ہین۔
چھیاسٹھوین دلیل نیز یہی محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالی علیہ شیخ ابو المسعود قدس سرہ
کا حال نقل فرماتے ہین کہ مصافحہ میکرد آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم را بعد ہر نماز کیا شیخ ابو المسعو
کے منصب کا اور کوئی اہل عالم سے حضرت کی امت مین نہ تھا او گلے زمانے مین اور یہ شرف
صرف اونھین کو حاصل تھا اسپر کوئی دلیل نہین جب تک اونکی قطبیت وغوثیت مطلقہ کاملہ
نہ ثابت ہو والبیان علی المدعی ویکفی للمانع ما سنقررہ بلکہ وہ حدیث جو درباب تعداد
اہل مناصب اہل اللہ کے حضرت عبد اللہ بن مسعود وغیرہ سے مروی ہے اوس سے واضح کہ
وہ کثیر ہین ایک دو نہین اور ہر زمانے مین وہ سب موجود ہوتے ہین قیامت تک اونکا سلسلہ
اور تعداد کم نہین ہوگی جب ایک کی کمی ہوتی ہے اونمین سے وفات کے سبب دوسرا اونکی جگہ منصوب
ہوجاتا ہے۔ تفسیر روح البیان مین ہے وممن خلقنا امۃ ای طائفۃ کثیرۃ یہدون
الناس بالحق ای یدلونہم علی الاستقامۃ وبہ یعدلون وعنہ[لہ] علیہ الصلاۃ
والسلام ان من امتی قوما علی الحق حتی ینزل عیسے والمراد لا یخلو الزمان منہم
وروو اعن ابن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالی
علیہ وسلم ان للہ فی الارض ثلثمائۃ قلوبہم علی قلب آدم ولہ اربعون قلوبہم
علی قلب موسے ولہ سبعۃ قلوبہم علی قلب ابراہیم ولہ خمسۃ قلوبہم علی
قلب جبریل ولہ ثلاثۃ قلوبہم علی قلب میکائیل ولہ واحد قلبہ علی
قلب اسرافیل فاذا مات الواحد ابدل اللہ مکانہ من الثلاثۃ واذا مات
من الثلاثۃ ابدل اللہ مکانہ من الخمسۃ واذا مات من الخمسۃ ابدل اللہ
مکانہ من السبعۃ واذا مات من السبعۃ ابدل اللہ مکانہ من الاربعین

[لہ] حضور علیہ الصلاۃ والسلام فرماتے ہین بیشک میری امت سے ایک قوم ہر حق پر عیسے علیہ الصلاۃ والسلام کے نزول تک اور مراد یہ ہے کہ اوس قوم والون سے زمانہ خالی نہین ہوگا

واذا مات من الاربعين ابدل الله مكانه من الثلاثمائة واذا مات من الثلاثمائة
ابدل الله مكانه من العامة يدفع الله بهم البلاء عن هذه الامة و
الواحد المذكور فی هذا الحديث هو القطب وهو الغوث ومكانه ومكانته
من الاولياء كالنقطة من الدائرة التی هی مركزها وبه يقع صلاح العالم و
روواعن ابی الدرداء انه قال ان لله عبادا يقال لهم الابدال لم يبلغوا ما
بلغوا بكثرة الصوم والصلاة والتخشع وحسن الحلية ولكن بلغوا بصدق
الورع وحسن النية وسلامة الصدور والرحمة لجميع المسلمين اصطفاهم
الله بعلمه واستخلصهم لنفسه وهم اربعون رجلا على قلب ابراهيم لا يموت
الرجل منهم حتى يكون الله قد انشأ من يخلفه واعلم انهم لا يسبون شيئا ولا يلعنونه
۵۲ ولا يوذون من تحتهم ولا يحقرونه ولا يحسدون من فوقهم انتهی شیخ نے ملبح
مین خلال اور طبرانی اور ابن عدی اور مسند امام احمد اور ابو نعیم وغیرہم سے مرفوعاً متعدد
صحابہ سے حدیث ابدال وغیرہم کو نقل کیا چنانچہ لکھتے ہین از خصائص امت محمد صلی اللہ
تعالی علیہ وسلم وجود اقطاب واوتاد ونجبا وابدال ست درایشان در حدیث مرفوع از
انس رضی اللہ تعالی عنہ آمدہ کہ ابدال چہل مرد وزن اند چون بمیرد یکے ازان مردان و
زنان پیدا آرد خدای تعالی در بدلہ وے مردے وزنے دیگر را روایت کردہ است
این را خلال در کرامات الاولیاو روایت کردہ است طبرانی در اوسط باین لفظ کہ خالی
نمی باشد زمین از چہل مرد مانند خلیل الرحمن علیہ الصلاۃ والسلام کہ بایشان قائم است
زمین وببرکت ایشان آب دادہ می شوند مردم نمی میرد ہیچ یکے از ایشان مگر بدل میگرداند
اللہ تعالی بجای وے دیگرے را وابن عدی در کامل آوردہ مبیت ودو کس ازین چہل تن

بشام می باشند و ہیزدہ بعراق و چون امر الٰہی بیاید مقبوض شوند قائم می شود قیامت و
ہمچنین مرویست نزد احمد در مسند و ابو نعیم در حلیہ از ابن عمر مرفوعاً آوردہ کہ فرمود آنحضرت
صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہ خیار امت من پانصد کس است و ابدال چہل اند نہ پانصد کم میشوند
نہ چہل ہرگاہ بمیرد یکے دیگرے در بدل وے آید و ایشان در تمامہ روے زمین می باشند و ہم
در حلیہ از ابن مسعود رضی اللہ عنہما آوردہ کہ فرمود آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم چہل مرد
اند از امت من کہ دلہاے ایشان بر دل ابراہیم است دفع میکند خداى تعالیٰ ببرکت ایشان
بلا را از خلق گفتہ میشود ایشانرا ابدال ایشان در نیافتہ اند این درجہ را بروزہ و صدقہ پرسید ابن مسعود
بچہ چیز یافتہ اند ایشان این درجہ را فرمود بسخا و خیر خواہی مسلمانان و در تاریخ بغداد خطیب
آمدہ کہ نقبا سیصد اند و نجبا ہفتاد و بدلا چہل و اخیار ہفت و عمد چہار و غوث یکے انتہی
۵۳ سٹرسٹھوین دلیل علامہ زرقانی شرح مواہب مین لکھتے ہین لاریب ان حالہ
صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی البرزخ افضل واکمل من حال الملائکۃ ھذا سیدنا
عزرائیل علیہ السلام یقبض الف مائۃ روح اوازید فی وقت واحد ولایشغلہ
قبض عن قبض وھو مع ذلک مشغول بعبادۃ اللہ تعالیٰ مقبل علی التسبیح والتقدیس
فنبینا صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حی فی قبرہ یصلے ویعبد ربہ ویشاھدہ ولایزال
فی حضرۃ اقترابہ ای دنوہ متلذذا بسماع خطابہ وکذا کان شانہ وعادتہ
فی الدنیا یفیض علی امتہ من سبحات الوحی الالٰھی مما افاضہ اللہ تعالیٰ علیہ
ولایشغلہ ھذا الشان وھو شان افاضۃ الانوار القدسیۃ علے امتہ عن
شغلہ بالحضرۃ الالٰھیۃ ترجمہ اسمین کوئی شبہہ نہین کہ جناب رسالتمآب صلی اللہ تعالیٰ
علیہ وسلم کا حال برزخ مین سب فرشتونکے احوال سے افضل اور بہتر اور بڑھکر ہے تو اب

غور کیجیے کہ سیدنا عزرائیل علیہ السلام آنِ واحد مین لاکھون ارواح قبض کرتے ہین اور مشرق
ومغرب مین سب جگہ موجود تے ہین اور سب کی جانین نکالتے ہین اور باانیہمہ حق تعالیٰ کی عبادت تسبیح
وتقدیس مین مشغول ہوتے ہین تو ہمارے پیغمبر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان عالی اس سے
بہت ارفع ہی آپ مشاہدۂ حق مین مستغرق ہین اور حق کے ساتھ ہمکلام اور ہمخطاب اور مکالمۂ
الٰہی اور مشاہدے سے لذت اور ذوق پانیوالے اور حق تعالیٰ کے قرب اور حضوری سے کیف
اوٹھانیوالے اور باانیہمہ لایشغلہ شانٌ عن شانٍ کے ساتھ متصف کہ تمام عالم مین متصرف
اور گشت کرنیوالے جسطرح دنیا مین آپ حق مین بھی مشغول تھے اور امت پر انوار قدسیہ کا
فیضان ہو جاتے اور ایک شان آپ کو دوسری شان سے باز نہین رکھتی تھی کہ امت کی دینی
تربیت اور افاضہ اور تعلیم وانتظام عالم کے واسطے متوجہ ہون تو حق سے غافل اور باز رہجائین
یا حق مین مشغول ہون تو امت سے اور عالم سے غافل اور باز رہجائین ایسا ہرگز ممکن نہین کیونکہ ۵۴
جب دنیا مین آپ کو ایک شان دوسری شان سے باز نہین رکھتی تھی تو اب عالم برزخ مین کیا
باز رکھے گی - دوسرے یہ کہ فرشتون مین سے سیدنا عزرائیل علیہ السلام کو جب ایک شان
دوسری شان سے نہین روکتی تو خیر الخلائق صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کوئی شان کب کسی شان
سے روک سکتی ہی انتھی ترجمتہ معادنی توضیح اس سے صاف واضح ولائح آفتاب کیطرح
روشن ہوگیا کہ حضور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تشریف فرمائی آن واحد مین کروڑ جگہ ممکن
بلکہ ایسا ہی واقع اب مجالس خیر مین حضور کی تشریف آوری اور محفل میلاد مین سرور عالم صلی اللہ
تعالیٰ علیہ وسلم کی شرکت اگرچہ ایک دن ایک آن مین کروڑ جگہ بہو کیون محل استبعاد اور استعجاب ہی

اودھر اللہ سے واصل ادھر مخلوق مین شامل		خواص اوس برزخ کبریٰ مین ہی حرف مشدد کا

اٹھائیسوین دلیل سیرت حلبی مین ہی فالارواح تتجسد وتظھر فی صور مختلفة من

عالم المثال یعنی روحین متجسد ہو کر بہت سی صورتون رنگا رنگ مین جلوہ گر ہوتی ہین اور وہ صورتین مثالی
ہوتی ہین عالم مثال سے **اقول** کہان ارواح کہان جسم روح الارواح اور وہ بھی بعد مفارقت
اس عالم سے اور پھر وہ کسکا جسم مبارک نبی الانبیا امام الاصفیا خیر الورٰی کا صلی اللہ تعالی علیہ وسلم
اونہتروین دلیل رسالہ محقق جلال الدین سیوطی مین ہے تعدد الصور بالتمثل
والتشکل ممکن کما یقع للجان امام ربانی کا یہ کلام مبارک گذر چکا ہر گاہ جنیان را بتقدیر اللہ
سبحانہ این قدرت بود ارواح کمل را اگر این قدرت عطا فرمایند چہ محل تعجب است ازین
قبیل است آنچہ اولیاء اللہ در یک آن در امکنہ متعددہ حاضر میگردند و افعال متباینہ بوقوع
می آرند انتہی ملخصا وقد سبق مکملا **اقول** جسنے اولیا و انبیا کی نسبت ایک آن مین چند
جگہ موجود ہونیکا انکار کیا اوسنے اونکا مرتبہ نہ پہچانا ملائکہ اور جنات سے بھی انکو اللہ تعالی کی ۵۵
طرف سے قدرت پانے مین کم جانا اور جسنے سلطان المرسلین کی نسبت یہ خیال فاسد باندھا
اوسنے حضور کی حق ناشناسی مین قصور نہین کیا **سترون دلیل** ایضاً مکتوبات شریف
امام ربانی رحمۃ اللہ تعالی علیہ کی مجلد ثانی مین ہے این تشکل گاہ در عالم شہادت بود و گاہ در عالم
مثال چنانچہ در یک شب ہزار کس آن سرور را علیہ الصلاۃ والسلام بصور مختلفہ در خواب می بینند و استفادہ
می نمایند این ہمہ تشکل صفات و لطائف اوست علیہ و علی آلہ الصلاۃ والسلام بصورتہای مثالی
و ہمچنین مریدان از صور مثالی پیران استفادہ ہا می نمایند و حل مشکلات میفرمایند **اکہترون**
دلیل روح البیان مین کتاب الجواہر امام شعرانی سے منقول وکذلک[لہ] المثالات المتخیلۃ فی
صور اہل البرزخ لاہل الدنیا فی النوم والیقظۃ فاذا رؤی مثال احدہم فہو اما ملک
خلقہ اللہ تعالی من ہمتہ ذلک الولی واما مثال اقامہ اللہ تعالی علی صورتہ لتنفیذ

لہ اسیطرح مثالات متخیلہ اہل برزخ کی صورتو نمین باشندہ دنیا کیواسطے خواب و بیداری مین (باقی در صفحہ آیندہ)

ماشاء اللہ تعالیٰ من حوائج الناس فی غیرھا و اما ارواح الانبیاء علیہم السلام فانما مشرقۃ علی
وجود الدنیا والاخرۃ **اقول** جب سب کچھ اونکے سامنے حاضر ہوا اور سب چیز دنیا اور آخرت پر وہ مطلع
ہوئے اور حوائج ناس اور تدبیر عالم اونکے متعلق ہوئی تو پھر ایک وقت چند جگہ ہونا کیون جائز نہین ہے
علاوہ اسکے صور مثالیہ کا تعدد اور اوسکے ذریعے سے تنفیذ حوائج مخلوق مسلم ہے پھر حضور کی تشریف آوری
محفل میلاد مین کیون محل انکار ہے **تیسرون دلیل** اسی مین ہے قال السیوطی رحمہ اللہ نقلا عن بعض
المحققین ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رأی لیلۃ المعراج موسیٰ علیہ السلام قائما یصلی
فی قبرہ ورآہ فی السماء السادسۃ فالروح کانت ھناک فی مثال البدن ولہا اتصال بالبدن بحیث
یصلی فی قبرہ ویرد علی المسلم علیہ وھو فی الرفیق الاعلی ولا تنافی بین الامرین فان شان الارواح غیر
شان الابدان وقد مثل بعضھم بالشمس فی السماء وشعاعھا فی الارض کالروح المحمدی یرد علی من یصلی
شخص نے بھی اوسی جلسے مین سے اسیطور قسم کھائی کہ اگر شیخ میرے یہان رات نہ تشریف
رکھتے ہون تو بی بی پر طلاق اب اس صورت مین کسی کی بی بی پر طلاق پڑیگی یا نہین اگر پڑیگی
تو کسکی بی بی پر اول حالف کی یا ثانی کی امام سیوطی فرماتے ہین کہ مین نے حضرت شیخ عبدالقادر
طحطوطی کے خدمت مین قاصد بھیجکر دریافت کیا کہ آپ رات کسکے یہان تشریف رکھتے تھے 89
میرے پاس ایسا سوال آیا ہے مین جواب مین متحیر ہون حضرت شیخ عبدالقادر طحطوطی رضی اللہ
تعالی عنہ نے یہ کہلا بھیجا کہ اگر چالیس آدمی یہ کہین کہ مین رات اونکے یہان تھا تو سبکے سب سچے
ہین تو مین نے جواب سوال مین یہ فتوی دیا کہ کوئی حانث نہین ہوا یعنی کسی کی بی بی پر اون
دونون حالفین مین سے طلاق واقع نہین ہوئی کیونکہ ایک صورت کا چند جا ہوتا اور ایک شخص کا
ایک وقت مین چند جا موجود ہونا ممکن ہے بلکہ واقع جیسا کہ جنات کے لیے دلیل ایک سونو
اسی کتاب مین ہے قال الشعرانی واخبرنی من صحب الشیخ محمد الخضری انہ خطب فی
خمسین بلدۃ فی یوم واحد خطبۃ الجمعۃ وصلی بھم اماما ترجمہ امام عارف
شعرانی فرماتے ہین کہ مجکو اون بزرگ نے خبر دی ہے جو حضرت شیخ محمد خضری قدس سرہ
کی صحبت مین رہا کرتے تھے کہ حضرت شیخ محمد خضری نے ایک دن مین جمعے کا خطبہ پچاس

شہرونمین پڑھا اور سب جگہ امام ہو کر جمعہ کی نماز پڑھائی **دلیل ایک سو دس** اسی تفسیر
روح البیان مین امام شعرانی سے منقول ہے ان الشیخ حسین ابو علی المدفون بمصر
المحروسۃ فاخبرنی عنہ اصحابہ ان التطور کان دابہ لیلا ونہارا حتہ فی صور
السباع والبہائم ودخل علیہ بعض اعدائہ لیقتلوہ فوجدوہ فقطعوہ
بالسیوف لیلا ورموہ علی کوم بعید ثم اصبحوا فوجدوہ قائما یصلی
ترجمہ امام شعرانی فرماتے ہین کہ شیخ حسین ابو علی جنکا مزار مقدس مصر مین ہے اونکے
مریدون نے مجھسے کہا کہ وہ بزرگ رات دن صورت بدلتے رہتے تھے کسیوقت کسی صورتمین
اور کسیوقت کسی صورت مین گویا اونھون نے یہ اپنا دھج بنا رکھا تھا یہانتک کہ درندون
اور چارپایونکی صورتونمین بھی ظاہر ہوا کرتے ایک دن اونکے دشمن اونکے قتل کو آئے
اور اونکو پایا تلوارونسے ٹکڑے ٹکڑے کر کے رات ہی مین کہین دور پھینک آئے پھر ۹۰
صبح کو سب نے اونھین نماز پڑھتے پایا۔ بات یہ تھی واللہ اعلم کہ اونکو دشمنونکے عزم کا
حال کشفاً یا الہاماً معلوم ہوا آپ وہانسے کہین اور چلدیے اور اپنی جگہ پر اپنی صورت کی
شبیہ اور مثل چھوڑ گئے دشمنون نے گمان کیا کہ شیخ حسین ہین حالانکہ وہ آپکی بہت سی صورتون
مین سے ایک صورت تھی مگر مخلوق نادان اس بھید کو کیا جانین اور اونکے مرتبے کو کیا پہچانین
شعر گربہ مسکین اگر پر داشتی الخ **دلیل ایک سو گیارہ** اسی مین ہے وفی جواہر الشعرانی
وصورۃ التطور ان یقدر اللہ الروح علی تدبیر ما شاءت من الاجسام المتعددۃ
مختلفۃ کن فللاولیاء ذلک فی الدنیا بحکم خرق العادۃ واما فی الاخرۃ فان نفس نشأۃ
اہل الجنۃ تعطی ذلک فیدبر الواحد الاجسام المتعددۃ کما یدبر الروح
الواحد سائر اعضاء البدن فتکون تسمع وانت تبصر وتبطش وتمشی وتحول

ترجمہ صورت بدلنی اور ایک صورت سے چند صورتین ہو جانیکی یہ صورت ہے کہ اللہ تعالی اپنی خلعت
امر کن سے روح کو نوازتا ہے تو اوسکو قدرت بخشتا ہے اس بات پر کہ جسقدر جسمونکو چاہے اونکے مدبر ہو جاوے
اولیا کو یہ امر دنیا مین بطور کرامت عطا ہوتا ہے اور آخرت مین یہ امر سیدالیشی اونکو عطا ہوگا
کہ ایک شخص جسم متعدد کا مدبر ہوگا جسطرح ایک روح تمام اعضای بدن کی مدبر ہوتی ہے اور
ایک عضو کی تدبیر اور اوسمین تصرف روح کو دوسرے عضو کے تصرف اور تدبیر سے باز نہین
رکھتا جیسے تو ایک آن واحد مین سنتا ہے اور دیکھتا ہے اور ہاتھ سے پکڑتا ہے اور چلتا ہے پس
ایک آنمین روح سب اعضا سے کام لیتی ہے اور ایک شان دوسری شان سے مانع اوسکو
نہین ہوتی۔ یہی حال ہے اولیاء اللہ کی چند صورتون مین تدبیر اور تصرف کا اور چند جسمون مین
ایک وقت ہونیکا اور اون سب جسمونکی پرداخت کا کہ ایک روح ولی ہزار جسم کو مثلاً پالتی ہے اور
اوسمین تدبیر اور تصرف کرتی ہے چنانچہ اسکی مثال خود تیرے وجود مین موجود ہے انتہی ترجمتہ مع 91
توضیحہ **دلیل ایک سو بارہ** حضرت ابو قرضافہ رضی اللہ تعالی عنہ جو حضور سرور عالم صلی اللہ
تعالی علیہ وسلم کے صحابی ہین جناب رسالتمآب صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے اونکو ایک کمل عطا فرمایا تھا
لوگ اونسے دعای خیر کراتے اور برکت چاہتے اور اوسکا اثر پاتے آپ عسقلان مین متوطن تھے اور آپکے
فرزند ارجمند قرضافہ ہمراہ فوج اسلام جہاد کو روم مین گئے ہوئے تھے ہر دن صبح کو آپکا یہ معمول تھا کہ اپنے
بیٹے قرضافہ کو باواز بلند یہانسے پکارتے اور نماز فجر کیلیے اوٹھاتے اونکے فرزند روم سے جواب دیتے کہ
بہت اچھا حضرت اوٹھتا ہون لوگ متعجب ہوتے چنانچہ شواہد النبوۃ مین ہے ابو قرضافہ رضی اللہ تعالی
رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم ویرا گلیمی پوشانیدہ بود۔ مردم بوی می آمدند ایشانرا دعای خیر میکرد
وبرکت میخواست اثر آنرا در خود می یافتند وی در عسقلان بود پسر وی قرضافہ در روم بغزا رفتہ بود ہر گاہ
کہ صبح شدی ابو قرضافہ از عسقلان آواز دادی باواز بلند کہ یا قرضافہ یا قرضافہ الصلاۃ الصلاۃ

قضا فرمادو وجوب ادا کی [illegible] صحابہ کی گفتگو سنی یکایک کرا جواب بھی [illegible]
پہنچے اور سونا سب [illegible] بھی [illegible] آنکھوں میں دیکھتا ہوں کہ جب تک بات زندگی میں [illegible] بھی
قوت کا یہ حال ہو کہ قریب و دور سب ان کو یکساں ہو تو روحی قوت کیسی ہوگی اور وہ بھی بعد رحلت سمجھ لو
روحانی تجلی [illegible] سے اس دنیا میں ہونگے کہ نزدیک و دور و قریب و بعید مسافت سے انکی
نسبت مساوی ہو [illegible] مدینہ منورہ [illegible] تصرف حضور کیوں مستبعد ہو اور اسی قبیل سے ہے تصرف خلیفہ
راشد حضرت فاروق اعظم کا کہ آپ نے [illegible] جنگ کا پتہ لگا پہاڑ کو پشت پر رکھو [illegible]
مدینہ سے پکارا اور حضرت ساریہ نے [illegible] میدان میں تھے جو مدینہ شریف سے مہینوں کی مسافت پر واقع ہے
سن لیا اور اس پر عمل کرکے فتح پایا اور نیز اسی قبیل سے ہے جو حضرت فاروق اعظم نے ایک لشکر مدینہ شریف سے
بہت دور بھیجا تھا افسر لشکر نے ایک شخص فوجی پر کچھ ظلم و اشتد کیا اور اس مظلوم نے بطور استغاثہ حضرت
فاروق اعظم کو وہاں سے تکلیف اور مصیبت کے وقت بلفظ واعمراہ واعمراہ پکارا آنحضرت فاروق اعظم رضی اللہ
تعالیٰ عنہ نے مدینہ شریف سے اس مظلوم فریادی کی سنکر جواب میں پکار کر فرمایا لبیکاہ یا لبیکاہ چنانچہ ۹۲
جب وہ فوج اسلام واپس آئی اور حضرت فاروق نے اوس افسر سے اوس عاجز مستغیث کا حال سب سے
پہلے دریافت فرمایا اور افسر فوج نے سب صحابہ کے سامنے قصہ اوسکے پکارنیکا فاروق اعظم کو بلفظ مسطور
بروقت مصیبت اور تکلیف کے بیان کیا او وقت صحابہ سمجھے کہ اوس دن جو حضرت فاروق نے لبیکاہ فرمایا
یہ جواب تھا اوس مستغیث کی استغاثہ کا وھاتان القصتان منقولتان فی ازالۃ الخفاء للمولانا شاہ ولی اللہ محدث الدہلوی
قدس سرہ وما اوردنا عبارتہما مخافۃ الاطناب فائدۃ جلیلۃ جدیدۃ قصہ اور حدیث
ابو قرصافہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ بات بھی ثابت ہو کہ سوتے ہوئے آدمی کو نماز کے لیے جگانا
سنت ہو اس سے معلوم ہوا کہ یہ جو عوام میں مشہور ہو کہ سوتے ہوئے کو جگانا اور اٹھانا نہ چاہیے بے اصل
بات اور غلط خلاف شرع ہو اور نیز خلفاے راشدین سے سوتے ہوؤنکو جگانا کتب صحاح وغیرہا
مین منقول ہو اور آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہو کہ خلفاے راشدین کے طریقے
کی پیروی تم پر لازم ہو بلکہ کتب احادیث میں مذکور ہو کہ حضور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی
سوتوں کو نماز کیوقت جگا دیتے جسکی تفصیل کا یہ محل نہیں وھذا الحدیث مسطور فی المشکوۃ ایضاً

مخزن تحقیق

۱۳۱۵ھ

ملقب بہ

تحفۂ حنفیہ

یہ ہے وہ مخزن تحقیق اے یار	نہین کرتا تجاوز حق سے زنہار
زمانے مین نہین تحفے کا ثانی	کہ لاثانی ہے یہ حق کی نشانی

یہ رسالہ وہ مرد میدان ہے کہ اکیلا ہندوستان بھر کے بدمذہبونکی خبر لیتا او نکی جانون پہ
قیامت برپا کرتا ہے جس مذہب نے سر اوٹھایا اسنے اوسکو نیچا دکھایا ۔ تائید سنت رد کفر و بدعت
کا منشا تحقیقات علمی اسکا حصہ ہے علم عقائد تفسیر حدیث فقہ کا چشمہ ۔ تاریخی حالات
بزرگان دین کا خزانہ ہے ۔ فی الحقیقۃ اسکے مضامین جواہر بہا سنت سنیونکے حق مین سراسر
رحمت ہین دین و ایمان کی حفاظت کرنیوالے بدمذہبی سے بچانیوالے گمراہونکے رہبر [illegible]

باہتمام ابو المساکین ضیاء الدین عفا عنہ اللہ المعین متوطن پیلی بھیت

از مطبع تحفۂ حنفیہ پٹنہ محلہ لودی کٹرہ شائع کردہ

دلیل ایک سو تیرہ ایک ذرہ بھر عقل سے کام لیا جائے تو یہ امر آفتاب سے زیادہ
روشن ہے کہ تخلیق انبیا اور اولیا علیہم الصلاۃ والسلام کی واسطے استمداد اور استغاثہ دینی و
دنیوی کے حق تعالی نے کی ہے کہ جو لوگ اوس مرتبہ قرب سے محروم ہین اونکے وسیلے اور
ذریعے اور اونکی مدد سے مطالب دارین کو پہونچین جسطرح بادشاہ سے جب کوئی مطلب
رعایا کا ہوتا ہے تو بغیر واسطہ وزرا و مقربین بادشاہی کام نہین نکل سکتا ورنہ حق تعالے
مستغنی ہے اور بندون سے رگ جان سے زیادہ قریب اور ہادی و مضل بالذات اونکی صفت
پھر انبیا کے ذریعے سے ہدایت کیون فرمائی - علی ہذا القیاس جمیع مطالب اور مقاصد
دینی و دنیوی کی نسبت یہ بات غور کر لیجائے کہ اس عالم اسباب مین وسائل اور ذرائع
کے بغیر سنۃ اللہ جاری نہین الا ماشذ و ندر سو اون مین بھی وسائط و ذرائع اہل باطن اور
اہل کمال ہین اگرچہ بسبب ظاہر ہمکو نظر نہ آئین ہمارے سب کام اور تمام عالم کے جملہ امور مین ۹۳
یہی خلفا واسطہ ہین جیسا کہ سابقاً کسی طرف اشارہ کلام اکابر مین ابدال و قطب و غیرہم
کی نسبت گذر چکا اور جب برہان عقلی سے عقل سلیم کے نزدیک ان خلفا کا وسیلہ ہونا مان لیا گیا
تو بالضرور عقل حاکم ہے اس امر کی کہ کمل اولیا کی تحت مین اونکے متبعین امکنہ متعددہ اور
مواضع مختلفہ مین جو سکونت رکھتے ہین اور مصیبت و مشکل کیوقت اونکی طرف رجوع کی
موافق حکم شارع کے سب کو ضرورت پڑیگی اب اگر اونکو حق تعالی کیطرف سے یہ قدرت
عطا ہو کہ آن واحد مین چند جگہ موجود ہو سکین یا سب متعلقین کی فریاد ایک وقت مین سن سکین
یا اونکو سب سے حضوری عطا نہو تو فریاد والونکی فریادرسی اونسے کیونکر وقوع مین آئے
اور جب سب فریاد والونکی فریادرسی کی قدرت اونکو عطا کی گئی خواہ جس طریقے سے
ممکن یا طرق معلومہ سے تو لا محالہ اونکو سب سے حضوری اور سبکی فریادرسی کی قوت حاصل ہوگی

اسیوجہ سے کہ اہل کمال وسیلہ مظہر عون الٰہی ہین اور اونکی استمداد اور توجہ اور مدد سے حق تعالی کی رحمت جوش مین آتی ہی جناب رسالتمآب صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے خود طریقہ استمداد کا تمام امت کو تعلیم فرمایا اور بعد زمان فیض نشان نبوت کے صحابہ کرام نے اسکو برابر جاری رکھا اور نیز خود جناب رسالتمآب صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے توسل فرمایا واسطے تعلیم کے اور یہی وجہ ہی کہ بزرگان دین اونکے وسیلے سے جسطرح اور حوائج مانگتے ہین ایمان پر خاتمہ بھی اونکے وسیلے سے چاہتے ہین کیونکہ جان چکے ہین کہ وہ مقرب ہین اللہ تعالی کے لاڈلے ہین جب اونکے وسیلے سے کوئی چیز مانگی جائیگی حق تعالی عطا فرمائیگا اور سائل کی مراد بر لائیگا۔ بڑے بڑون مین یہ طریقہ جاری اور اونمین توسل کی گرم بازاری۔ بیت حضرت سعدیؒ مشہور عالم ؎

الٰہی بحق بنی فاطمہ	کہ بر قول ایمان کنم خاتمہ

۹۴

اور یہی وجہ ہی کہ اہل اللہ اپنے متوسلین کو اذن عام فرماتے ہین کہ تم جہان کہین ہو مشرق یا مغرب مین ہماری طرف متوجہ ہو ہمارے توسل سے حاجات چاہو تو ہم تمہاری سفارش کرینگے تمہاری مدد کو آن پہونچینگے جیسا کہ حضرت زروق اور حضرت غوث الاعظم رضی اللہ تعالی عنہما کے اقوال مبارکہ سے مین لکھ چکا اور اسیوجہ سے اونکا پکارنیوالا اونکا نام مبارک مصیبت کیوقت لینے والا کامیاب اور فائز المرام ہوتا ہی۔ مولانا جامی صاحب نفحات مین شیخ علی ہیتی قدس سرہ کے حال مین لکھتے ہین کہ آپ کو حق تعالی نے یہ کرامت عطا فرمائی ہی کہ جسکی طرف شیر حملہ آور آتا ہو اور آپ کو یاد کرے اوسوقت شیر لوٹ جاتا ہی اور ہرگز ایذا نہین پہونچاتا ومن جملۃ کراماتہ من ذکرہ عند توجہ الاسد الیہ انصرف عنہ اخبار الاخیار مین احوال حضرت غوث الاعظم رضی اللہ تعالی عنہ مین ہی

فرمود ہر گاہ از خدا چیزے خواہید بوسیلۂ من خواہید تا خواہش شما باجابت رسد
وفرمود ہر کہ استعانت کند بمن در کربے کشف کردہ شود آن کربت از و ہر کہ منادی کند
بنام من در شدتے کشادہ شود آن شدت از و ہر کہ توسل کند بمن بسوے خدا در
حاجتے قضا کردہ شود آن حاجت مراورا انتہی کلمہ ہر کہ قابل غور ہی پھر یہ دیکھنا چاہیے
کہ حضرت غوث الثقلین کے مخلصین اور آپ کو شدت وکربت مین پکارنیوالے اور آپکے
وسیلے سے مراد مانگنے والے ہندوستان اور عرب اور عجم اور عراق اور مصر اور بغداد اور
بنگالہ اور چین اور جزائر اور جبال اور بحار اور گاؤن اور بادیون اور آبادیون مین کسقدر
ہین اور حضور سب کی فریاد حق تعالی کی قدرت حق تعالی کے سنانے سے سنتے ہین اور
سب کی مرادین پوری کرتے ہین پھر نہین معلوم حضور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی حضوری
کیون محل تردد ہی اور نیز اسیوجہ سے محققین علماے مذہب اربعہ کا اسپر اتفاق ہی [1] من اراد
حاجۃ فلیذہب الیہم ویتوسل بہم فانہم الواسطۃ بین اللہ تعالی وخلقہ
وقد تقرر فی الشرع وعلم ما للہ تعالی بہم من الاعتناء کما فی المدخل لابن
الحاج المالکی اور علامہ شیخ حسین مکی کا قول اشط الاہاب سے گذر چکا [2] واذا ثبت ان الانبیاء
والاولیاء بعد الارتحال من ہذہ الدار اسمع وابصر من الاحیاء فنادٰہم بعض
الملہوفین وطلب منہم التوسل والدعاء عند اللہ لکشف ہمومہ و
اسائہ وقال مثلاً یا عبد القادر شیئاً للہ فلا نری بہ باساً وشناعۃ وہذا التوسل جائز

[1] جو شخص اپنی حاجت پوری ہونیکا ارادہ کرے تو چاہیے کہ اونکی طرف جائے اور اونسے وسیلہ کرے کیونکہ
یہ لوگ اللہ تعالی اور اونکی مخلوق کے درمیان واسطہ ہین ۱۲ [2] جب یہ بات ثابت ہوئی کہ انبیا اور
اولیا اس دنیا سے انتقال فرمانیکے بعد زندونسے زیادہ سنتے ہین اور زیادہ دیکھتے ہین تو اونکو کسی
مصیبت زدہ نے پکارا اور اونسے توسل کیا اور اللہ تعالی سے دعا مانگی تو غم ورنج دور ہونیکے لیے اور

مثلاً کہا یا عبد القادر شیئاً للہ تو اسمین کوئی مضایقہ نہین نہ کوئی برائی اور یہ توسل جائز ہی حدیثون اور آثار سے ثابت ہی۔

۹۵

کما ثبت بالاخبار والآثار اور مولانا شاہ ولی اللہ صاحب رسالۂ انتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ
مین تحریر فرماتے ہین بعض اصحاب طریقۂ قادریہ برای حصول مہمات ختم باین طور میکنند
اول دو رکعت نفل میخوانند بعد ازان یکصد و یازدہ بار درود میخوانند بعد ازان یکصد
و یازدہ بار کلمۂ تمجید و یازدہ بار شیئاً للہ یا شیخ عبد القادر جیلانی و یکبار
سورۂ یٰس الخ اور مولانا محمد غوث مدراسی انہار المفاخر فی مناقب الشیخ عبد القادر
مین لکھتے ہین یا شیخ عبد القادر شیئاً للہ نیز از دعوات عظیمہ و اسرار فخیمہ است
و در قضای حوائج از مجربات و معمولات شیوخ سلسلۂ قادریہ است بلکہ در غوثیہ از رسالۂ
حقیقۃ الحقائق می آرد کہ وی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمودہ است اسمی کاسم الاعظم
نام من مانند نام اعظم الٰہی است در تاثیر و انجاح حوائج و در خواندن آن نیز ترتیبات متعددہ
گفتہ اند دلیل ایک سو چودہ جب توسل و استغاثہ و توجہ و استعانت و استمداد 96
و تشفع کہ سب کا حاصل معنی ایک ہے یعنی مقربین الٰہی انبیا اولیا کو مظہر عون الٰہی جانکر
اونسے فریاد کرنا اونکا وسیلہ چاہنا جسکی معنی فتح الباری شرح صحیح بخاری مین اسطرح لکھے ہین
ما یتقرب بہ الی الکبیر یقال توسلت ای تقربت بہت سی آیات اور احادیث اور
اتفاق محققین علمای امت اور اجماع مشائخ طریقت سے ثابت اور جائز بلکہ مندوب الیہ جانب
شارع اور اولیا سے ٹھہرا ایسا کہ ابن تیمیہ و قاضی شوکانی سے شخص کو اسکے جواز کا لوہا ماننا
پڑا اور منکر کو کافر اور مخطی اور ضال ہی کہتے بنا۔ ابن تیمیہ نے اپنے فتاوی اور قاضی نے اپنی کتاب
در النضید فی اخلاص کلمۃ التوحید مین اسکا اقرار اسطرح کیا و الاستغاثۃ بمعنی ان یطلب من الرسول صلی اللہ
علیہ وسلم ما ھو اللائق بمنصبہ لا ینازع فیہ مسلم من نازع فی ھذا المعنی فھو اما کافر او مخطی ضال الخ

(باقی در پرچۂ آئندہ)

مخزن تحقیق

١٣١٥ھ

ملقب بہ

تحفۂ حنفیہ

یہ ہے وہ مخزن تحقیق اے یار	نہین کرتا تجاوز حق سے زنہار
زمانے مین نہین تحفے کا ثانی	کہ لاثانی ہے یہ حق کی نشانی

یہی رسالہ وہ مرد میدان ہے کہ اکیلا ہندوستان بھر کے بدمذہبونکی خبر لیتا اور انکی جانون پر قیامت برپا کرتا ہے جس مذہب نے سر اوٹھایا اسنے اوسکو نیچا دکھایا۔ تائید سنت رد کفر و بدعت اسکا منشا تحقیقات علمی اسکا حصہ ہے علم عقائد تفسیر حدیث فقہ کا چشمہ۔ تاریخی حالات بزرگان دین کا خزانہ ہے۔ فی الحقیقہ اسکے مضامین اہل سنت سنیونکے حق مین سراسر رحمت ہین دین و ایمان کی حفاظت کرنیوالے۔ بدمذہبی سے بچانیوالے گمراہونکے رہبر اور مومنونکے مونس

باہتمام ابو المساکین ضیاء الدین عفا عنہ اللہ المعین متوطن پیلی بھیت

در مطبع تحفۂ حنفیہ محلہ لودی کٹرہ عظیم آباد پٹنہ سے شائع کردہ

تواب ہم کہتے ہین کہ متوسلین اور مستغیثین امکنۂ مختلفہ سے آن واحد مین مثلاً جب کہین یا محمد
اغثنی یا یا محمد انی توجہت بک الی ربی تواب دو حال سے خالی نہین حضور عالم
صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو لکھے پکارنیکی اطلاع ہوگی یا نہین نہونا باطل بمقتضای [1] ماکان
اللہ لیطلعکم علی الغیب ولکن اللہ یجتبی من رسلہ من یشاء اور [2] فلا یظہر
علی غیبہ الا من ارتضی من رسول اور [3] ان اللہ رفع لی الدنیا فانا انظر الیہا وما فیہا
کما انظر الی کفی وغیرہا کے خصوصاً جسوقت مقارن بدرود و سلام ہو یہ استغاثہ تو
اسپر مطلع ہونا متعین اور جواب حضور کیطرف سے متحقق اب یہی صورت اس اطلاع کی
تو خواہ وہ برفع حجاب ہو یا بحضوری حضور فی بیت کل مسلم یا غیرہ جیسا کہ ہم سابقاً اوسکے اقسام
لکھ چکے اور وہ سب صورتین ممکن پھر تشریف آوری کے امکان مین کلام کیسا جب تک توسل
کی نفی اور حضور کے علم غیب کی نفی اور حضوری بروح مجرد یا روح مع الجسد کی نفی پر دلیل ۹۷
قائم نہو تب تک حضور کی تشریف آوری کا انکار نہین ہو سکتا اور جملہ آیات استدلال جواز
توسل سے موافق بیان مفسرین وغیرہم من المحققین کے یہ آیات ہین [1] فتلقے آدم الآیہ اور [2]
یا ایہا الذین آمنوا اتقوا اللہ وابتغوا الیہ الوسیلۃ اور [3] ولو انہم اذ ظلموا
انفسہم جاؤک الآیہ اور [4] لا یملکون الشفاعۃ الا من اتخذ عند الرحمن عہدا
اور [5] والنازعات الی قولہ تعالیٰ والمدبرات امرا اور [6] وکانوا من قبل یستفتحون علی الذین
کفروا الخ اور [7] اولئک الذین یدعون یبتغون الی ربہم الوسیلۃ ایہم اقرب
اور [8] وماکان اللہ لیعذبہم وانت فیہم اور [9] ولولا دفع اللہ الناس بعضہم ببعض الخ

---

[1] نہین ہے اللہ تعالے کہ تمکو اپنے غیب پر آگاہ کرے مگر اللہ تعالیٰ اپنے رسولون سے جسکو چاہتا ہے
برگزیدہ کرلیتا ہے تو اوسکو آگاہ کردیتا ہے ۱۲ [2] پس اللہ تعالیٰ کسیکو اپنے غیب پر اطلاع نہین دیتا ہے
لیکن رسول سے جسکو برگزیدہ کرتا ہے اوسکو اطلاع دیتا ہے ۱۲ [3] بیشک اللہ تعالیٰ نے دنیا کو میرے سامنے کردیا

اور ولولا رجال مومنون ونساء مؤمنات الی قولہ تعالیٰ لو تزیلوا لعذبنا الذین کفروا
منھم اور ھنالک دعا زکریا ربہ الی قولہ تعالیٰ ان اللہ یبشرک بیحیی الخ اور جملہ احادیث
مثبت توسل واستعانت واستغاثہ سے حدیث ضریر ہے اور حدیث عثمان بن حنیف اور حدیث
خازن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ شکایت باران حضور سے اور خواب مین حضور کا بشارت دینا
اور حدیث اعرابی مع قولہ یا خیر من دفنت الخ اور حدیث ابو الشیخ یا رسول اللہ الجوع
الجوع اور خواب مین حضور کا آنا اور طعام بھجوانا اور حدیث ابو الخیر شیبانی اور حدیث عائشہ
صدیقہ بفتح کوہ اور حدیث استسقاء بقبرہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور حدیث
استسقاے عمر بعم النبی صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم العباس اور حدیث
تستر واستسقا بحضرت دانیال علیہ السلام اور حدیث غزوہ قسطنطنیہ اور استسقا
روم بقبور شہدا اور[۱۲] حدیث خد رجل اور[۱۳] حدیث اذا انفلتت دابۃ احدکم ۹۸
اور[۱۴] حدیث ان ارادعونا فلیقل یا عباد اللہ اعینونی اور[۱۵] حدیث ثلثۃ نفر رواہ
الشیخان اور[۱۶] حدیث فاطمہ بنت اسد لحد ویرا بدست شریف خود حفر کردہ بدست مبارک
خود خاک برآورد بعد از فراغ در لحد درآمد و بخفت و فرمود اللہ الذی یحیی ویمیت وھو
حی لا یموت اغفر لامی فاطمۃ بنت اسد ووسع علیھا مدخلھا بحق نبیک
والانبیاء قبلی فانک ارحم الراحمین کذا فی جذب القلوب اور حدیث دعای
مشے الی المسجد اللھم انی اسألک بحق السائلین علیک ہے جب خود حضور نے
باوجود اس عظمت وجلال کے انبیا وسائلین وصعالیک مہاجرین سے توسل کیا تو پھر جواز
توسل مین کیا تامل رہا اور دوسرے کس گنتی مین رہگئے پھر اسکے جواز پر اجماع اور اتفاق فقہا
او رمحدثین مذاہب ائمہ اربعہ کا اور اجماع امت باطل پر بحکم مخبر صادق لا یجمع امتی علی الضلالۃ

ممکن نہین یہانتک کہ ابن تیمیہ سا اڑیل قائل معقول ہوگیا اس بات کا کہ سارے جہان کے
علما غلط مسئلہ پر اتفاق کر سکتے ہین مگر فقہا و محدثین کہ انسے یہ امر نہین ہوسکتا جیسا کہ امام
ذہبی مختصر منہاج الاعتدال مین اوس سے ناقل ہین ان جمیع ارباب الفنون یجوز علیھم الخطاء
الا الفقہاء والمحدثون فلا ھٰؤلاء یجوز علیھم الاتفاق علی مسئلۃ باطلۃ ولا یجوز
علیٰ ھٰؤلاء التصدیق بکذب ولا التکذیب بصدق یہانسے غیر مقلدین کا دوالا نکل گیا
چھکے چھوٹ گئے نصیب پھوٹ گئے۔ اسلیے کہ جملہ فقہا کا اجماع ہے وجوب تقلید پر ان آیات
واحادیث کی تفصیل وتوضیح مطالب مین نے جوابات مفصلہ مین بالا مزید علیہ کردی ہے اور
ایسا ہی ثبوت علم غیب مین چھیاسی آیتین اور دو سو حدیثین اور پانسو اقوال محققین اور اجماع
امت لکھ چکا ہون اور حضور کی حضوری پر جو ادلہ قائم ہین اونکا حال معلوم پس انکار امکان حضور
یا وقوع کی کوئی سبیل ہرگز نہین بن سکتی دلیل ایک سو پندرہ حافظ ابن ابی جمرہ نے 99
شرح مختصر بخاری مین ابن اثیر نے مختصر تاریخ جریر طبری مین ابن سنی نے کتاب عمل الیوم
واللیلہ مین ابن تیمیہ نے کلم طیب مین شیخ الاسلام برہان الدین نے حصن حصین مین لکھا ہے
قال مجاھد خدرت رجل رجل عند ابن عباس رضی اللّٰہ تعالیٰ عنھما فقال ابن عباس
اذکر احب الناس الیک فقال یا محمد فکانما انشط من عقال وقال مجاھد فذھب
خدرہٗ ترجمہ حضرت مجاہد فرماتے ہین کہ حضرت عبداللہ بن عباس کے پاس ایک شخص
کا پاؤن سو گیا حضرت عبداللہ نے فرمایا کہ جو سب سے زیادہ محبوب ہین اونکو یاد کر اوس
شخص نے حضور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یاد کیا اور حضور کیطرف متوجہ ہوا اور حضور سے
استغاثہ کے لیے حضور کو اس طرح پکارا یا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ پاؤن اوسیوقت
اچھا ہوگیا تکلیف خدر کی جاتی رہی اور ایک روایت حضرت عبداللہ بن عباس اور حضرت

عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنہم مین اسطرح واقع ان الانسان اذا خدرت رجلہ
فلینادیا محمد فان الخدر یذهب یعنی جب کسی شخص کا پانون سو جائے تو اوسکو
چاہیے حضور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو اسطرح پکارے یا محمد تو سونا اوسکا جاتا رہیگا
یہ وہ عمل ہے جسپر عمل درآمد ہے تمام اہل مدینہ و مکہ عظمہما اللہ تعالی وشرفہما کا۔ بلکہ حضور عالم
صلے اللہ تعالی علیہ وسلم کے خاصین مخصوصین وغیرہم جنکو یہ عمل معلوم ہے جہان مین لاکھون
کروڑون بلاد مختلفہ مین اس عمل پر عمل کرتے ہین اور شفا پاتے ہین۔ اگر کسیکو وہم ہو کہ اسمین
حضور کی حضوری کی کیا ضرورت حضور کے نام مبارک کی برکت سے یہ اثر مترتب
ہوتا ہے تو ہم کہینگے کہ یہ ہمارے مدعا کے منافی نہین مانا حضور کے نام مبارک کی برکت سے
یہ ترتب اثر ہو مگر خطاب بحرف ندا اور حضور کیطرف توجہ بے غرض صحیح نہین اور جب
۱۰۰ حضور کی حضوری اور بہت سے ادلہ سے ثابت تو پھر اس جگہ اوسکی نفی کی حاجت کونسی
ہے۔ علاوہ اسکے یہ حدیث شریف کہ روح مبارک حضور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی ہر
مومن کے گھر مین ہے اسکے راوی بھی حضرت عبداللہ بن عباس ہین جنسے اس عمل کی تعلیم ہے
پھر توجیہ اور تاویل خلاف اوسکے عبث ہے اور شفای قاضی عیاض مین ہے ان عبداللہ بن عمر
خدرت رجلہ فقیل اذکر احب الناس الیک یزل عنک فصاح یا محمداہ
ملا علی قاری شرح مین لکھتے ہین ای فنادی باعلی صوتہ وکانہ رضی اللہ تعالے
عنہ قصد بہ اظہار المحبۃ فی ضمن الاستغاثۃ علامہ خفاجی لکھتے ہین وقد
روی مثلہ لابن عباس وذکرہ النووی فی اذکارہ وروی ایضًا من غیرهما
وهذه مما تعاهده اهل المدینۃ یعنی اہل مدینہ کا یہی قاعدہ مستمرہ ہے دلیل
ایک سو سولہ ابن جوزی نے صفۃ الصفوۃ مین اور شیخ نے جذب القلوب مین لکھا ہے

قال ابو الخیر الشیبانی دخلت مدینة رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
وانا بفاقة فاقمتُ خمسة ایام ماذقت ذواقا فقدمت الی القبر فسلمت
علے النبی صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وابی بکر و عمر رضی اللہ عنہما وقلت انا ضیفک اللیلة
یارسول اللہ وتنحیت فنمت خلف المنبر فرأیت فی المنام النبی صلے اللہ
تعالیٰ علیہ وسلم وابوبکر عن یمینه وعمر عن شماله وعلی بن ابی طالب
بین یدیه فحرکنی علی وقال قم قد جاء رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
فقمت فقبلت بین عینیه فدفع الی رغیفا فاکلت بعضه وانتبهت فاذا النصف
الاخر بیدی ترجمہ ابو الخیر شیبانی فرماتے ہین مین مدینہ شریف مین گیا اور مجہپر فاقہ تھا
پانچ دن وہان ٹھہرا اور کچھ نہ چکھا مزار اقدس پر حاضر ہوکر حضور کو اور ابو بکر صدیق اور
فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو سلام علیک کیا اور حضور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ ۱۰۱
وسلم کی خدمت مین یہ عرض کیا یارسول اللہ آجکی رات مین حضور کا مہمان ہون اور
ہٹکر منبر پاس سو گیا خواب مین حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے دیدار سے مشرف ہوا
حضرت صدیق آپ کی سیدھی طرف حضرت فاروق الٹی طرف حضرت علی کرم اللہ
تعالیٰ وجہہ سامنے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجہسے فرمایا کھڑے ہو جاؤ حضور عالم
صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے۔ مین نے کھڑے ہوکر حضور پرنور صلی اللہ
تعالیٰ علیہ وسلم کی پیشانی منور کو چوما حضور نے مجکو ایک روٹی عنایت کی مین نے
اوسمین سے کچھ کھائی جب خواب سے جاگا تو باقی میرے ہاتھ مین تھی۔ مین کہتا ہون
کیا جسروز جسوقت ابو الخیر رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے حضور کو دیکھا حضور نے اونکو
روٹی عطا کی اوس روز اوسوقت کسی اور شخص نے دنیا بھر مین سے خواب مین یا بیداری مین

حضور کو نہین دیکھا اسپر کوئی دلیل نہین اور وقائع مخلصین اسکے خلاف ہین یعنی وفاق کی
برہان قاطع اور دلیل ساطع دلیل ایک سو سترہ یارسول اللہ یانبی اللہ اور مثل
ان کلمات کے غائبانہ صحابہ کا وظیفہ تھا حتی کہ غزوات مین صحابہ کا شعار تھا یا محمد اور
حضور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم انکی مدد فرماتے جسوقت صحابہ کرام حضور سے مدد
چاہتے اور بلاتے خصوصًا بروقت حاجت روائی مشکل کشائی بروقت مصیبت اور سخت
آفت کے حضور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے خاص نام نامی اور علم گرامی کے ساتھ ندا
کرتے اور استغاثہ اور استعانت فرماتے اور مرادین مانگتے اور پاتے اور اسیطرح تابعین
اور دوسرے بزرگان دین جیسا کہ کتب تواریخ اور سیر اور غزوات مین منقول ہے اور
مین بوجہ عدیم الفرصتی اور نیز بخیال التطویل وسکی تفصیل سے قاصر ہون۔ معہذا دو چار پتے
۱۰۲ اور سنین یاد دلاتا ہون۔ ابن جوزی عیون الحکایۃ مین ناقل عن بعض التابعین
انھم لما اسرھم الکفار وراودوھم علی الکفر وامتنعوا فاغلوا لھم
زیتا فی قدر فالقوھم فیہ فنادوا یا محمد ابن اثیر اپنی تاریخ مین جو مختصر ہے
تاریخ ابن جریر طبری کی لکھتے ہین ان الصحابۃ بعد موت رسول اللہ صلی اللہ
تعالی علیہ وسلم کان شعارھم فی الحروب یا محمد دیکھو جب غزوہ یرموک
مین دعاوا ہوا ہزارہا صحابی یا محمد امت امت کا نعرہ مارتے تھے اور
حضور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو بطور استمداد پکارتے تھے۔ اس سے ثابت
وصاف ہے ہین کہ حضور ایسی مشکل کے وقت جیسے کفار سے مقابلہ ہو مسلمانو نکا یا اور
مجالس خیر مین تشریف رکھتے ہین اور مخلصین کی دستگیری مشکلکشائی اور مدد فرماتے
ہین فیض رسانی کے لیے رونق افروز ہوتے ہین ناواقف اور اعمے سے بحث نہین

بصیر اور واقف اس فیض سے ہرگز محروم نہیں ۵			
سکندر را نمی بخشند آب		بزور و زر میسر نیست این کار	

نہیں سے یہ بات بھی واضح ہوگئی کہ دعاے مستغاث کے جواز میں کوئی شبہہ نہیں
اسلیے کہ جب حضور سے استغاثہ حضور کا علم مبارک اسمی لیکر پکارنا سنت ہوا قول و
فعل صحابہ اور تعلیم رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم سے تو حضور کو ندا کرنا باسم وصفی بطریق
اولی سنت بلکہ وہ بھی صحابہ کرام سے منقول اور دعاے مستغاث میں اسی قسم کے کلمات
ہین جیسے المستغاث یارسول اللہ المستعان یارسول اللہ الشفاعات یارسول اللہ الخلاص
یارسول اللہ نیز تحقیق علامہ ابن اثیر اور قضیہ میوک سے یہ امر لائح کہ حضور عالم صلی اللہ
تعالی علیہ وسلم سے جسطرح مراد مانگنا مشکل کے وقت پکارنا سنت ہوا ویسی قیاس سے
103 بزرگان دین سے بے تامل جائز بلکہ مستحسن کیونکہ انکے مخلصین اونکے عیال و اطفال ہین
قال الشیخ اسمعیل حقی فی تفسیر روح البیان تحت قولہ تعالی۔ ان تدعو
هم۔ ای الاصنام۔ الی الهدی الی ان یهدوکم الی ما تحصلون به
مقاصدکم۔ لا یسمعوا دعاؤکم فضلا عن المساعدة والامداد و
هذا بخلاف التوجه الی روحانیة الانبیاء والاولیاء وان کانوا
مخلوقین فان الاستمداد منهم والتوسل بهم والانتساب الیهم
من حیث انهم مظاهر الحق ومجالی انواره ومرائی کمالاته
وشفعاؤه فی الامور الظاهرة والباطنة له غایات جلیلة
ولیس ذلك بشرك اصلا بل هو عین التوحید ومطالعة
الانوار من مطالعها ومکاشفة الاسرار من مصاحفها انتهی

دلیل ایک سو اٹھارہ روح البیان مین والجبال اوتادا کی تفسیر مین ہو
الاوتاد فی الحقیقۃ سادات الاولیاء وخواص الاصفیاء فانہم جبال
ثابتۃ وبہم تثبت ارض الوجود وسئل ابو سعید الخراز قدس سرہ
عن الاوتاد والابدال ایہم افضل فقال الاوتاد قیل کیف فقال لان
الابدال یتقلبون من حال الی حال ویبدل بہم من مقام والاوتاد بلغ
بہم النہایۃ وثبت ارکانہم فہم الذین بہم قوام الخلق قال ابن
عطاء الاوتاد اربعۃ واحد یحفظ الشرق یقال لہ عبد الحی وواحد
یحفظ الغرب یقال لہ عبد العلیم وواحد یحفظ الشمال یقال لہ عبد المرید
وواحد یحفظ الجنوب یقال لہ عبد القادر والابدال سبعۃ یحفظون
۱۰۳ اقالیم الکرۃ علوا وسفلا وکان الشافعی رضی اللہ تعالی عنہ من الاوتاد
الاربعۃ انتہی سابقا گزر چکا کہ ابدال جب ایک جگہ سے دوسری جگہ متقلب ہوتے
ہین تو اپنی صورت مثالی اپنی جگہ پر قائم کر جاتے ہین اور ایک وقت چند جگہ پر ہوتے ہین۔
اوتاد کا مرتبہ ابدالون سے بڑھا ہوا ہو اور قطب عالم کا مرتبہ اوتاد سے اسپر حضور عالم صلی اللہ
تعالی علیہ وسلم کا مرتبہ اگر قیاس کیا جائے تو بجز اعتراف بقصور کچھ سمجھ مین نہ آئے پھر اسیقدر پر اکتفا کرنا مناسب

شکر فیض تو چمن چون کند اے ابر بہار	کہ اگر بار و گر گل ہمہ پروردۂ تست

لہ اوتاد واقع مین سردار اولیا ہین اور خواص اصفیا ہین پس وہ لوگ پہاڑکی مثل ثابت وقرار ہین اور
انکی وجہ سے زمین کا وجود ثابت ہو ۱۲ لہ ابن عطا نے فرمایا کہ اوتاد چار ہین ایک مشرق کی حفاظت کرتے ہین
اونکا نام نامی عبد الحی ہو دوسرے مغرب کی حفاظت کرتے ہین اونکا نام مبارک عبد العلیم ہو تیسرے شمال کی حفاظت
کرتے ہین اونکا نام شریف عبد المرید ہو چوتھے جنوب کی حفاظت کرتے ہین اونکا نام لطیف عبد القادر ہو اور ابدال
سات ہین تمام عالم کی حفاظت کرتے ہین اور امام شافعی بھی اوتاد اربعہ سے تھے ۱۲ مولانا مولوی علیم الدین صاحب زید فیضہ

مخزن تحقیق

۱۳۱۵ھ

ملقب بہ

تحفۂ حنفیہ

یہہ وہ مخزن تحقیق لے یار	نہین کرتا تجاوز حق سے زنہار
زمانے مین نہین تحفے کا ثانی	کہ لاثانی ہے یہ حق کی نشانی

یہی رسالہ وہ مرد میدان ہے کہ اکیلا ہندوستان بھر کے بد مذہبونکی خبر لیتا اونکی جانون پر قیامت برپا کرتا ہے جس بد مذہب نے سر اوٹھایا اسنے اوسکو نیچا دکھایا۔ تائید سنت رد کفر و بدعت اسکا منشا تحقیقات علمی اسکا حصہ ہے علم عقائد تفسیر حدیث فقہ کا چشمہ۔ تاریخی حالات بزرگان دین کا خزانہ ہے۔ فی الحقیقۃ اسکے مضامین جمع اہل سنت سنیہ کے حق مین سراسر رحمت ہین دین و ایمان کی حفاظت کرنیوالے۔ بد مذہبی سے بچانیوالے گمراہونکے ہادی اہل ہدایت کے اوستاد و مرشد

باہتمام ابو المساکین ضیاء الدین عفا عنہ اللہ المعین متوطن پیلی بھیت

مطبع حنفیہ پٹنہ محلہ لودی کٹرہ مین شائع کردہ

دلیل ایک سو اٹھائیس علامہ شیخ احمد حموی اپنے رسالہ نفحات القرب والاتصال باثبات التصرف لاولیاء اللہ بعد الانتقال میں بعد اثبات انواع کرامات کے باتفاق جمیع محققین مذاہب اہل سنت کے فرماتے ہیں واما ما یتعلق بالتصرف فاعلم ان تصرف الاولیاء حال حیاتهم من جملة کراماتهم وهو کثیر فی کل زمان لاشك فیه ولا ینکره الا معاند واما بعد مماتهم انما هو باذن الله تعالی وارادته لاشریك له فی ذلك خلقا وایجادا اکرمهم الله تعالی به واجراه علی ایدیهم وبسببهم خرقا للعادة وتارةً بدعائهم وتارةً بفعلهم واختیارهم وتارةً بغیر اختیارهم ولا قصد ولا شعور منهم بل قد یحصل من الصبی غیر الممیز وتارةً بالتوسل الی الله تعالی بهم فی حیاتهم وبعد مماتهم مما هو ممکن فی القدرة الالٰهیة ولا یعتقد الناس بسؤالهم ذلك منهم قبل الموت وبعده نسبتهم الی الخلق والایجاد ۵
والاستقلال بالافعال فان هذا لا یقصده مسلم ولا یخطر ببال احد من العوام فضلا عن غیرهم فصرف الکلام الیه ومنعه من باب التلبیس فی الدین والتشویش علی عوام الموحدین فلا یظن بمسلم بل ولا بعاقل توهم ذلك فضلا عن اعتقاده وکیف یحکم بالکفر علی من اعتقد ثبوت التصرف لهم فی حیاتهم وبعد مماتهم حیث کان مرجع ذلك الی قدرة الله تعالی خلقاً وایجادا کیف وکتب جمهور المسلمین طافحة به وانه جائز وواقع لامریة فیه البتة حتی کاد ان یلحق بالضروریات بل البدیهیات وذلك لان جمیع کرامات هذه الامة فی حیاتهم وبعد مماتهم تصرفا وغیره من جملة معجزات النبی صلی الله تعالی علیه وسلم الدالة علی نبوته وعموم رسالته الباقیة

بعد موته التی لا ینقطع دوامها ولا تجدد دها بتجدد الکرامات فی کل عصر
من الاعصار الی یوم القیامة **حاصل مطلب** اس عبارت کا یہ ہے کہ اولیاء اللہ
کے جملہ کرامات خواہ اونکی زندگی مین واقع ہون خواہ اونکی رحلت کے بعد اور وہ کرامات
خواہ اونکا تصرف ہو یا غیر جیسے ایک آن مین چند جگہ موجود ہونا سب معجزہ ہی پیغمبر خدا
صلے اللہ تعالی علیہ وسلم کا جو حضرت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی نبوت اور رسالت پر دلیل ہے
اور یہ معجزہ قیامت تک باقی ہے بعد انتقال حضور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے اور اوسکی
تجدید ہوتی رہیگی قیامت تک بسبب تجدید کرامات اولیا کے ہمیشہ ہر وقت ہر زمانے
مین اور واقع ہونے کرامات اولیا پر تمام علماے اہل سنت کا اجماع اور اتفاق ہے اور جملہ
کرامات اونکے سے ایک کرامت اولیا کا تصرف ہے عالم مین اونکے جیتے جی اور بعد مرنیکے
۱۰۶ اسمین کوئی شک اور کسیطرح شبہہ نہین اسکا منکر وہی شخص ہوگا جو دین کا دشمن ہوگا اور
جہان مین اولیا کا جو تصرف ہے وہ اللہ تعالی کے حکم اور ارادے سے ہے جسکا کوئی
شریک نہین خلق اور ایجاد مین اصالۃً اور حقیقۃً اولیا کو حق تعالی نے بزرگی دی ہے
انھین تصرفات کے سبب سے اونکے ہاتھ سے اس تصرف کو جاری فرمایا ہے اسکا
اونکو سبب بنایا ہے بطور خرق عادت کے پس وہ عالم مین تصرف کرتے ہین
کبھی الہام سے کہ مخلصین کے دلون مین اچھی باتونکو ڈالتے ہین کبھی جب کوئی اونکو
فریادرسی کے لیے بلاتا ہے تو وہ دعا کرکے اللہ تعالی سے دفع بلا کراتے ہین۔ کبھی اونکے
فعل واختیار سے یہ امور واقع ہوتے ہین کبھی بغیر اختیار کے کبھی جب کوئی اونکے
وسیلے سے دعا کرتا ہے تو حق تعالی بسبب اونکے ذریعے کے مصیبت دور کر دیتا ہے مدعا بر لاتا ہے
حاجت کو پورا فرماتا ہے اونکی زندگی مین بھی اور اونکی موت کے بعد بھی غرض کہ صدہا امور اور ہزارہا باتین

تحت تصرف اولیا ہین اور جو کوئی اولیا سے خواہ زندگی مین یا بعد موت کے قریب
یا دور سے کچھ مانگتا ہے تو اونکو اوس کام کا خالق یا فاعل مستقل نہین جانتا ایسا خیال
تو کسی مسلمان کا نہین ہو سکتا عوام کے دلمین بھی ایسی بات نہین گزر سکتی چہ جائیکہ
خواص تو اونکی بات کو گھما کر اسطرف بھیرنا اور اون پر اس امر کی تہمت رکھنا اور اونکو
التئے توسل و استغاثہ سے منع کرنا اور اوسکو شرک و کفر بتانا دین مین کھلا ہوا فریب کرنا ہے
اور عوام مومنین کو پریشانی مین ڈالنا ہے کیونکہ کسی ادنی مسلمان بلکہ کسی عاقل کے ذہن
اعتقاد تو در کنار اس بات کا وہم بھی نہین گزرتا کہ اولیا فاعل مختار اور خالق موجد
مستقل بالذات ہین کسی کام مین بلکہ سب مسلمانونکا یہی عقیدہ ہے کہ اولیاء اللہ خدا ہی تعالی
کے مقبول بندے ہین اللہ تعالی کی قدرت سے وہ عالم مین متصرف ہین اونکی قدرت
۱۰۷ خدا کی قدرت اونکا علم و تصرف خدا کا علم و تصرف ہے اور اسکا انکار ممکن نہین تمام کتابین
مسلمانونکی اس سے بھری ہوئی ہین اور اولیا کے تصرفات ممکن اور بیشک واقع ہین
یہانتک کہ یہ ضروریات اور بدیہیات سے ہو گیا ہے۔ اس تحقیق سے اور تحقیق ماسبق سے
چند باتین محقق اور ثابت و مبرہن ہوئین اول یہ کہ جملہ کرامات اولیاء اللہ سے جسکا جواز
متفق علیہ ہے ایک تصرف فی العالم ہے اور جملہ تصرفات اولیا سے تطور اور تمثل بصور متعددہ
اور آن واحد مین حضور چند جا اور جب اولیا کے لیے یہ کرامت مسلم اور محقق پھر حضور عالم
صلے اللہ تعالی علیہ وسلم کے لیے اسکا ثبوت اور تحقق کیون محل انکار دوسرے
توسل اور استغاثہ کی تین صورتین ہین اور سب جائز اول یہ کہ دعا اللہ تعالی سے ہو اولیاء اللہ
یا حضور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی استعانت اور وجاہت اور برکت سے جیسا کہ یہ
طریقہ حضور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے خود برتا کان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم

علیک اور السائلین بحق اللھم اسئلک اور المہاجرین

یستفتح بصعالیک المہاجرین اور اللھم اسئلک بحق السائلین علیک اور

جیسا کہ حضور نے خود ہمکو تعلیم فرمایا یا محمد انی توجہت بک الی ربی اللھم انے

اتوجہ الیک بمحمد نبی الرحمۃ دوسری[2] یہ کہ حضور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا اولیا

سے یہ کہنا کہ ہمارے واسطے آپ اللہ تعالیٰ سے دعا فرمائین کہ اللہ تعالیٰ ہماری مراد

برلائے ہماری مصیبت ٹالے تیسری[3] یہ کہ خود حضور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا اولیا اللہ

سے استمداد واستعانت واستغاثہ کیا جائے اور کہا جائے کہ آپ میری مدد کیجیے

میری مراد برلائیے میری مصیبت ہٹائیے اونکو مظہر صفات حق اور مظہر عون الٰہی

سمجھا جائے نہ مستقل تصور کیا جائے تیسرے اس تحقیق سے یہ بات معلوم ہوئی کہ حضور عالم

صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا اولیاء اللہ سے توسل اور استغاثہ اور استمداد ہر حال مین ہر جگہ

سے جائز خواہ حالت حیات مین ہو۔ یا بعد الممات دور سے ہو یا قریب سے اونکی نسبت مساوی ١٠٨

دلیل ایک سو میں علامہ بہادی الدلائل الواضحات فی اثبات الکرامات فی الحیاۃ

وبعد الممات مین افادہ فرماتے ہین اذا کان[1] مرجع الکرامات الی قدرۃ اللہ تعالیٰ

فلا فرق بین حیاتھم ومماتھم فانھا بمحض خلق اللہ تعالیٰ وایجادہ لھا

اکرمھم اللہ بھا واجراھا علی ایدیھم فتارۃ بسبب دعائھم وتارۃ

بفعلھم واختیارھم وتارۃ بغیر اختیارھم ولا قصد ولا شعور

منہ وتارۃ بالتوسل الی اللہ بھم ولیس لہ مشارکۃ للباری فی ذالک البتۃ

[1] اولیا کے کرامات کا مرجع اللہ تعالیٰ کی قدرت کیطرف ہو یعنی اولیاء اللہ قدرت آلٰہی سے کام کرتے ہین بس اونکی حیات اور موت مین کچھ فرق نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت سے اونسے کام لیا اور اونکے ہاتھ سے یہ کام ظاہر کیا اور قدرت الٰہی ہمیشہ یکسان ہو کبھی اونکی دعا سے کبھی اونکے فعل سے کبھی اونکے اختیار سے اور کبھی اونکے بغیر اختیار کے بغیر عقل کے کبھی اونکو وسیلہ کرنے سے طرف اللہ تعالیٰ کے کرامت ظاہر ہوتی ہے ۱۲ مولانا علیم الدین صاحب اسلام آبادی زید فیضہ

وقد اتفقت کلمة علماء الاسلام قاطبة علی ان معجزات نبینا صلی الله
تعالی علیه وسلم لا تنحصر لان منها ما اجراه الله ویجریه لاولیائه
من الکرامات احیاء وامواتا الی یوم القیامة فانه من جملة معجزاته
الباقیة بعد موته الدالة بالضرورة دلالة قطعیة علی صحة نبوته
صلی الله تعالی علیه وسلم فی کل عصر من الاعصار الی یوم القیامة
کما قال ابن الصلاح وغیره ولا ینکرها الا کل مخذول فاسد الاعتقاد
فی اولیاء الله انتهی مین کہتا ہون تطور اور تمثل بصور متعددہ اور حضور باشکال مختلفہ
آن واحد مین بیچ مواضع متعددہ کے جملہ کرامات سے ہونا ہم بارہا لکھ چکے وسیأتی
ایضاً ان شاء الله تعالی پس موافق مسلک میزان کے تقریر برہان یون ہر کہ ایک آن مین
۹. وجود اولیا چند جا جملہ کرامات سے ہر اور جملہ کرامات کے ثبوت اور وقوع پر اہل حق کا
اتفاق ہر پس آن واحد مین اونکا حضور چند جا ہونا متفق علیہ اہل حق ہوا اور سابقاً
گزر چکا کہ یہ کرامات اولیا کا وہ فیض جاری ہر جسکی تجدید قیامت تک ہوتی رہیگی جسطرح
حضور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم سے توسل واستغاثہ دور اور نزدیک سے اور انجاح مرام
ہر وقت استمداد حضور سے کما فی الشفاء السقام فما زال یتوسل بهذه
الوسیلة **دلیل ایک سو اکیس** حجة الله البالغة سے یہ عبارت مین لکھ چکا ہون

ل علما کا اسپر اتفاق ہر کہ آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے معجزات احاطۂ تحریر
وتقریر سے خارج ہین کیونکہ انمین سے وہ ہر جو اللہ تعالی نے اوسکو ظاہر کیا اور اوسکو اولیا
کے کرامات سے ظاہر فرمایا زندہ کرنا مارنا روز قیامت تک یہ جاری ہر ہر زمانے مین قیامت تک جاری رہیگا یقیناً اور
اسکا کوئی انکار نہ کریگا مگر فاسد العقیدہ بدمذہب گ اولیاء اللہ سے منکر ۱۲ مولانا علیم الدین صاحب اسلام آبادی مد فیضہ

جوارواح اہل اللہ کے حال مین شاہ صاحب فرماتے ہین [ل] اذا مات انقطعت
العلاقات فیلحق بالملائکة وصار منهم والهم کالهامهم ویسعی فیما
یسعون وربما اشتغل هؤلاء باعلاء کلمة الله ونصر حزب الله الخ
اس عبارت منقولۂ سابقہ کے بعد متصل یہ عبارت مرقوم ہے وربما اشتاق بعضهم
الی صورة جسدیة اشتهاء شدیدا ناشئا من اصل جبلته ففزع
ذلک بابا من المثال واختلطت به قوة منه بالنسمة الهوائیة وصار
کالجسد النورانی وربما اشتاق بعضهم الی المطعوم ونحوه فأید فیما
اشتهی قضاء لشوقه انتہی مین کہتا ہون جب ارواح کاملین کا بعد رحلت کے ۱۱۰
اس عالم سے یہ اعزاز ہے کہ جب اونکو متجسد اور متجسم ہونیکا شوق ہوتا ہے تو صور مثالیہ
اور اجساد نورانیہ عطا ہوتی ہین حق تعالی کیطرف سے اور جب اونکو کھانے وغیرہ کا اشتیاق
ہوتا ہے تو وہ بھی اونکے لیے مہیا کیا جاتا ہے تو جسوقت وہ آن واحد مین چند جا پر حاضر ہونا چاہین
اور حق تعالی اپنی کمال قدرت اور اونکی کمال قدر و منزلت کیوجہ سے یہ کرامت اونکو
عطا فرمائے تو کیا بعید ہے خصوصا وہ اکابر اہل اللہ جو اپنی زندگانی مین اس کرامت کے
ساتھ مکرم اور متمتع تھے اور بعد رحلت کے اوسیطرح آن واحد مین چند جا حاضر ہونیکو
اونکا جی چاہے اور شائق ہون مثل اشتیاق صورت جسدی اور طعام وغیرہ کے اور
حق تعالی اونکی خاطر کے موافق یہ شوق پورا کر دے مثل اور اشواق کے تو کچھ محل استبعاد نہین

ل جب انسان مرجاتا ہے تو علاقے منقطع ہوتے ہین اور وہ فرشتونکے ساتھ ملحق ہوجاتا ہے اور اونمین سے ہوجاتا ہے
اوسکو فرشتونکی مثل الہام ہوتا ہے اور وہ اسطرح سیر کرتا ہے جسطرح فرشتے اطراف عالم مین سیر فرماتے ہین اور اکثر یہ لوگ
جہاد وغیرہ کے دین کی مدد کرتے ہین اور اللہ تعالی کی جماعت کی مدد کرتے ہین ۱۲ مولوی علیم الدین صاحب زید فیضہ

بہر حال امکان اس روایت سے بھی ثابت قطع نظر ثبوت وقوع سے ساتھ دلائل
واضحہ ماضیہ اور آتیہ کے دلیل ایک سو بائیس علامہ رملی جو مشاہیر فقہا سے
ہین اپنے فتاوی مین تحریر فرماتے ہین کرامات الاولیاء مشاهد لا یمکن انکارها
والذی نعتقده ثبوتها فی حیاتهم وبعد مماتهم ولا تنقطع بموتهم
ومنکرها یخشی علیه الموت والعیاذ بالله علی سوء الخاتمة فیجوز التوسل
بهم الی الله کما وردت الاستغاثة بالانبیاء وبالعلماء والصالحین بعد
موتهم لان معجزة الانبیاء وکرامات الاولیاء لا تنقطع بموتهم اما الانبیاء فلانهم
احیاء فی قبورهم یاکلون ویشربون ویصلون ویحجون بل وینکحون کما
وردت بذلک الاخبار ویکون الاغاثة معجزة منهم والشهداء ایضا ۱۱۱
احیاء عند ربهم شوهد وانهم نهارا جهارا یقاتلون الکفار واما الاولیاء
فهی کرامة منهم فان اهل الحق علی انه یقع من الاولیاء بقصد وبغیر
قصد امور خارقة للعادة یجریها الله علی ایدیهم وبسببهم انتهی جب اولیا
اور انبیا علیہم السلام سے فریاد رسی مستغیثین کی بعد انتقال محقق مسلم یہانتک کہ اونکا کھانا
پینا نماز پڑھنا حج کرنا بلکہ نکاح تک ثابت اور دن دھارے عیانا شہیدونکا شریک فوج
اسلام ہوکر کافرونسے لڑنا مسلمانونکی مدد کرنی مشاہد اور یہ نصرت اور اعانت اولیا کی
اونکے جملہ کرامات سے جسطرح فریاد رسی انبیا کی بعد ممات اونکے معجزات سے پھر ایک
آنکھین چند جا ہونا اونکا معجزہ ہونیکی منافی ہو یا اولیا کے لیے کرامت نہونے پر کوئی دلیل
کافی یا برہان شافی اور اوسکے وقوع پر تمسک وافی مین ذکر کرچکا اور آیندہ اخیر مین
بھی اوسکے وقوع پر حجت ساطع اور سند لامع پیش کرونگا انشاء اللہ تعالے۔

دلیل ایک سو تئیس امام ابن الحاج مالکی مدخل میں لکھتے ہیں واما عظیم
جناب الانبیاء والرسل صلوات اللہ تعالی وسلامہ علیہم اجمعین فیاتی
الیہم الزائر ویتعین قصدہم من الاماکن البعیدۃ الی قولہ ثم یتوسل الی اللہ
بہم فی قضاء ماربہ ومغفرۃ ذنوبہ ویستغیث بہم ویطلب حوائجہ منہم
ویجزم بالاجابۃ ببرکتہم ویقوی حسن ظنہ فی ذلک وانہم باب اللہ المفتوح
جرت سنۃ اللہ سبحانہ علی قضاء الحوائج علی ایدیہم وبسببہم ومن
عجز عن الوصول الیہم فلیرسل بالسلام علیہم ویذکر ما یحتاج الیہم من
حوائجہ ومغفرۃ ذنوبہ وستر عیوبہ الی غیر ذلک فانہم السادۃ الکرام
لا یردون من سألہم ولا من توسل بہم ولا من لجأ الیہم ھذا فی
زیارۃ الانبیاء والمرسلین علیہم الصلاۃ والسلام واما فی زیارۃ خاتم الانبیاء ۱۱۴
سید الاولین والآخرین فیزید علی ذلک اضعافا مضاعفۃ اعنی فی
الانکسار والذل والمسکنۃ لانہ الشافع المشفع الذی لا یرد شفاعتہ ولا یخیب
من قصدہ ولا من نزل بساحتہ ولا من استعان او استغاث بہ فانہ قطب
دائرۃ الکمال وعروس المملکۃ فمن توسل او استغاث بہ او طلب حوائجہ منہ
فلا یرد ولا ما شھدت المعاینۃ والآثار انتہی حاصل مطلب یہ ہے کہ معاینہ سے اور نیز احادیث
سے یہ امر ثابت ہے کہ انبیا علیہم السلام سے جو کوئی توسل چاہتا ہے کسی مطلب میں یا اونسے کسی مصیبت
میں فریاد کرتا ہے یا اونسے مرادیں مانگتا ہے تو بیشک اوسکا مطلب حاصل ہوتا ہے مصیبت اوسکی دور ہو جاتی ہے
مرادیں پوری ہوتی ہیں کیونکہ یہ طریقہ رکھا ہے اللہ تعالی نے کہ جو اونکے وسیلے سے اللہ تعالی کو پکارتا ہے یا خود
اونسے مرادیں مانگتا ہے تو اللہ تعالی اونکو سبب حصول مراد کا اور ذریعہ دفع مصیبت اور انجاح مرام کا کر دیتا ہے

(باقی در پرچہ آیندہ)

مخزن تحقیق

۱۳۱۵

ملقب بہ

تحفۂ حنفیہ

یہ ہے وہ مخزن تحقیق اے یار	نہین کرتا تجاوز حق سے زنہار
زمانے مین نہین تحفے کا ثانی	کہ لاثانی ہے یہ حق کی نشانی

یہی رسالہ وہ مرد میدان ہے کہ اکیلا ہندوستان بھر کے بدمذہبونکی خبر لیتا اوانکیجانون پر قیامت برپا کرتا ہے جس مذہب نے سر اوٹھایا اسنے اوسکو نیچا دکھایا - تائید سنت رد کفر و بدعت اسکا منشا تحقیقات علمی اسکا حصہ ہے علم عقائد تفسیر حدیث فقہ کا چشمہ - تاریخی حالات بزرگان دین کا خزانہ ہے - فی الحقیقہ اسکے مضامین جمع اہلسنت سنیونکے حق مین سراسر رحمت ہین دین و ایمان کی حفاظت کرنیوالے - بدمذہبی سے بچانیوالے اگر سونکے اہلسنت اسکو منگاکے خوش

باہتمام ابوالمساکین ضیاء الدین عفا عنہ اللہ المعین متوطن پیلی بہیت

از مطبع [illegible] شائع کردہ

اسمین کوئی شبہ نہین مراد مانگنے والے کو چاہیے کہ وہ عقل یقین نہ بنے بلکہ یقینًا اس بات کو
جان لے کہ جب ہم اونکو وسیلہ بنائینگے یا اونسے مرادین مانگین گے یا دفع مصیبت چاہینگے تو
وہ قطعًا ہماری مدد کرینگے ہماری فریاد کو پہونچینگے یہ انبیا علیہم الصلاۃ والسلام وہ اہل کرم
ہین کہ اللہ تعالیٰ کے کھلے ہوئے دروازے ہین اپنے سائل اپنے متوسل اپنے مستغیث کو ہرگز
نامراد نہین کرتے اور حضرت خاتم النبیین شفیع المذنبین سردار تمام عالم کی جناب مین تو
بہ نسبت کل انبیا کے بہت زیادہ امیدواری چاہیے کہ وہ کل کے مالک مختار ہین اونکی سفارش
تو ہرگز رد نہین ہوسکتی نہ حضور سے مراد مانگنے والا کبھی بے مراد ہو نہ حضور عالم کی
حضوری مین حاضر ہونیوالا نا امید نہ وہ شخص جو حضور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے
مدد مانگے فریاد چاہے تو رد کیا جائے یا بے مراد پھیر دیا جائے مین کہتا ہون جب حضور عالم
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کسی کی فریاد رد نہین فرماتے اور اپنے مستغیث کی بالضرور مدد
کرتے ہین تو جسوقت ایک آن مین ایک شخص مشرق مین حضور سے استغاثہ کرے اور اوسیوقت
دوسرا شخص مغرب مین اور تیسرا جنوب مین اور چوتھا شمال مین حضور کو پکارے حضور
سے مدد چاہے تو بالضرور حضور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سب جگہ موجود ہونگے
آن واحد مین یا رفع حجاب ہوگا سب اطراف سے کہ جمیع جوانب عالم کے حضور کے
روبرو حاضر ہونگے اور حضور سب کی فریاد سنینگے سب کی اعانت کرینگے سب کی
مرادین بر لائینگے یا اور کوئی صورت حضوری حضور کی جو مناسب حضور کے ہو
وقوع مین آئیگی وھو المدعٰی **دلیل ایک سو چوبیس** مصباح الظلام فی المستغیثین
بخیر الانام مین علامہ ابو عبداللہ بن نعمان مالکی رقم فرماتے ہین ان کلامن الاستغاثۃ والتوسل
والتشفع والتوجہ واقع فی کل حال قبل خلقہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
وبعد خلقہ فی مدۃ حیاتہ وبعد موتہ فی مدۃ البرزخ وفی عرصات القیامۃ

۱۳

اسمین کوئی شبہہ نہین مراد مانگنے والے کو چاہیے کہ (دعلی الیقین نہ نبے بلکہ یقیناً) اس بات کو جانے کہ جب ہم اونکو وسیلہ بنائینگے یا اونسے مرادین مانگین گے یا دفع مصیبت چاہینگے تو وہ قطعاً ہماری مدد کرینگے ہماری فریاد کو پہونچینگے یہ انبیا علیہم الصلاۃ والسلام وہ اہل کرم ہین کہ اللہ تعالیٰ کے کھلے ہوئے دروازے ہین اپنے سائل اپنے متوسل اپنے مستغیث کو ہرگز نامراد نہین کرتے اور حضرت خاتم النبیین شفیع المذنبین سردار تمام عالم کی جناب مین تو بہ نسبت کل انبیا کے بہت زیادہ امیدواری چاہیے کہ وہ کل کے مالک مختار ہین اونکی سفارش تو ہرگز رد نہین ہو سکتی نہ حضور سے مراد مانگنے والا کبھی بے مراد ہو نہ حضور عالم کی حضوری مین حاضر ہونیوالا نا امید نہ وہ شخص جو حضور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مدد مانگے فریاد چاہے تو رد کیا جائے یا بے مراد پھیر دیا جائے مین کہتا ہون جب حضور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کسی کی فریاد رد نہین فرماتے اور اپنے مستغیث کی بالضرور مدد کرتے ہین تو جسوقت ایک آن مین ایک شخص مشرق مین حضور سے استغاثہ کرے اور اوسیوقت دوسرا شخص مغرب مین اور تیسرا جنوب مین اور چوتھا شمال مین حضور کو پکارے حضور سے مدد چاہے تو بالضرور حضور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سب جگہ موجود ہونگے آن واحد مین یا رفع حجاب ہوگا سب اطراف سے کہ جمیع جوانب عالم کے حضور کے روبرو حاضر ہونگے اور حضور سب کی فریاد سنینگے سب کی اعانت کرینگے سب کی مرادین بر لائینگے یا اور کوئی صورت حضوری حضور کی جو مناسب حضور کے ہو وقوع مین آئیگی وھو المدعی

دلیل ایک سو چوبیس مصباح الظلام فی المستغیثین بخیر الانام مین علامہ ابو عبداللہ بن نعمان مالکی رقم فرماتے ہین ان کلا من الاستغاثۃ والتوسل والتشفع والتوجہ واقع فی کل حال قبل خلقہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وبعد خلقہ فی مدۃ حیاتہ وبعد موتہ فی مدۃ البرزخ وفی عرصات القیامۃ

۱۱۳

اقول و تقریر المدعی ماً نفاً و دلیل ایک سو چھپن مولانا شاہ ولی اللہ
صاحب دہلوی اپنے رسالہ الطاف القدس مطبوعہ احمدی دہلی مین ایک جگہ بسیط اللطائف
حضرت جنید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانے کے اولیاء اللہ کے احوال مین تحریر فرماتے
ہین بعض ہم می شدند کہ در امور بنی آدم تصرف کنند مثل تصرف ملائکہ سفلیہ و ایشان
ابدال می شوند ایک جگہ پر ترقیم و ملتے ہین بعض افراد را حالتے دیگر نیز روی میدہد
کہ عقل از ادراک آن قاصر است و چون رفتہ رفتہ سخن بحقائق غامضہ افتاد از ان
حالت نیز رمزے باید گفت چون آب از سر گذشت چہ یک نیزہ چہ یکمشت کمال عارف
از جہت بالا ہمیرود و نفس کلیہ بجاے جسد عارف می شود و ذات بحت بجاے
روح او ہمہ عالم را تبعاً بعلم حضوری در خود بیند و علم حضوری اصالۃً بذات بحت متعلق
شود ایک مقام پر زیب تحریر ہے فناے وجود روحانی و بقاے لاہوت عبارت ۱۱۴
از غلبہ کردن حق است بر کون خلق ایک جگہ لکھتے ہین وعمدہ ترین این احکام دیدن عام است در حق یا
دیدن حق در عالم ایک جگہ فرماتے ہین سالک چون حق را در خود یافت با این خیالات چہ کار مین کہتا ہون
شاہ صاحب کا یہ فرمانا کہ ذات بحت حق تعالیٰ کی بجای روح عارف کے ہوجاتی ہے کوئی محل استعجاب نہین
ہے جب عشق مجازی ایسا ہے ہونگ مچانیوالا ہو کہ ایک کالی عورت کے عشق مین قیس مجنون
ہوکر انا لیلیٰ کہتا پھرے تو عشاق الٰہی مین اگر عشق حقیقی کا یہ اثر ہوا کہ کسی نے انا الحق
کہا کسی نے لیس فی جبتی سوی اللہ کسی نے لیس فی دلقی سواہ کا دم بھرا تو
کیا تعجب - حدیث صحیح مین وارد ہے تخلقوا باخلاق اللہ حدیث قدسی ہے بی یسمع
و بی یبصر و بی یبطش و بی ینطق و بی یمشی و بی یعقل یعنی مین اوسکا آنکھ کان

ا خصلت پیدا کرو اللہ تعالیٰ کی خصلتوں کے ساتھ ۱۲ ا وہ میرے کان سے سنتا ہے اور میری آنکھ سے دیکھتا ہے
اور میرے ہاتھ سے پکڑتا ہے اور میری زبان سے بولتا ہے اور مجھ سے چلتا ہے اور مجھ سے سمجھتا ہے ۱۲ مولوی علیم الدین حسن زید فیضہ

ہاتھ پاؤن زبان ہوجاتا ہون میرا مطلب اسے یہان صرف اتنا ہو کہ عارف کا جب
یہ حال ہو کہ ذات وصفات آلہی کا آئینہ بنجاتا ہو تو عارف گر صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کا
کیا حال ہوگا پھر ہر جگہ حاضر ناظر ہونا کیون مستبعد کیون قابل انکار ہو ولا حول ولا قوۃ
الا باللہ العزیز الغفار دلیل ایک سو چھبیس اسی کتاب مین جو عبارت مسطور گی
بعد وازان نیز عمدہ تر انتقال داعیہ آلہیہ است از تجلی اعظم یا از صلب نفس کلیہ یا از جائے
کہ تعدد تجلی و نفس کلیہ را گنجایش ندارد و آنجا ہمہ وحدت در وحدت است و بساطت در
بساطت و این شخص مانند جارحہ باشد بہ نسبت مصلحت کلیہ و تدبیر اکبر و بمقتضای تدبیر
کلی نفوس بنی آدم را بسوے وے متوجہ سازند و بہ نگے موافق شان تجلی اعظم بر مردمان
از جانب این نفس رسانند و آن شخص را کامل گویند و کامل را چون داعیہ از احیاز شان عظم
بخصوص نفس وے متوجہ شود جمیع اعضاے شخص اکبر بحکم متابعت مصلحت کلیہ از ان داعیہ ۱۱۵
ممتلی گردد و فجی واسع از عالم مثال بعقل و قلب این کامل کشادہ گردد و این معنے
اشتباہ را دوبالا ساخت و راہ تمیز را تنگ تر نمود و غلبہ ذات خود تحت عبارت
نمی آید و عقول را در ادراک امثال این معانی بجز حرمان نصیبہ نیست اما آنچہ مقدور
است این دو سہ کلمہ است چنانچہ حجر بحت سری است منشعب از ذات و این
انشعاب امرے است معلوم الانیة مجہول الکیفیة ہمچنان از حجر بحت سری منشعب
میگردد معلوم الانیة مجہول الکیفیة و جمیع لطائف ظاہرہ و باطنہ را میگیرد و بر
جمیع لطائف حتے بر جوارح نیز غالب می آید و مسلط می شود و بوجہ من الوجوہ
المحاکاة عین خود تش می سازد و یا برنگے از خودش رنگین می نماید الی غیر ذلک من التعبیرات
المناسبة مثل وی مثل آفتاب است کہ بر شیشہای مختلفة الهیئات والمقادیر والالوان بتابد

وہمہ آن شیشہا شعشعان عجیب پیدا کنند ونوری متصل ازان متولد گردد و یا مثل یاقوتی
مضی کہ در وسط جسم بلوری مرکوز کنند ورنگ آن یاقوت در جمیع اجزاے جسم بلوری
سرایت کند انتہی میں کہتا ہوں سو سیاق ایک مت مولانا جامی صاحب شرح فصوص الحکم میں فرماتے ہیں شعر

ممکن زتنگنای عدم ناکشیدہ رخت	واجب زجلوہ گاہ قدم نانہادہ گام
در حیرتم کہ این ہمہ نقش ونگار چیست	در شیشہ رنگ بادہ و در بادہ رنگ جام

اور تقریر مدعا ان بیانات سے وہی ہے جو بارہا گزر چکی فتنبہ و تیقظ دلیل ایک سو
ستائیس کشف الغطا میں شیخ الاسلام ایک جگہ لکھتے ہیں این امر یست ثابت و مقرر
نزد مشائخ صوفیہ از اہل کشف وکمال ۔ ایک جا پھر امداد حی قوی تر است از امداد میت یا
بالعکس مختار بعضے محققان ثانی است ودرین باب بعضے روایت میکنند کہ فرمودہ آنحضرت
۱۱۶ صلے اللہ تعالی علیہ وسلم چون متحیر شوید شما در امور یعنے برآمد کار پس مدد جوئید از اصحاب قبور
شیخ اجل در شرح مشکوۃ گفتہ کہ یافتہ نمی شود در کتاب وسنت واقوال سلف صالح چیزے
کہ منافی ومخالف این باشد ورد کند این را و حجۃ الاسلام گفتہ ہر کہ استمداد کردہ شود
بوے در حیات استمداد کردہ شود بوے بعد از ممات و امام رازی گفتہ اگر نفس مزور
قوی تر باشد نفس زائر مستفیض میشود واگر برعکس بود برعکس شود ۔ ودر شرح مقاصد
ذکر کردہ نفع یافتہ می شود بزیارت قبور واستعانت بنفوس احیار از اموات ۔ ایک جگہ
کہا و بالجملہ بعد از انکہ ثابت شد کہ روح باقی ہست واورا تعلقے خاص باجزای بدن
بعد مفارقتش از وی نیز ہست کہ بدان علم وشعور بزائران دارد وارواح کمل کہ در حین
حیات ایشان بسبب قرب مکانت ومنزلت از رب العزۃ کرامات وتصرفات وامداد
داشتند بعد ممات چون ہمان قرب باقی اند نیز تصرفات دارند چنانکہ در حین تعلق کلی بعبد داشتند

یا بیشتر ازان ایک مقام پر لکھا فرقے نیست در ارواح کاملان درحین حیات و بعد
از ممات مگر ترقی کمال شیخ کی بعض روایتین ترجمہ مشکوۃ سے اجمالاً گزرچکین بعض
اور قدرے تفصیل کے ساتھ زیادہ کرنا چاہتا ہون واسطے مزید تائید و اطمینان
کے و کلا ابالی بتکرار بعض منہا بعد ما تقرر اذا تکرر تقرر ایک جگہ فرماتے ہین
تحقیق ثابت شدہ است بآیات و احادیث کہ روح باقی است و او را علم و شعور بزائران
و احوال ایشان ثابت و ارواح کاملہ را قرب و مکانے در جناب حق ثابت است چنانکہ
در حیات بود یا بیشتر ازان و اولیا را کرامت و تصرف در اکوان حاصل است و آن نیست
مگر ارواح ایشانرا و آن باقی است و متصرف حقیقی نیست مگر خدا عز شانہ و ہمہ بقدرت
اوست و ایشان فانی اند در جلال حق در حیات و بعد از ممات نیست فعل و تصرف
در ہر دو حالت مگر حق جل جلالہ و عم نوالہ و نیست چیزے کہ فرق کند میان ہر دو حالت
و یافتہ نشدہ است دلیل بران اور کتاب الجہاد مین لکھتے ہین و اما استمداد باہل قبور منکر 117
شدند آنرا بعض فقہا اگر انکار از جہت آنست کہ سماع و علم نیست ایشانرا بزائران و احوال
ایشان پس بطلان او ثابت شد و اگر بسبب آنست کہ قدرت و تصرف نیست مر ایشانرا
دران موطن تا مدد کنند بلکہ محبوس و ممنوع اند و مشغول بانچہ عارض شدہ است مر ایشانرا
از محنت و شدت انچہ بازداشتہ است از دیگران ممنوع کہ این کلیہ باشد خصوصاً در شان
متقین کہ دوستان خدا اند شاید کہ حاصل شود ارواح ایشانرا از قرب در برزخ و منزلت و قوت
و قدرت بر شفاعت و دعا و طلب حاجات چنانکہ روز قیامت خواہد بود و چیست دلیل بر
نفی آن و تفسیر کردہ است بیضاوی آیہ کریمہ والنازعات غرقا الآیہ بصفات نفوس
فاضلہ الی قولہ پس میگردند بشرف و قوت از مدبرات کما نقلنا سابقاً ایک جگہ فرماتے ہین

آنچہ مروی ومحکی است از مشایخ اہل کشف در استمداد از ارواح کمل واستفادہ ازان
خارج از حصر است ومذکور است در کتب ورسائل ایشان ومشہور است میان
ایشان حاجت نیست کہ آنرا ذکر کنم ایک جگہ فرماتے ہین باید دانست کہ خلاف دخبر
انبیاست صلوات اللہ تعالی وسلامہ علیہم اجمعین کہ ایشان احیا اند بحیات حقیقی دنیاوی
باتفاق واولیا بحیات اخروی معنوی اور بعد اتمام تحقیق اس بحث کے فرماتے ہین
کلام درین مقام بحد اطناب وتطویل کشید برغم منکران کہ در قرب این زمان فرقہ
پیدا شدہ منکر استمداد واستعانت را از اولیاے خدا کہ نقل کردہ شدہ اند ازین دار فانی
بدار بقا وزندہ اند نزد پروردگار خود ومرزوق اند وخوشحال اند وہر مردم را ازان
شعور نیست ومتوجہان بجناب ایشان را مشرک بخدا وعبدۂ اصنام میدانند ومیگویند
آنچہ میگویند انتہی مین کہتا ہون جب انبیا واولیا سے استمداد اور استغاثہ اونکا تصرف عالم مین
اونکی کرامات ہر قسم کی ثابت ہوئی اور جملہ کرامات سے ایک انمین چند جا موجود ہونا ہے
خصوصًا انبیا علیہم السلام کی حیات حسی حقیقی دنیاوی متفق علیہ جب ٹھہری تو
اونکی امداد جس صورت سے اونکو مقدور ہو باعطاے قدرت وقوت حق تعالی
کیطرف سے کیون نہ مانی جاے جب وہ از خود فانی باحق باقی ہین تو اونکا تصرف اور
اونکی فریادرسی اونکی اعانت اونسے دفع مصیبت اور مشکلکشائی اگرچہ بحضور روح مجرد
یا بحضور روح مع الجسد یا بحضور صورت مثالی یا امثال اوسکے وقوع مین آئے باعتبار
حقیقت کے حق کی صفت کیون نہ جانی جاے **دلیل ایک سو اٹھائیس** امام
فخر الدین رازی رحمۃ اللہ تعالی علیہ تفسیر کبیر مین لکھتے ہین ان الارواح البشریۃ
الخالیۃ عن العلائق الجسمانیۃ المشتاقۃ الی الاتصال بالعالم العلوی

انبیا علیہم الصلاۃ والسلام کیواسطے حیات حقیقی دنیاوی ثابت ہے جیسی دنیا مین تھی کسیکا خلاف نہین ۱۲

۱۱۸

بعد خروجها من ظلمة الاجساد تذهب الى عالم الملائكة ومنازل
القدس على اسرع الوجوه فى روح وريحان فعبر عن ذهابها على
هذه الحالة بالسباحة ثم لاشك ان مراتب الارواح فى النفرة عن الدنيا
ومحبة الاتصال بالعالم العلوى مختلفة فكلما كانت اتم فى هذه
الاحوال كان سيرها الى هنالك اسبق وكلما كان اضعف كان سيرها
الى هنالك اثقل ولاشك ان الارواح السابقة الى هذه الاحوال
اشرف فلاجرم وقع القسم بها ثم ان هذه الارواح الشريفة العالية
لايبعد ان يكون فيها ما يكون لقوتها وشرفها يظهر منها آثار فى
احوال هذا العالم فهى المدبرات امرا أليس ان الانسان قد يرى
استاذه فى المنام ويسأله عن مشكلة فيرشده اليها أليس ان الابن قد يرى 119
اباه فى المنام فيهديه الى كنز مدفون أليس ان جالينوس قال كنت
مريضا فعجزت عن علاج نفسى فرأيت فى المنام واحدا ارشدنى
الى كيفية العلاج انتهى ترجمہ مع ایضاح کاملین کی روحین جو جسمانی تعلقات
سے چھوٹی ہوئی ہین اور مشتاق رہتی ہین عالم بالا سے ملنے کی جب جسم کی اندھیری
سے وہ نکلتی ہین تو عالم ملکوت اور منازل قدس کو تیز جاتی ہین چین اور آرام ہمت
اونکی اس حالت پر جانیکی تعبیر حق تعالی نے سباحت کے ساتھ فرمائی ہے پھر اسمین
شبہہ نہین کہ دنیا سے نفرت اور عالم بالا سے ملنے کی الفت مین ارواح کے مرتبے
مختلف ہین جو اس کمال مین اکمل اوفق ہین وہ اس سیر مین اسبق ہین اور جو ضعیف
علیل ہین وہ سیر مین ثقیل ہین اور اسمین بھی شک نہین کہ اشرف عند اللہ وہی ارواح

عالی ہین جو اس کمال مین سبقت والی ہین آسیوجہ سے حق تعالی نے اونکے ساتھ قسم
یاد فرمائی پھر ان ارواح ذی کمال اور شرف الایزال مین بعضے ایسی ہوتی ہین جنکو
وہ قوت اور شرف حاصل ہوتا ہو کہ عالم مین اونکے تصرفات ظاہر ہوتے مین تو یا وہ
عالم کے کاموںکی تدبیر کرنیوالی ہوتی ہین جنکو حق تعالی نے اس صفت کے ساتھ
فالمدبرات امرا یاد فرماکر شرف اور بزرگی بخشی اور یہ امر واقعی ہو یعنی ارواح
کاملین کا عالم مین متصرف ہونا عالم کی تدبیر کرنے مین اونکا مشغول و مصروف ہونا
واقع سے مطابق ہو۔ دیکھو کبھی آدمی اپنے اوستاد کو خواب مین دیکھتا ہو اور اوس سے
مشکل اعتراض کا جواب پوچھ لیتا ہو کبھی بیٹا باپ کو خواب مین دیکھتا ہو تو باپ اوسکو
گڑا ہوا خزانہ بتا دیتا ہو جب بیٹا موافق نشاندہی کے اوس جگہ کو کھودتا ہو خزانہ
پالیتا ہو۔ جالینوس نے کہا مین ایک بار بیمار ہوا اور خود علاج کرنے سے ہار بیٹھا ایک شخص ۱۲۰
کو خواب مین دیکھا اوسنے مجھے علاج کی تدبیر بتادی جس سے مجھے صحت ہوئی **اقول**
یہ تفسیر ہو اس آیت کریمہ والنازعات غرقا والناشطات نشطا والسابحات
سبحا فالسابقات سبقا فالمدبرات امرا کی جسکا ترجمہ یہ ہو قسم ہو ارواح مفارقہ
کی جو نکلتی ہو ابدان سے بشدت اور پھیلتی ہو عالم ملکوت مین اور سیر کرتی ہو اوسمین پس
پہونچ جاتی ہو مقام قرب الٰہی تک پھر اپنے شرف و قوت سے تدبیر کرتی ہو عالم کی ختم
ترجمۃ العلامۃ البیضاوی حیث قال او صفات النفوس الفاضلۃ
حال المفارقۃ فانہا تنزع عن الابدان غرقا ای نزعا شدیدا
فتنشط الی عالم الملکوت وتسبح فیہ فتسبق الی حظائر القدس
فتصیر بشرفہا وقوتہا من المدبرات انتہے۔

مخزن تحقیق

۱۳۱۵ھ

ملقب بہ

تحفۂ حنفیہ

یہہ وہ مخزن تحقیق اے یار	نہین کرتا تجاوز حق سے زنہار
زمانے مین نہین تحفے کا ثانی	کہ لاثانی ہے یہ حق کی نشانی

یہی رسالہ وہ مرد میدان ہے کہ اکیلا ہندوستان بھر کے بدمذہبوں کی خبر لیتا اور انکی کانون پر قیامت برپا کرتا ہے جس بدمذہب نے سر اوٹھایا اسنے اوسکو نیچا دکھایا۔ تائید سنت رد کفر و بدعت اسکا منشا تحقیقات علمی اسکا حصہ ہے علم عقائد تفسیر حدیث فقہ کا چشمہ۔ تاریخی حالات بزرگان دین کا خزانہ ہے۔ فی الحقیقۃ اسکے مضامین جواہر ہین اہل سنت سنیہ کے حق مین سراسر رحمت ہین دین و ایمان کی حفاظت کرنیوالے۔ بدمذہبی سے بچانیوالے مگر ہونگے اہیر ابہیر کا دشمن

باہتمام ابو المساکین ضیاء الدین عفا عنہ اللہ المعین متوطن پیلی بھیت

[illegible]

مین کہتا ہون جب ارواح مقدسہ کاملین کو یہ اعزاز و شرف حاصل ہوا کہ اونکو تدبیر اور انتظام عالم مین دخل دیا گیا تو منشاء وجود ارواح اور باعث ایجاد عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے اس کمال کے حصول مین (کہ آن واحد مین جہان مین سے جہان جہان چاہین جو جو تدبیر و انتظام فرمائین وہان تشریف ارزانی فرما سکتے اور وہ تدبیر و انتظام کر سکتے ہین) کونسا عاقل متامل ہوگا فضلاً عن الفاضل بعد تسلیم شرف و کرامت دخیل ہونے ارواح اولیا کے موافق بیان ارباب تفاسیر مانند امام رازی صاحب معالم التنزیل امام بغوی اور شیخ محی الدین بن عربی اور صاحب روح البیان اور صاحب تفسیر عزیزی سورہ اذا السماء انشقت کی تفسیر مین اور شیخ اجل محدث دہلوی وغیرہم کی جو شخص حضور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے واسطے اس دخل دہانی عالم مین اپنے دخل در معقولات سے دخیل بنے دفتر متداخلات مین داخل کرنیکے لائق ہے دلیل ایک سو

۱۲۱ اونتیس حضرت شیخ اکبر محی الدین ابن العربی قدس سرہ الاطہر فتوحات مکیہ مین افاضہ فرماتے ہین ان اللہ اذا قبض الارواح من هذه الاجساد الطبیعیة حیث كانت او العنصریة اودعها صورا جسدیة فی مجموع هذا القرن النوری فجمیع ما یدركه الانسان بعد الموت فی البرزخ من الامور انما یدركه بعین الصورة التی هو فیها فی القرن وبنورها وهو ادراك حقیقی ومن الصور هنالك ما هی مقیدة عن التصرف ومنها ما هی مطلقة كارواح الانبیاء كلهم وارواح الشهداء ومنها ما یكون لها نظر الی عالم الدنیا فی هذه الدار ومنها ما یتجلی للنائم فی حضرة الخیال التی هی فیه وهو الذی تصدق رویاه ابدا وكل رؤیا صادقة لا تخطئ

فاذا اخطأت الرؤیا فالرؤیا ما اخطأت ولکن العابر الذی یُعبرہا صاحب
المحض حیث لم یعرف بالمراد بتلک الصورۃ ترجمہ حق تعالی جب ارواح
کو انکے اجسام سے قبض کرتا ہے تو عالم برزخ مین اونکے لیے صور جسمانی نورانی عطا فرماتا ہے پھر
وہ ان صور مین رہتی ہین بعد مرنیکے عالم برزخ مین جو آدمی کو سب چیزونکا ادراک
ہوتا ہے وہ ادراک حقیقی واقعی ہے پھر عالم برزخ مین انکی حالات مختلف ہین۔ بعض
روحین محبوس ومقید ہوتی ہین اونہین کسیطرح تصرف کا اختیار نہین ہوتا بعض
اپنی طور پر ہوتی ہین آزاد محض اونکو تصرف کا اختیار اچھی طرح حاصل ہوتا ہے تمام
انبیا علیہم الصلاۃ والسلام اور شہداے کرام اور اولیاے عظام کی ارواح طیبہ کاملہ
اسی قسم مین داخل ہین بعضے بعضی ارواح کو عالم دنیا کیطرف توجہ ہوتی ہے بعض ارواح خواب مین
نظر آتی ہین ہدایت وارشاد فرماتی ہین اس قسم کا خواب ہمیشہ سچا ہوتا ہے ایسے خواب مین ۱۲۲
خطا واقع نہین ہوتی البتہ تعبیر کرنے والے جب مطلب خواب کا نہین سمجھتے کچھ کا کچھ
کہدیتے ہین تو یہ خطا معبر کی طرف منسوب ہوگی اصل خواب مین غلطی نہین **اقول**
اس تحقیق سے صاف ظاہر اور روشن ہوکر ارواح کمل کو نورانی صورتونکا خلعت
پہنا کر عالم مین سیر اور نظارہ عجائب قدرت حق اور انتظام وتدبیر خلق کی عام طور
سے اجازت دیجاتی ہے جیسا کہ تقیید اور اطلاق کا مقتضا اور تصرف اور عدم تصرف
کا غوی ہے اور امام رازی رحمہ اللہ تعالی کے بیان سے ابھی واضح ہوچکا کہ بعضی تدبیر
اور بعضی ہدایت عوام کی ارواح بھی کرتی ہین وسیأتی المزید فانتظرہ مفتشا
اس صورت مین مبدأ الکل اور امام الرسل صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی تدبیر وتصرف
اور حضور وتعرف مین تامل یا انکار کمال تعصب وتعسف اور بڑا محل خطرہ وتخوف ہے

واللہ سبحانہ الہادی الموفق ومنہ التوفیق والتوقیف دلیل ایک سو
تیس امام رازی تفسیر کبیر میں لکھتے ہیں بعد ثابت کرنے اس بات کے کہ ارواح
بعد بدن عالم میں متصرف عالم کی مدبر ہیں علی ما مر بطور استفہام انکاری کی
تعجب کے انکار نکرے ایسے امر واضح اور واقعی مشاہد بدیہی کو اور استناد فرماتے
ہیں ساتھ قول امام حجۃ الاسلام شیخ الاسلام محمد غزالی قدس سرہ العالی کے الیس
ان الغزالی قال ان الارواح الشریفۃ اذا فارقت ابدانہا ثم اتفق انسان
مشابہ الانسان الاول فی الروح والبدن فانہ لا یبعد ان یحصل للنفس
المفارقۃ تعلق بہذا البدن حتی تصیر کالمعاونۃ للنفس المتعلقۃ بذلک
البدن علی اعمال الخیر فتسمی تلک المعاونۃ الہاما ونظیرہ فی جانب النفوس
۱۲۳ الشریرۃ وسوسۃ ترجمہ موضحہ کیا امام غزالی رحمۃ اللہ تعالی علیہ نے نہیں فرمایا ہے کہ
ارواح طیبہ جب ابدان سے علیحدہ ہوتی ہیں اور مماثل اپنے کوئی ایسی روح پاتی ہیں جسکا
تعلق ایسے بدن سے ہوتا ہے جو مماثل اوسی بدن کے ہے جسکے ساتھ اس مبارک روح
کو تعلق تھا تو ممکن ہے (بلکہ واقع) کہ اس مبارک روح کو اس بدن سے خاص تعلق پیدا
ہوجائے جس سے یہ مبارک روح اوس بدن کی روح کو اعمال خیر میں مدد دے اسی معاونت
کو الہام کہتے ہیں علی ہذا القیاس ارواح خبیثہ جب اپنے اجسام سے جدا ہوتی ہیں تو اونکا تعلق
ایسے ارواح خبیثہ سے ہوتا ہے جو خباثت اور پلیدی میں اونکی مشابہ ہیں اور اونکو تعلق ایسے بدن سے ہوتا ہے
جو مشابہ اوس بدن کی ہیں جسمیں وہ خبیث روح تھی تو یہ خبیث روح اعمال خبیثہ میں اوس خبیث
روح کو خوب مدد دیتی ہے اسی مدد کا نام وسوسہ ہے انتہی ترجمتہ وہکذا حققہ مولانا
شاہ ولی اللہ الدہلوی فی الحجۃ البالغۃ بل ابلغ من ہذا ولکن ترکت النقل عبارتہ خوف
الاطناب وقد قال مناقب ما سلفنا بعضا منہا ولعل اللہ یحدث بعد ذلک امرا

دلیل ایک سو اکتیس روی البیہقی وابن ابی شیبۃ بسند صحیح
عن مالک الدار وکان خازن عمر[۱] قال اصاب الناس قحط فی زمان
عمر بن الخطاب فجاء رجل الی قبر النبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فقال
یا رسول اللہ استسق لامتک فانہم قد ہلکوا فاتاہ رسول اللہ صلی اللہ
تعالی علیہ وسلم فی المنام فقال ائت عمر فاقرأہ السلام واخبرہ انہم
یسقون وقل لہ علیک الکیس الکیس فاتی الرجل عمر فاخبرہ فبکی عمر قال
یا رب ما الو الا ما عجزت عنہ **اقول** اس حدیث صحیح سے عہد فیض مہد خلفای
راشدین مین صحابہ کے خواب مین حضور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کا تشریف لانا اور واسطے
مشکلکشائی کے اور بشارت دینا حضور کا ساتھ دفع مصیبت کے اور تسلیم وتصدیق
خلفای راشدین کی حضور سے استغاثہ واستمداد کو اور تشریف آوری حضور کی ١٣٤
خواب مین اور ابشار حضور کو سب ثابت اور محقق ہو اور حضور سے وقوع امداد اپنے مستغیثین
کا اور سماع عرض ومعروض مثل حیات حقیقی دنیوی کے بھی مبرہن جس سے یہ مدعا صاف
ظاہر وروشن کہ استغاثہ واستعانت وقت مشکل کے حضور سے باتفاق صحابہ مع خلفای
راشدین عالم برزخ مین بعد رحلت کے اس عالم سے اور اوسپر ترتب اثر یعنی اغاثہ
واعانت مسلم۔ اب متفرعا علیہ ہم کہتے ہین کہ تمام عالم مین حضور کے غلام متوسلین اطراف

---

[۱] حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ کے زمانے مین لوگونکے اوپر سخت قحط سالی پڑی تو ایک شخص نے
حضرت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی قبر شریف کے پاس آکر عرض کیا کہ یا رسول اللہ اپنی امت کو پانی پلا دیجیے
وہ ہلاک ہو رہی ہے تو آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم اونکے پاس خواب مین تشریف لائے اور فرمایا کہ تم عمر کے
پاس جا کر اونکو میرا سلام کہو اور اونکو خبر دو کہ وہ لوگ پانی پاوینگے اور اونکو کہو ہوشیار رہو ہوشیار رہو
تو اوسنے حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ کو خبر دی تو حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ روئے اور کہا م

دجوانب عالم مین از شرق تا غرب وجنوب تا شمال موجود اور آن واحد مین متعدد
مستغیثین کا محال مختلفہ سے فریاد کرنا ممکن بلکہ واقع اور حضور عالم صلی اللہ تعالی
علیہ وسلم کو قدرت تصرف وتدبیر وانتظام عطا بلا مدافع پھر ایک وقت مین چند جگہ
موجود ہونیکا کونسا امر مانع اور بلا دلیل قاطع اسکے انکار کا کون سامع حالانکہ ہے
نظائر وشواہد بیشمار نیز جلی ندا کرنا حضور کو بقول مستغیث یا رسول اللہ یا نبی اللہ
اغثنی مثلاً اور سماع حضور کا جسمین قرب وبعد مساوی فعل صحابہ اور تسلیم وتصدیق
خلفاے راشدین خصوصاً قول صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ وامحمداہ وامحمداہ
وغیرہ سے ثابت اور علم غیب پر تواتر اور اجماع کما مر اور معلوم کہ حاجتمند اور منادی
مستغیث عالم مین ہر جگہ اور مخالفین کے پاس سند سوای اون آیات کے جنمین
١٢٥ بتونکو ندا بتونسے استغاثہ کی ممانعت دگر ہیچ اون آیات سے تمسک واحتجاج
کا حال بعینہ مثل مشہور ہارون گھٹنا بہے خیر آباد یا بجھوٹے انکھ تقویۃ الایمان و
نصیحۃ المسلمین اور تصانیف ملا قنوجی وبھوپالی وغیرہ وغیرہ اسی قسم کے استدلالونسے
مشحون ومملو اوسپر طرہ خود اونھین مصنفین کی دوسری تصانیف سے مصداق بیت ہذا نیا ملا

تعارض کے پیچھے تناقض کا شور	تناقض کی دم مین تعارض کی ڈور

جناب رسالتمآب حضور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی ندا اور استغاثے کو کھلم کھلا شرک
بتایا جاتا ہے اور قاضی شوکانی کی کانی تحقیق سے آنکھون پر پٹی باندھ اونکو ندا کی جاتی ہے
اونسے استغاثہ کیا جاتا ہے اونکو شیخ سنت بتایا جاتا ہے دیوان نفح الطیب مین نواب لکھتے مین ؎

زمرہ رائے درافتاد بار باب سنن	شیخ سنت مددے قاضی شوکان مددی

اگرچہ یہ تحریر مختصر زیادہ تطویل کی متحمل نہین جسکو یہ بحث مطول مفصل دیکھنا منظور ہو

فقیر کے جوابات مفصلہ کا مطالعہ کرکے انکی حقیقت حال پر مطلع ہو۔ تاہم اس مقام
پر ایسی تقریر جواب جس سے مخالفین کے آنسو پونچھ جائیں لازم ہوئی کہ ہم جو حضور عالم صلی اللہ
تعالی علیہ وسلم کے لیے محافل خیر اور مجالس میلاد و ذکر وغیرہ میں تشریف آوری کے امکان
اور وقوع کے قائل ہیں اور اس حضوری کی بعض صورت مانند رفع حجاب وغیرہ کے وہ ہیں جس میں
حضور عالم کی حضوری تمام عالم سے آن واحد میں لازم اسمیں شک نہیں کہ ثبوت علم بالغیب
و ہمہ دانی حضور عالم میں مخالفین بہت کچھ شور مچائینگے اہل سنت وجماعت کے عوام کو بدعتی و مشرک
بناکر ڈرائینگے کہ ہر چیز یا ہر شخص کی نسبت ہر جگہ حاضر ناظر رہنا خدای تعالی کی صفت
خاص ہے جب اسکو مخلوق کے لیے مانا گیا بندے کو خدا کے برابر جانا گیا۔ جو لوگ
بزرگوں سے مرادیں مانگتے ہیں دور و دراز سے مصیبت کیوقت پکارتے ہیں اونکو
بھی مشرک ٹھہرائینگے لہذا جواب دینا بہت ضرور ہوا۔ اب سنیے ہم کہتے ہیں کہ ہمیں اولاً مخالفین کے
فہم کا قصور ہے نہ بدعت کے معنی جانتے ہیں نہ شرک کی حقیقت پہچانتے ہیں صرف اپنے خیال سے
قرآن وحدیث کی مخالفت کا پتنگ بناتے ہیں اوسکو اپنے وہم کی ڈور کے زور سے اوڑاتے ہیں ثانیاً جب
حضور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم یا بزرگان دین کو تصرف اور علم غیب اور قدرت میں مستقل بالذات
نمانا تو مساوات کیونکر لازم بلکہ تمہاری اپج تمہارے زعم تمہے نادم ثالثاً حق تعالی کی قدرت و اسکا
علم غیب اور تمام صفات کمال قدیم ازلی ابدی۔ انبیا اولیا کی ذات حادث اسی طرح اونکی صفات علی ہذا
القیاس پھر اگر ہم کہیں کہ جسطرح حق تعالی سب جگہ حاضر ناظر سب پر اوسکا تصرف تام قدرت کامل
اسیطرح حضور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم مثلاً سب جگہ حاضر ناظر سب پر قابض متصرف باذنہ تعالی تصرف
تام اور قدرت کامل و تمام اس سے مساوی ہونا حضور کا ان صفات میں ہرگز لازم نہیں آتا آخر
یہ صفات حضور کیلیے بالذات نہیں مثل خدا کے بلکہ بالعطا ہیں دوامی قدیم نہیں آخر ابد الوجود نہیں
پھر خدا کے ہمسر کے برابر کسطرح ٹھہرے رابعاً اگر یہی علم و قدرت موجب مساوی کا تو خصوصیت

۱۲۶ [illegible]

تیں بعض کے گمان پر اولیا کرام بھی خدا کے ساتھ معاذ اللہ مساوی ہو جائینگے آخر وہ بھی کسی قسم کا سمع و بصر
و علم و ارادہ و قدرت و کلام رکھتے ہیں وھل یتفوہ بہ عاقل فضلا عن فاضل زید ہو نہیں تو
بعید یہ مستند اسپر نصوص قال الامام الہمام تقی الدین السبکی فی شفاء السقام بعد ذکر حدیث مالک الدار
ومحل الاستشہاد من ھذا الاثر طلبہ الاستسقاء من النبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم بعد
موتہ فی مدۃ البرزخ ولا مانع من ذلک فان دعاء النبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم لربہ تعا
فی ھذہ الحالۃ غیر ممتنع وقد وردت الاخبار علی ما ذکرو نذکر طرفا منہ وعلمہ صلی اللہ
تعالی علیہ وسلم بسؤال من یسألہ ورد ایضا ومع ھذین الامرین فلا مانع من ان یسأل
النبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم الاستسقاء کما کان یسأل فی الدنیا انتہی شیخ الاسلام علامہ
سیدی کشف الغطا میں فرماتے ہیں وقد تقرر فی الکتب المعتبرۃ ان نفوس الاولیاء بعد مفارقۃ
الابدان منزھۃ عن التحیز والمکان ویستوی عندھا ما فوق السماء وما فی قعر البحار وما تحت
الجبل مستقرۃ فی ھذا التجرد جمیع النفوس من نفوس عامۃ المسلمین والیھود والنصاری
والمجوس لو کان عرض لنفوس الکفار والعصاۃ والمشرکین نحو من الاحتباس کما یحتبس
الاجساد قبل الموت ولا یعلم کیفیتہ الا خالق الناس واما نفوس الانبیاء والصلحاء فانہا
حرۃ مطلقۃ بتمکین اللہ وتقدیرہ علی بعض ما یجری فی الارض والسماء ازید من الاحیاء فانہم
تخلصوا من ضیق عالم الشہادۃ الی سعۃ عالم الغیب وھو اوسع الفالف الف مرۃ من ھذا العالم
ولیس ھذا من غریب ولا یلزم من ثبوت ھذا العلم لھم استواؤھم فی العلم برب العباد وادعاؤ
زعم ذلک غایۃ الشقاق ونہایۃ العناد فان اللہ سبحانہ یعلم من الازل کیل البحار
وعدد اوراق الاشجار وحرکات النبات وقطرات الامطار وھو احسن النفوس
وخائنۃ الاعین وما تخفی الصدور واحاط علمہ بما ھو فی کتم العدم وکائن
الی یوم النشور ولا یمتنع حصول ھذا العلم المحیط بکل شئ للاولیاء وحصول

عالم الجن لی کا لعلم بالبلد او بعض حوادث الکون الذی ھو نمکینہ تعالی
لا یوجب الاستواء ولو کان حصول ھذا العلم الجزئی للبشر موجبا لاستوائہ فی العلم مع اللہ تعالی
والقدر لاستوی بامعہ سبحانہ فی العلم والسمع والبصر انتہی صاحب تحفہ
کی تقریر مفصل مین لکھ چکا ہون پھر اوسکو مجمل اور غیر مجمل کو مفصل اور لکھنا چاہتا ہون
ارواح کمل کہ در حین حیات قرب و کرامات و امداد و تصرفات داشتند بعد از ممات نیز
دارند و نیست صورت استمداد مگر ہمین کہ محتاج طلب کند حاجت خود را از جناب عزت
الٰہی بتوسل روحانیت بندۂ مقرب و مکرم درگاہ والا و گوید خداوندا ببرکت این بندہ
کہ تو رحمت و اکرام کردہ او را برآوردہ گردان حاجت مرا یا ندا کند آن بندہ مقرب را
را کہ ای بندۂ خدا و ولی وی شفاعت کن مرا و بخواہ از خدای تعالی مطلوب مرا تا قضا
کند حاجت مرا پس نیست بندہ درمیان مگر وسیلہ و قادر و معطی و مسئول پروردگار است
تعالی شانہ و درو سے ہیچ شائبہ شرک نیست چنانکہ منکر وہم کردہ و آن چنانست کہ توسل
و طلب دعا از صالحان و دوستان خدا در حالت حیات کنند و آن جائز است باتفاق پس این ہم
جائز باشد و فرقی نیست در ارواح کاملان در حین حیات و بعد از ممات مگر بترقی کمال انتہی اولیا کو
کاملین کی زندگی اور موت مین تو فرق چولی دامن کا بھی نہ رہا بلکہ حسن کمال و کمال حسن روز افزون
دن دونی رات چوگنی پھر جو بزرگ اپنے حین حیات آن واحد مین پچاس جگہ موجود ہوتے تھے جیسے
حضرت غوث اعظم حضرت شیخ محمد خضری حضرت شیخ عبدالقادر طحطوطی معاصر امام جلال الدین سیوطی
حضرت شاہ بلاقی قدس سرہم الباقی اور امثال انکے اب بعد انتقال تو وہ لوگ ہزار جگہ بلکہ زیادہ
موجود ہونگے اس تقدیر پر حضور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم جو مربی جزو و کل ہین جنکے خورشید کمال کے
سامنے عقول ملائکہ مقربین کے چراغ گل ہین اونکی نسبت تمھارے یقین کیون متحمل ہین

سب جزو ہین اس کل کے گل کیطرح کل پر	جب پھول ہو یہان خار ہو جو شمع ہو گل پر

(باقی در پرچہ آیندہ)

مخزن تحقیق

ملقب بہ

تحفہ حنفیہ

یہ جو ہے مخزن تحقیق اے یار	نہیں کرتا تجاوز حق سے مقدار
[illegible]	[illegible] حق کی مشتاق

[illegible]

شیخ اجل کی تحقیقات سے بھی بعض تفصیل مین لکھ چکا ہون ترجمہ یہ مشکوٰۃ وغیرہ سے کے اجمال الہی کا اعادہ
اور دوسری تفصیل کا ارادہ رکھتا ہون ارواح کاملہ را قرب در جناب حق ثابت است چنانکہ در حیات بود یا بیشتر
ودر ابدان اولیا را کرامت تصرف در اکوان حاصل است و متصرف حقیقی نیست مگر خدا عز شانہ و ہمہ بقدرت
دست وی ایشان فانی اند در حق در حیات و بعد از ممات و نیست فعل و تصرف در ہر دو حالت مگر حق را جل جلالہ
و عم نوالہ و نیست چیزے کہ فرق کنند در میان ہر دو حالت و آیت شرعی چہ خواہند ایشان باستمداد و امداد کہ
این فرقہ منکر اند آنرا انچہ ما می فہمیم از ان این است کہ داعی محتاج فقیر الی اللہ دعا میکند خدا را و طلب میکند حاجت
خود را از قرب جناب عزت و غنائی وے و توسل میکند بروحانیت این بندہ مقرب مکرم در درگاہ عزت وی
میگوید خداوندا ببرکت این بندہ تو کہ رحمت کردہ بروے و اکرام کردہ او را و لطف و کرمی کہ بوی داری برآور
گردان حاجت مرا کہ تو معطی کریمی یا ندا میکند این بندہ مقرب را کہ ای بندہ خدا و ولی وی شفاعت کن مرا
۱۲۶ و بخواہ از خدا کہ بدہد مسؤل و مطلوب مرا و قضا کند حاجت مرا پس معطی و مسؤل و مامول پروردگار است
تعالی و تقدس و نیست این بندہ در میان مگر وسیلہ و نیست قادر و فاعل و متصرف در وجود مگر حق تعالی
و اولیا خدا فانی و ہالک اند در فعل الٰہی و قدرت و سطوت وی و نیست ایشان را فعل و قدرت و تصرف نہ اکنون
و نہ قبول اند بودند در آن ہنگام کہ زندہ بودند در دنیا و اگر این معنی کہ در امداد و استمداد ذکر کردیم موجب شرک و توجہ
بما سوا حق باشد چنانکہ منکر زعم میکند پس باید کہ منع کردہ شود توسل و طلب دعا از صالحان و دوستان
خدا در حالت حیات نیز و این ممنوع نیست بلکہ مستحب و مستحسن است باتفاق و شائع است در دین۔

اقول جبکہ ان تحقیقات مستندہ سے یہ بات متحقق ہوئی کہ اولیائے کاملین اور ارواح مقدسہ کی نسبت فرش تا عرش
تحت الثریٰ تا فوق السما مشرق تا مغرب سب یکسان ہے اور انکی حالت موت و زیست مین متفاوت نہیں
بلکہ اونکو کمالات مین ترقی حاصل ہے اور انکے صفات و تصرفات حق تعالیٰ کے صفات تصرفات مین کما
ہو فانی باحق باقی ہین تو انبیا علیہم الصلاۃ والسلام اور پھر اونکے سلطان
و امام علیہ افضل الصلوات والسلام کے متصف ہونے مین ساتھ ان کمالات کے کچھ تامل باقی نہ رہا

جب صفت حق اور کمال حق میں مقتضی تھا اور محمد ... جمال محمد ...
سے اسکی تحقیق ثابت ... پہنچے ...
کون سا ... کمال ... ہے ... حصول ...
دیگا اور ... مشہور ... الکل ... کان الله
کان الله له ... من ...

ہر کہ بے من شد ...	...

دلیل ایک سو ... مصباح الظلام فی المستغیثین بخیر الانام میں ذکر
الحافظ ابو سعد السمعانی فیما روینا عن علی رضی الله تعالی عنه قال
قدم علینا اعرابی بعد ما دفنا رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم
بثلثة ایام فرمی بنفسه علی قبر رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم
وحثا من ترابه علی راسه فقال یا رسول الله قلت فسمعنا قولک و
وعیت عن الله ما وعینا عنک وکان فیما انزل الله علیک ولو انهم
اذ ظلموا انفسهم جاؤک فاستغفروا الله واستغفر لهم الرسول
لوجدوا الله توابا رحیما وقد ظلمت نفسی وجئتک تستغفر لی فنودی
من القبر انه قد غفر لک ذکره العلامة نور الدین علی السمهودی فی خلاصة الوفا
باخبار دار المصطفی ... قال الامام ابو بکر بن المقری کنت انا والطبرانی
وابو الشیخ فی حرم رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم وکنا فی
حالة فاثر فینا الجوع فواصلنا ذلک الیوم فلما کان وقت العشاء
حضرت قبر النبی صلی الله تعالی علیه وسلم فقلت یا رسول الله الجوع

۱۳۰

بعض وقت فقمت انا وابو الشیخ والطبرانی جالس ینظر فی شیء فحضر
علوی ومعه غلامان مع کل واحد زنبیل فیه شیء کثیر فجلسنا واکلنا وترک
عندنا الباقی فقال یا قوم اشکوتم الی رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم
فانی رأیته فی المنام فامرنی ان احمل بشیء الیکم ترجمه ابو بکر مقری کہتے
ہیں کہ ہم اور طبرانی اور ابو الشیخ حرم شریف مدینہ منورہ میں بھوکے تھے تمام دن یونہیں
گذر گیا جب شب کو قبر حضور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم پر حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ حضرت
ہم بھوکے ہیں پھر اپنے بستر پر آکر سو رہے اور طبرانی بیٹھے ہوئے کچھ دیکھتے
تھے اتنے میں ایک سید صاحب تشریف لائے ساتھ دو غلام تھے ہر غلام کے ساتھ
ٹوکرا بہت سا کھانا تھا ہم لوگوں نے بیٹھکر کھانا کھایا جو بچ رہا وہ ہمارے لیے
۱۳۱ رکھ گئے پھر سید صاحب بولے کہ تم لوگوں نے حضور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم
سے کھانے کی شکایت کی تھی میں نے حضور کو خواب میں دیکھا کہ فرماتے ہیں انکو
کھانا پہنچا اسی کتاب میں ہے وقال ابو العباس بن نفیس المقری الضریر جعت
بالمدینة ثلثة ایام فجئت الی القبر فقلت یا رسول الله جعت
فنمت ضعیفا فرکضتنی جاریة برجلها فقمت معها الی دارها
فقدمت الی خبز بر وتمرا وسمنا وقالت کل یا ابا العباس فقد
امرنی بهذا جدی صلی الله تعالی علیه وسلم ومتی جعت فأت الینا
کتاب میں ہے وقال ابو محمد الاشبیلی نزلت برجل من اهل غرناطة
علة عجز عنها الاطباء وایسوا من برئها فکتب عنه الوزیر بن ابی
الخصال کتابا الی رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم یسأله فیه

الشفاء لما به لما هو الآن وصل الركب الى المدينة الشريفة وقرأ على قبر
رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم هذا الشعر. وبرء الرجل الخ
خلاصہ ترجمہ ایک شخص غرناطہ کے رہنے والے کو ایسی بیماری لاحق ہوئی جسکے علاج سے
اطبا عاجز ہو گئے اور بہت اندیشے اوسکے اچھے ہونیسے ناامید ہو چکے وزیر ابن ابی الخصال نے
اوسکی طرف سے حضور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی خدمت فیضدرجت مین ایک
عریضہ بھیجا اوسمین شفا کی درخواست کا مضمون مرقوم تھا پس قاصد نے آتے ہی
مدینہ منورہ مین حضور کے روضہ مبارک کے سامنے کھڑے ہو کر اوس شعر کو پڑھا اوسی وقت
وہ شخص اچھا ہو گیا مصباح الظلام فی المستغیثین بخیر الانام مین ہے سمعته ای عبد العظیم
بن علی البرکانی یقول قال لی عبد الرحمن الجزولی من اصحاب سیدی الشیخ الصالح
ابی محمد كنت في كل سنة تمرض عيني فلما كنت في مدينة الرسول صلى الله ۱۴۲
تعالى عليه وسلم مرضت عيني فجئت الى قبر النبي صلى الله تعالى عليه وسلم
وقلت يا رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم انا في حمايتك فان عيني مريضة
فعوفيت وما اشتكت عيني الى الآن ببركة النبي صلى الله تعالى عليه وسلم
ترجمہ عبد الرحمن جزولی کہتے ہین میری آنکھ ہر سال دکھنے آتی جب مین مدینہ طیبہ مین
حاضر ہوا آنکھ بدستور دکھنے کو آئی روضہ منورہ پر حاضر ہو کر مین نے عرض کیا یا رسول اللہ
مین حضور کی پناہ مین ہون میری آنکھ دکھتی ہے پس آنکھ اچھی ہو گئی جب سے آجتک
نہ دکھنے آئی نہ کسی قسم کی شکایت ہوئی۔ ابن قیم جو شاگرد خاص ہے ابن تیمیہ کا اپنی تصنیف
کتاب الروح مین بحث روح کے بیان مین شیخ دمشقی (یعنی ایک بزرگ دمشق کے رہنے والے
سے نقل ہے وہ بزرگ فرماتے ہین کہ ہم مدینہ منورہ مین تھے ایک روز رباعی لیکے

آیا اور بیٹھ گئے بنیے نے رباعی لکھی مجھے کہا کہ شیخین پر لعن کہو تو آتا ہوں گا مین نے کہا یہ تو
نہ ہوگا اوسنے کئی بار ایسا ہی کہا اور مین ہنستا رہا مینے کہا خدا اوس پر لعنت کرے جو شیخین پر لعن
کرتا ہو اوسنے میری آنکھوں پر ایسا گھونسا مارا کہ آنکھیں بگڑ کر رخسارے پر آگئیں یہ کیفیت
مین نے ایک دوست سے کہی پھر حجرۂ مبارک کے پاس گیا اور حضور عالم صلی اللہ
تعالی علیہ وسلم سے عرض کیا کہ یا رسول اللہ مین مظلوم ہون فریادی آیا ہون میری
داد کو پہونچیے رات کو سو گیا صبح کو اوٹھا تو دونون آنکھیں درست تھیں پھر
دوسرے سال جب اوس مقام پر گیا وہ بنیا مجھے دیکھکر مع جورو بچے کے ایمان لایا
اور ابن فہم اسی کتاب مین اپنی سند سے عمر بن زعین سے ناقل ہے کہ ہم مدینہ شریف مین
تھے ایام عاشورے کے دن قبۂ عباس مین جمع تھے مین قبے کے دروازے پر گیا اور محبت
ابی بکر و عمر رضی اللہ تعالی عنہما کچھ مانگا ایک شخص نے نکلکر مجھسے کہا بیٹھو ہم آتے ہین پھر
فارغ ہوکر وہ آیا اور میرا ہاتھ تھامکر اپنے گھر لے گیا مجھے یہ خیال تھا کہ کچھ دینے کو لایا ہوگا پھر
مجھے اندر بلایا جب اندر گیا دو غلامون نے مجھے پکڑ لیا اور خوب مارا اور میری زبان کاٹ لی مین نے
۱۳۳ حجرۂ مبارک حضور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے سامنے حاضر ہوکر استغاثہ کیا کہ یا رسول اللہ
آپ کے صاحبین کی محبت مین میری زبان کاٹی گئی اگر صاحبین حق مین تو میری زبان مجھے
درست ہو جائے یہ استغاثہ مین نے قلب سے کیا کہ مجھے نیند آگئی جب اوٹھا زبان درست
تھی اور قاطع زبان مسخ ہوکر بندر ہو گیا اس قسم کے حکایات اس مقدمے مین بیشمار ہین اور کتب
منقول عنہا اور تواریخ و سیر مین مرقوم ہین بوجہ خوف طول زیادہ نقل نہ کر سکا مجھے ان حکایات کی نقل سے
دو امر مقصود ہین ایک یہ کہ ان سے ثبوت استغاثہ قسم ثالث کا ہو دوسرے اصلی غرض یہ ہے کہ جب اعمال امت
حضور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو اطلاع ہے جیسا کہ حکایات سے ظاہر ہے اور نیز بیان محققین
سے روشن و باہر اور استغاثہ حضور سے مخصوص بیداری و قرب روضۂ مطہرہ کے ساتھ نہین

جب قلبی استغاثہ اور خواب میں فریادکی فریاد کو حضور پہونچتے ہیں اور یہ
تصرف وقدرت کاملہ سے جو تصرف وقدرت حق ہے تعالی شانہ حضور
مستغیث برلاتے ہیں تو ایک وقت میں چند جا موجود ہونا اس قدرت و
تصرف کے ہوتے کچھ بعید نہیں خیر جسوقت مثلاً ایک مستغیث نے خواب
یا بیداری میں قلب یا زبان سے فریاد چاہی اور حضور اوسکی حاجت برلائے
اوسوقت یہ کچھ ضرور نہیں کہ تمام عالم میں وہی شخص مستغیث ہو اور اوسی کی
فریادرسی اوسوقت فرماتے ہوں بلکہ ممکن ہے کہ ایک آن میں سو جگہ فریادی ہوں
اور سب کی فریادرسی حضور فرمائیں پھر ہم کہتے ہیں کہ جسکی شانِ اعظم صریح
نص قطعی قرآن سے یہ ثابت ہو کہ اونکا ہاتھ اللہ تعالی کا ہاتھ ہے تو ایسے
حضور کی حضوری آنِ واحد میں بلکہ ہزار جگہ ہزار مستغیث کی فریادرسی آن واحد ١٣٤
مین شبہ کیا یا انکار اوسنے حضور عالم صلی اللہ تعالے علیہ وسلم کا مرتبہ
نہ پہچانا رتبۂ حضور نہ جانا قرآن وحدیث کے معنی نہ سمجھا۔

تنبیہ نبیہ یہ جو ابن قیم کی کتاب الکبائر سے دو حکایتیں ثبت استغاثہ حضور عالم
صلی اللہ تعالی علیہ وسلم سے اور ثبت اطلاع خطرات قلبی پر میں نے نقل کیں صرف
اسواسطے کہ سابقاً میں لکھ چکا ہوں کہ مخالفین کے تصانیف میں تعارض و
تناقض۔ تخالف وتدافع ازپا تا سر ہے۔ اسکا پتا کچھ اس سے لگیگا اگرچہ جوابات
مفصلہ میں میں نے اسکا خاکہ کھینچکر دکھلا دیا ہے تاہم یہان اسی نقل سے
مشتے نمونہ کا سراغ ملیگا دیکھو اسی ابن قیم نے کتاب مذکور میں اثبات
توسل واستغاثہ کس دھوم دھام سے کیا ہے جسکی پھر دو حکایتیں میں۔

(باقی درپرچۂ آیندہ)

دوسرا فائدہ اس حدیث سے یہ معلوم ہوا کہ جو شخص ماں باپ دونونکو راضی رکھتا ہو اوسکا مرتبہ اللہ تعالی کے نزدیک اوس شخص سے بڑھا ہوا ہی جو فقط ایک کو خوش رکھتا ہی اسواسطے کہ دونون کو راضی رکھنے والے کے واسطے دو دروازے جنت کے کھولے جاتے ہین اور ایک کو راضی رکھنے والے کیواسطے ایک دروازہ کھولا جاتا ہی اور یہ اوس صورت مین ہی کہ ماں باپ مین سے ایک ہی زندہ ہو - اور جو دونون زندہ ہون پھر ایک کو راضی اور دوسرے کو ناراض رکھے تو بھی مستحق جنت نہوگا جب تک دونونکو خوشنود نہ کرلے تیسرا فائدہ اس حدیث سے یہ معلوم ہوا کہ ماں باپ کی خدمت جو اولاد پر فرض ہی وہ موقوف اونکے احسان پر نہین ہی کہ جب والدین احسان

9 کرین اولاد کے ساتھ اوسوقت اونکی خدمت اور اطاعت فرض ہو اور جب اولاد پر ظلم کرین تو مستحق خدمت نہ رہین بلکہ ماں باپ اگرچہ ظلم کرین اولاد پر تب بھی اولاد پر بدستور خدمت اور طاعتِ والدین فرض اور واجب اور لازم ہی چوتھا فائدہ اس حدیث سے یہ معلوم ہوا کہ جب ماں باپ اولاد پر احسان کرین اور اونکے ساتھ سلوک مناسب کا برتاؤ برتین تو اوسوقت اونکے واسطے استحقاق خدمت اور طاعت زیادہ ہوتا ہی اسواسطے کہ جسوقت ظلم کرنے پر بھی اونکو راضی رکھنا فرض ہوا اور اونکی ناراضی باوجود اونکے ظلم کے موجبِ دوزخ ہوئی تو بر تقدیر احسان و سلوک دوہرا حق اونکا ثابت ہوا ایک اصل حق دوسرا اونکے احسان کا اسلیے کہ سوائے ماں باپ کے جو شخص اجنبی اسکے ساتھ احسان کرے تو اوسکے بدلے مین اوسپر احسان لازم ہی هل جزاء الاحسان الا الاحسان تو ماں باپ کے احسان کا بدلہ بدرجہ اولی احسان ہوگا اور فرمایا جناب رسالتمآب صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ان الجنة یوجد

مخزن تحقیق

۱۳۱۵ھ

ملقب به

تحفۂ حنفیہ

یہ وہ مخزن تحقیق اے یار	نہیں کرتا تجاوز حق سے زنہار
رسالے میں نہیں تحفے کا ثانی	کہ لاثانی ہے یہ حق کی نشانی

یہی رسالہ وہ ہے جو میدان میں آکر اکیلا ہندوستان بھر کے بد مذہبوں کی خبر لیتا اور ناکون نون پر
قیامت برپا کر رہا ہے ہر مذہب کے سارے مسائل اسکو نیچا دکھایا۔ تائید سنت رد کفر و بدعت
اسکا منشا تحقیقات علمی اسکا حصہ ہر علم عقائد تفسیر حدیث فقہ کا چشمہ۔ تاریخی حالات
بزرگان دین کا خزانہ ہے۔ فی الحقیقت اسکے مضامین جمع ہو کر ہماسے سنت سنیوں کے حق میں سراسر
گلستین دین و ایمان کی حفاظت کرنیوالے بدمذہبوں سے بچانیوالے گمراہوں کے اوپر ابر برق اور شمشیر

باہتمام ابو المساکین ضیاء الدین عفا عنہ اللہ المعین وطن پیلی بھیت

[illegible]

پھر اسنے اپنی کتاب اغاثۃ اللہفان فی مصائد الشیطان میں کس منہ زوری سے انبیا اولیا اور
صالحین کو بدعتی اور مشرک بنایا پھر بیک دیکھنے سے رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں جو لوگ
اون دونون کتابونکا مطالعہ کریگا بے ساختہ اوسکے منہ سے نکلیگا آگ انہوں اونہوں ریا
اون سب تکلی۔ انکے استاد جی کا مزاج بھی تو ایسا ہی تھا پر گھڑی میں کچھ گھڑی میں کچھ اونکا آرام
رنگ کہیں پانی پسیری دم میں ادھر دم میں اودھر بقول مولوی وکیل احمد صاحب
جب ثبوت کے پیچھے پڑے تو منکرین کو روئی کیطرح دھنک کر چھوڑ دیا کافر و مشرک
کہنے میں بھی تامل نہ کیا جب انکار پر طبیعت آگئی تو وہ بے نقط سنائی کہ سننے والون کے
کان بہرے ہوگئے اگرچہ انکے تصانیف اہل حق کے نزدیک کاغذ ردی سے زیادہ وقعت
نہیں رکھتیں لیکن عوام کالانعام کی باگ پھیرنے کے لیے جادو کا اثر اونمیں ضرور رکھ
۱۳۵ سے منظر خیر خواہی اہل اسلام اہل سنت وجماعت میں نے اسپر تنبیہ مناسب جانکر
دو چار کلمے لکھ دیے تاکہ کوئی منصف طالب تحقیق دھوکے میں نہ آجائے انکے اقوال
سے عذر یہ نکالتے ہیں کہ ان اقوال میں تعارض وتخالف سے بوجہ عدم نظر غائر انکا کلام خالی نہ جانے
یہ لوگ آیت وحدیث ہی کیون نہ پیش کریں انکے ذہنی اختراعی معانی کو ہرگز نہ مانے
اور خوب یاد رکھنا چاہیے کہ انکے تالیفات میں ضرور تدافع وتخالف کا ظہور ہوگا۔
کتمان حق تو ادنیٰ سی بات ہے اور یہ امر کچھ انھیں متقدمین کا خاصہ لازمہ نہیں بلکہ متاخرین
مخالفین کے تصانیف کو بھی جب ہمنے دیکھا تو اونھیں کے قدم بقدم پایا ایک
اور کے نکالے ہوئے ایک ہی لاٹھی کے ہانکے ہوئے دیکھو کیون جاؤ مولوی اسمٰعیل دہلوی
اور نواب صدیق حسن خان بھوپالی کے تصانیف ملاحظہ کرلو تقویۃ الایمان میں
استعانت وتوسل کو شرک وکفر لکھا ہے ایضاح اور صراط مستقیم میں جا بجا مستحب

سلمی قدس سرہ فرمودہ کہ این سخن در مقام جمع ست وحق سبحانہ مرتبہ جمع را برائے
ہیچ کس تصریح نہ کردہ الابرائے آنکہ اخص واشرف موجودات ست ولهذا
السر یقول علیه السلام یوم القیامة امتی امتی دون نفسی نفسی لانه
لم یبق فیه لبقیة الوجود اصلا وفیه اسوة حسنة للکمل من افراد امته
فاعرف جدا فمعنی ید الله فوق ایدیهم ای قدرته الظاهرة فی صورة
قدرة النبی علیه السلام فوق قدرتهم الظاهرة فی صور ایدیهم
لانه مظهر الاسم الاعظم المحیط الجامع وکل الاسماء تحت حیطة
هذا الاسم الجلیل فید النبی صلی الله تعالی علیه وسلم مع غیره
کید السلطان مع ماسواه وهو ای قوله ید الله فوق ایدیهم زیادة
١٣٨ التصریح فی مقام عین الجمع لحصول هذا المعنی الاطلاقی مما قبله
والحاصل ان الله تعالی جعل نبیه صلی الله تعالی علیه وسلم مظهرا
کمالاته ومرآة لتجلیاته ولذا قال علیه السلام من رانی فقد رأی
الحق ولما فنی علیه السلام عن ذاته وصفاته وافعاله کان نائبا
عن الحق فی ذاته وصفاته وافعاله کما قیل ع نائب ست ودست اودست خداست
وفی المقام قال الحلاج انا الحق وابو یزید سبحانی ما اعظم شانی
وابو سعید الخراز لیس فی الجبة غیر الله قال الواسطی خبر الله بهذه
الآیة ان البشریة فی نبیه عاریة واضافة لا حقیقة یعنی فظاهره مخلوق

سلہ اسی مقام میں منصور نے انا الحق فرمایا اور ابویزید قدس سرہ نے سبحانی ما اعظم شانی فرمایا اور ابوسعید نے
فرمایا کہ میرے جبہ میں سوای خدا کے نہیں ہے واسطی نے فرمایا کہ اللہ تعالی نے اس آیت سے خبر دی ہے کہ بشریت اپنے نبی کریم
علیہ التحیۃ والتسلیم میں عاریت واضافت ہے نہ حقیقی یعنی ظاہر ان کا انسان ہے اور باطن ان کا حق ہے۔

سلمی قدس سرہ فرمودہ کہ این سخن در مقام جمع ست و حق سبحانہ مرتبۂ جمع را برای
ہیچ کس تصریح نہ کردہ الا برای آنکہ اخص و اشرف موجودات ست ولہٰذا
السر یقول علیہ السلام یوم القیامۃ امتی امتی دون نفسی نفسی لانہ
لم یبق فیہ بقیۃ الوجود اصلا وفیہ اسوۃ حسنۃ للکمل من افراد امتہ
فاعرف جدا فمعنی ید اللہ فوق ایدیھم ای قدرتہ الظاھرۃ فی صورۃ
قدرۃ النبی علیہ السلام فوق قدرتھم الظاھرۃ فی صور ایدیھم
لانہ مظھر الاسم الاعظم المحیط الجامع وکل الاسماء تحت حیطۃ
ھذا الاسم الجلیل فید النبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم مع غیرہ
کید السلطان مع ماسواہ وھو ای قولہ ید اللہ فوق ایدیھم زیادۃ
التصریح فی مقام عین الجمع لحصول ھذا المعنی الاطلاقی مما قبلہ ١٣٨
والحاصل ان اللہ تعالی جعل نبیہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم مظھرا
لکمالاتہ ومرآۃ لتجلیاتہ ولذا قال علیہ السلام من رأنی فقد رأی
الحق ولما فنی علیہ السلام عن ذاتہ وصفاتہ وافعالہ کان نائبا
عن الحق فی ذاتہ وصفاتہ وافعالہ کما قیل ؎ نائب ہست و دست او دست خداست
وفی المقام قال الحلاج انا الحق وابو یزید سبحانی ما اعظم شانی
وابو سعید الخراز لیس فی الجبۃ غیر اللہ قال الواسطی خبر اللہ بھذہ
الآیۃ ان البشریۃ فی نبیہ عاریۃ واضافۃ لا حقیقۃ یعنی فظاھرہ مخلوق

ملہ اسی مقام میں منصور نے انا الحق فرمایا اور ابو یزید قدس سرہ نے سبحانی ما اعظم شانی فرمایا اور ابو سعید نے
فرمایا کہ میرے جبہ میں سوای خدا کے نہیں ہے واسطی نے فرمایا کہ اللہ تعالی نے اس آیت سے خبر دی ہے کہ بشریت اپنے نبی کریم
علیہ التحیۃ والتسلیم میں عاریت و اضافت ہے نہ حقیقی یعنی ظاہر ان کا انسان ہے اور باطن ان کا حق ہے ۱۲-

ویا طنہ حق انتہی کیا خوب کہا ہے کسی عارف نے ۵

لو جئت لن تلقیٰ الا الوجہ مصورۃ | صورا لیس لا تنطق ولا تسأل

دلیل ایک سو چھتیس کسی عاقل انصاف پسند کو اس میں کلام نہیں کہ کمالات کا انتہا علم و
قدرت سے ہوتا ہے جسکو یہ دو وصف کامل طور پر عطا ہونگے اوس سے سب کمالات مثل
تصرف فی العالم اور فریادرسی فریاد خواہ او ہر جگہ حاضر و ناظر ہونا اور اطلاع علیٰ جمیع
ما خلق کل شی ممکن اور واقع ہونگے اور حضور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں بہت سی آیات
قرآن سے ان دونوں وصف کا تحقق اور علی سبیل الاتصاف ثابت ہو چکا ہے [illegible] علم
بالغیب کے ثبوت کا حال یہ ہے کہ سیکڑوں آیتوں سے ثابت ہوا اور کہیں میں انزلنا علیک
الکتٰب تبیانا لکل شی الخ بس ہر لوح محفوظ میں کل صغیر و کبیر مستطر ولا رطب
١٣٩ ولا یابس الا فی کتٰب مبین وہ حضور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علم کا ایک قطرہ
چنانچہ بیان اسکا سابق ہو چکا غرض علم غیب کا ثبوت جمیع علمائے [illegible] ہوتی ہے تصرف کے
ثبوت کیواسطے آیۂ کریمہ ید اللہ فوق ایدیہم [illegible] ثابت ہے حضور عالم صلی
تعالیٰ علیہ وسلم کی حضوری میں جو آن واحد میں چند ہا ہو کلام [illegible] قتل و انفس کو سلام کرنا ہو
دلیل ایک سو سینتیس حصن حصین میں ہے اذا انفلتت دابۃ احدکم فلیناد اعینوا
یا عباد اللہ جب تمہاری سواری بے اختیار ہو جائے تو اعینوا یا عباد اللہ کہو
یعنی بندگان الٰہی سے استغاثہ و استعانت کرو نیز اسمیں ہے و ان اراد عونا فلیقل یا عباد اللہ اعینونی
یا عباد اللہ اعینونی یا عباد اللہ اعینونی یعنی جب کوئی مدد چاہے تو اس طرح کہے کیونکہ اللہ کے بندے ہیں جو دیکھتے نہیں

۵ سب چھوٹی بڑی چیز لوح محفوظ میں مرقوم ہے اور کوئی تر اور خشک نہیں مگر لوح محفوظ
میں موجود ہے از مولانا مولوی عظیم الدین صاحب اسلام آبادی دام فیضہ القوی۔

جمع الجوامع مین ابو یعلی اور طبرانی سے منقول باین لفظ اذا[۱] انفلتت دابة احدکم
بارض فلاة فلیناد یا عباد الله احبسوا علی یا عباد الله احبسوا علی فان لله
فی الارض حاضرا یحبسه علیکم اور طبرانی کی ایک روایت مین یون ہے[۲] واذا
ضل احدکم شیئا او اراد غوثا وھو بارض لیس بھا انیس فلیقل یا عباد
الله اعینونی یا عباد الله اعینونی فان لله عبادا لا یراھم جامع الصغیر شرح
حصن حصین مین مرقوم ہے ھذا حدیث حسن مسند بزار مین ابن عباس رضی الله
تعالی عنہ سے یہ حدیث مرفوعا مروی حافظ ہیثمی نے مجمع الزوائد مین اسکو نقل کر کے
لکھا ورجاله ثقات حافظ ابن حجر عسقلانی نے زوائد بزار مین اسکی تحسین کی ابن
ابی شیبہ نے اپنے مصنف مین عبد الله بن عباس رضی الله تعالی سے روایت کیا
۱۴۰ طبرانی نے معجم کبیر مین عتبہ بن غزوان رضی الله تعالی عنہ سے ابن سنی نے عبد الله بن
مسعود رضی الله تعالی عنہ سے مرفوعا روایت کیا امام نووی حافظ جلال الدین سیوطی
حافظ جزری ملا علی قاری وغیرہم نے اس حدیث کا قابل احتجاج ہونا تسلیم کیا ہے
در الثمین شرح حصن حصین ملا علی قاری مین اسطرح واقع رو السنی عن ابن مسعود
مرفوعا اذا انفلتت دابة احدکم بارض فلاة فلیناد یا عباد الله احبسوا
فان لله تعالی عبادا فی الارض تحبسه جب اس حدیث کی صحت اور قابلیت احتجاج

[۱] جب تمسے کسی کا جانور جنگل مین گم جائے تو چاہیے کہ یون پکارے کہ ای الله تعالی کے بندو میرے
روکو ای الله کے بندو میرے واسطے اوسکو روکو ای الله کے بندو میرے واسطے اوسکو روکو تو بیشک الله کے
بندے زمین مین حاضر ہین وہ اوسکو روکینگے تمکو مل جائیگا [۲] جب کوئی کسی چیز کو گمادے اور مدد کا ارادہ
کرے کسی مددگار سے اور اوسکا وہانپر کوئی دوست واشنا نہو تو اسطرح کہے کہ ای الله کے بندو میری مدد
کرو ای الله کے بندو میری مدد کرو ای الله کے بندو میری مدد کرو کیونکہ الله تعالی کے ایسے بندے ہین کہ اونکو کوئی نہین دیکھتا

معلوم ہو گئی تو ہم کہتے ہین کہ یہ حدیث ابدالان الٰہی کی شان وصال مین وارد ہو اور انکی
قطعیت وجود ابدال پر استدلال کیا گیا ہو اور چونکہ وجود ابدالان و دیگر اہل مناصب
محققین کے نزدیک مقطوع اور متیقن ہو یہانتک کہ امام جلال الدین سیوطی نے
اس بارے مین خاص ایک رسالہ تصنیف کیا ہو جسمین وجود ابدال و اوتاد و قطب
وغیرہم کا اثبات احادیث و روایات مختلف و طرق متعددہ سے کرکے اوسکا نام
الخبر الدال علی وجود القطب والاوتاد والنجباء والابدال رکھا ہو اور محققین نے
اسکو سند مین ذکر کیا ہو لہٰذا نہ اسکے قابل تمسک ہونے مین کوئی شبہہ نہ وجود ابدال
و قطب مین کوئی شک اصلا بلکہ تذکرۃ الموضوعات مین اس حدیث کو لکھکر کہا ھو
صحیح وان شئت قلت متواتر یقطع بوجود الابدال ضرورۃ اور ابدالان الٰہی
١٣٦ کا حال سابقاً مین لکھ چکا ہون کہ ایک وقت مین چند جا موجود ہوتے مین اور جب
ایک جگہ سے دوسری جگہ جاتے ہین اپنی صورت کے مماثل وہان چھوڑ جاتے ہین حضرت علی
کرم اللہ تعالی وجہہ کے پاس اہل شام کا ذکر آیا لوگون نے کہا یا امیر المومنین ان
لوگون پر لعنت بھیجیے آپ نے فرمایا نہین ہمنے رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم سے
سنا ہو کہ ابدال شام مین ہین وہ چالیس آدمی ہین جب ونمین کا کوئی شخص مرتا ہو دوسرا شخص
قائم مقام کیا جاتا ہو انھین کے سبب سے پانی برستا ہو دشمنون پر فتح ہوتی ہو اہل شام پر عذاب
نہین آتا عن شریح بن عبید قال ذکر اھل الشام عند علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالی عنہ وھو
بالعراق فقالوا العنھم یا امیر المؤمنین قال لا سمعت رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم
یقول الابدال بالشام وھم اربعون رجلا کلما مات رجل ابدل اللہ مکانہ رجلا یسقی
بھم الغیث وینصر بھم علی الاعداء ویصرف عن اھل الشام بھم العذاب

اگرچہ تعداد اور محل سکونت مین ابدالونکے روایات مختلف وارد ہین اور بعض روایات مین بعض
طرق سے ضعف ہو مگر کثرت روایات اور اکثر کی صحت اس بات پر قطعًا دال ہو کہ اونکی اصل
ضرور ہو قطع نظر اس امر کے کہ مناقب اور فضائل مین ضعیف حدیث کا محتج بہ ہونا متفق علیہ
اور مجمع علیہ ہو کما تقرر فی مقرہٖ ایک روایت حضرت امیر المومنین اسد اللہ کرم اللہ
وجہہ سے اس طور ہو کہ مین نے آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم سے پوچھا تو حضور نے
فرمایا ھم ستون رجلاً حضرت انس رضی اللہ تعالی عنہ سے بایں طور کہ الابدال اربعون
رجلاً واربعون امرأۃ کلما مات رجل ابدل اللہ مکانہ رجلا وکلما مات
امرأۃ ابدل اللہ مکانہا امرأۃ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنہما سے
عن النبی صلے اللہ تعالی علیہ وسلم قال خیار امتی فی کل قرن خمس مائۃ
۱۴۲ والابدال اربعون فلا الخمسمائۃ ینقصون ولا الاربعون کلما مات رجل ابدل
اللہ من الخمسمائۃ مکانہ وادخل من الاربعین مکانہم قال یا رسول اللہ دلنا علی اعمالہم
قال یعفون عن ظلمهم ویحسنون الی من اساء الیهم ویتواسون فیما اٰتاھم اللہ
حضرت ابن اسود سے الابدال سبعون فستون بالشام وعشرۃ بسائر
الارض واخرج ابن عساکر والخطیب من طریق عبد اللہ بن محمد قال
سمعت الکنانی یقول النقباء ثلثمائۃ والنجباء سبعون والبدلاء اربعون
والاخیار سبعۃ والعمد اربعۃ والغوث واحد فمسکن النقباء المغرب
ومسکن النجباء المصر والعمد فی زوایا الارض ومسکن الغوث بمکۃ فاذا
عرضت الحاجۃ من العامۃ ابتهل فیها النقباء ثم النجباء ثم الابدال ثم الاخیار ثم العمد
فان اجیبوا والا ابتهل الغوث فلا تتم مسألتہ حتی یجاب دعوتہ

فہرست مضامین تحفہ حنفیہ

حال مضامین	اسمای گرامی صاحبان مضامین	نشان صفحہ
امکان کذب باری تعالی کے بطلان پر دلائل قاہرہ محققہ قائل کے ساتھ رجوع کا بیان۔ امام وہابیہ کے رد کی نفیس تمہید نصیحت آمیز اور اوسکا معتزلی پن۔	حضرت مجدد مائۃ حاضرہ فاضل بریلوی مدظلہ العالی۔	۱
ماں باپ کو سخت سست کہنے اونکو گالی دینے کے قبائح اور اونکے ادب و اطاعت کرنیکے مدائح۔	حضرت مولانا مولوی شاہ محمد سلامت اللہ صاحب رامپوری ام فیضہ القوی	۹
ابدال کے سبب سے فریاد رسی ہوتی ہے اونھین کے سبب سے رزق ملتا اور مینہ برستا اور زمین پر بلا کا نزول نہین ہوتا ہے۔ قاضی شوکانی کی بیہودہ گوئی اور اوسکا جواب نفیس اور ان سب امور کے ذکر سے اثبات تشریف آوری حضور پرنور علیہ الصلاۃ والسلام کا ایک وقت مین متعدد جگہ۔	ایضاً دامت برکاتہم۔	۱۷
روافض کے مزخرفات و خرافات کے دندان شکن جوابات اونھین کے کتب معتبرہ سے	جناب مولوی سید فرید محسن صاحب ساکن اجھوا ضلع الہ آباد زید فیضہم	۲۵
رسالہ منظومہ وہابیہ کا جواب باصواب اور اسی ضمن مین گنگوہی صاحب کے اوس فتوے کا رد جسمین اونھون نے میلاد شریف و قیام تعظیمی کو حرام تک قرار دیا ہے۔	ابو المساکین ضیاء الدین مہتمم تحفہ عفی عنہ۔	۳۳
طلبہ مدرسہ اہل سنت پٹنہ کا نتیجہ امتحان و دیگر امور ضروری متعلق مدرسہ جلسہ افتتاح دار الطعام کا حال۔	جناب قاضی عبد الوحید صاحب مہتمم مدرسہ بدر کدہ دام فیضہ	۴۱

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے الابدال فی ھٰذہ الامۃ
ثلثون مثل ابراھیم خلیل الرحمٰن کلما مات رجل ابدل اللہ مکانہ رجلا اخر
طبرانی میں سے مروی ہے الابدال فی امتی ثلثون رجلا بھم تقوم الارض و
بھم یمطرون و بھم ینصرون پھر حضرت عبادہ بعد نقل اس حدیث کے
رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے فرماتے ہیں انی ارجوان یکون الحسن
منھم حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یون روایت ہے عن النبی
صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال لن تخلو الارض عن ثلثین مثل ابراھیم
خلیل الرحمٰن بھم تغاثون وبھم ترزقون وبھم تمطرون حضرت عبداللہ
بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے کہ بعد حضرت نوح علیہ السلام کے ہمیشہ سات
١۴٣ آدمی زمین پر رہتے ہیں جنکے سبب سے اللہ تعالیٰ زمین پر بلا نازل نہیں فرماتا ماخلت
الارض من بعد نوح من سبعۃ یدفع اللہ بھم عن اھل الارض حضرت
عبداللہ بن عمر سے لایزال اربعون رجلا یحفظ اللہ بھم الارض کلما مات
رجل ابدل اللہ مکانہ أخرو ھم فی الارض کلھا حضرت ابوالدرداء رضی اللہ
تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ انبیا علیہم الصلاۃ والسلام زمین کے اوتاد تھے جب سلسلہ
نبوت کا حضرت خاتم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تشریف آوری سے منقطع ہوگیا اللہ تعالیٰ
نے امت محمدیہ سے اونکے قائم مقام بنائے اونھین ابدال کہتے ہین وہ کچھ نماز روزہ
تسبیح کے بدولت اس رتبہ کو نہین پہونچے بلکہ حسن خلق صدق ورع حسن نیت
سلامتی قلب ونصیحت کے سبب سے ان الانبیاء کانوا اوتاد الارض فلما
انقطعت النبوۃ ابدل اللہ مکانھم قوما من امۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم

وقال ابو عمر لا يأتي الى الامر بما يعد ولو الناس بكثرة صوم ولا صلاة ولا تسبيح ولكن
بحسن الخلق وبصدق الورع وحسن النية وسلامة قلوبهم والنصيحة
لجميع المسلمين حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالی عنہ سے اصلاً مروی
البدلاء اربعون اثنان وعشرون بالشام وثمانية عشر بالعراق كلما مات
واحد ابدل الله مكانه آخر فاذا جاء الامر قبضوا كلهم فعند ذلك تقوم
الساعة مجموعہ ان روایات سے واضح ہو کہ ابدال سے عالم کے نظام و انتظام
کا تعلق اونسے وابستہ رکھا ہے اونھیں کی وجہ سے مینہ برستا ہے اونھیں کی بدولت
مخلوق کو رزق ملتا ہے اونھیں کی مدد سے دشمنوں پر فتح حاصل ہوتی ہے اونھیں کے
طفیل سے عالم سے بلا دفع ہوتی ہے مصیبت کے وقت اونسے استغاثہ و فریاد
کرنے سے اونکا فضل شامل حال سب کے شریک ہوتا ہے تمام زمین میں وہ گشت کرتے اور ۱۴۴
فریاد رسی خلق کے موجود ہیں وہ خود کچھ مستقل نہیں بلکہ تحت قبضۂ قدرت و نیابت
حضرت ختم رسالت ہیں جسطرح حضور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نائب مطلق حق تعالی
کے ہیں اسیطرح وہ نائبین حضور ہیں جبتک وہ زندہ ہیں قیامت نہیں آئیگی جب یہ
سب کے سب مر جائینگے قیامت قائم ہو جائیگی کما ہو المستفاد یافعی سے میں سابقا
نقل کرتا اذا اغاثوا استبدال فی مکانهم صور روحانية ... العرض جب
ابدال کے اوصاف کمال ایسے ہوئے کہ اونکو پکارنا مصیبت کیوقت یا عباد اللہ
اعینونی کے ساتھ خود حضور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے تعلیم فرمایا اور وہ فریاد رس
ومدبر و ناظم خلق کے اور دافع البلا اور ناصر علی الاعداء ٹھہرے تو حضور عالم صلی اللہ
تعالی علیہ وسلم کا اتصاف باین کمالات یقیناً بطریق اعلی اور بوجہ اولی اعتقاد کرنا چاہیے

اور مجمع ہو جا ان کمالات وصفات کے ایک وقت مین اپنی روحانیت سے چند جا موجود
ہو سکے مین زندگی مین اور نیز مرنے پر ارواح کاملین کے حضور روحانیہ کا تعدد مسلم ہو قر
تو پھر حضور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی نسبت اسطرح کا حضور آن واحد مین ہو اضع
متکاثرہ ومجالس کثیر متعددہ مین کیون غیر متصور **دلیل ایک سو چھتیس** علامہ بوصیری
صاحب قصیدہ بردہ رحمۃ اللہ تعالی علیہ کی حکایت مشہور ہے کہ اون پر اتفاقًا ایسے وقت
فالج گرا کہ وہ ایک جنگل مین تھے کوئی رفیق ومعاون نہ تھا اوسی حالت مین یہ قصیدہ تصنیف
کیا جب قصیدہ تمام ہو گیا خداوند کریم کو سجدہ کیا اور حضور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم
کی بارگاہ عالم پناہ مین حضور کیطرف متوجہ ہو کر بنہایت تضرع اور استغاثہ سے یہ پڑھا ہ

یا اکرم الخلق مالی من الوذبہ	سواک عند حلول الحادث العمم

پھر پورا قصیدہ پڑھکر سو گئے دیکھتے کیا ہین کہ حضور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم ۱۴۵
کمال عنایت وتلطف سے انکے جسم پر ہاتھ پھیرتے ہین جب خواب سے بیدار ہوئے
اپنے آپ کو اچھا خاصہ چنگا پایا جسوقت علامہ مسطور نے حضور سے استغاثہ
کیا تھا اور حضور نے دست مبارک پھیر کر اونکو نوازا تھا اوس آن مین سوائے
اسی کرم کے اور کام تمام عالم مین سے حضور کے متعلق جو عالم برزخ مین ہین نہ تھے
اسپر کوئی برہان نہین ومن ادعی فعلیہ البیان اور ہمارے واسطے صرف
اتنا کافی ہے کہ عالم برزخ مین حضور کے متعلق بہت سے کام اور بہت سے اشغال
ہین منجملہ اونکے صالحین کے جنازون مین رونق افروز ہونا ہے اور تمام امت کے
اعمال نیک وبد مین نظر کرنا اور امثال اسکے کما اسبقنا فیما اسلفنا ہان اس وقت
مجھے قاضی شوکانی کی تقریر کافی خوب یاد آئی کان لگا کر چوکنا ہو کر سننا چاہیے

اپنی کتاب در النضید فی اخلاص کلمۃ التوحید مین لکھت کرتے ہین
کہ قصیدہ بردہ والے نے یہ کلام سراسر مخالف کتاب اللہ و سنت رسول اللہ
کے کہا ہے کیونکہ انھون نے کل ملاذ کی نفی کی ہے سوا ے آنحضرت صلی اللہ تعالی
علیہ وسلم کے خدا کو بھی بھول گئے ایسا استغاثہ محض تو سوای اللہ تعالی کے اور کسی سے
جائز نہین خواہ کوئی مردہ ہو خاصکر جو سیکڑون برس سے خاک مین ملگیا مٹی مین
دبا ہوا ہے ووقع من کثیر من ھذہ الامۃ من الغلو المنھی عنہ المخالف
